اعمال ماہ رمضان

اس کتاب کو طبع کرنے کا مقصد یہ ہے کہ اس میں عربی عبارت کو چھوٹے جملوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے اور ترجمہ بالکل ساتھ ہی دیدیا گیا ہے تاکہ قاری کو سورے اور دعائیں پڑھتے وقت سمجھنے میں آسانی ہو

برائے ایصال ثواب

التماس برائے سورۂ فاتحہ

فاطمہ بائی مامدانی ، مہدی رضا مامدانی

محمد رضا مامدانی ، رمضان علی مامدانی

کلثوم بائی اور دیگر مرحومین

ماہ رجب ۱۴۳۴ھ

دعاء استقبال ماہ رمضان

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هَدَانَا لِحَمْدِهٖ ،

تمام تعریف اس اللہ کے لیے ہے جس نے اپنی حمد و سپاس کی طرف ہماری رہنمائی کی

وَ جَعَلَنَا مِنْ اَهْلِهٖ ، لِنَكُوْنَ لِاِحْسَانِهٖ مِنَ الشّٰاكِرِیْنَ ،

اور ہمیں حمد گزاروں میں سے قرار دیا تاکہ ہم اسکے احسانات پر شکر کرنے والوں میں محسوب ہوں

وَ لِیَجْزِیَنَا عَلٰی ذٰلِكَ جَزَآءَ الْمُحْسِنِیْنَ.

اور ہمیں اس شکر کے بدلہ میں نیکو کاروں کا اجر دے

وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ حَبَانَا بِدِیْنِهٖ ، وَ اخْتَصَّنَا بِمِلَّتِهٖ ،

اس اللہ کے لیے حمد ہے جس نے ہمیں اپنا دین عطا کیا اور اپنی ملت میں سے قرار دے کر امتیاز بخشا

وَ سَبَّلَنَا فِیْ سُبُلِ اِحْسَانِهٖ ، لِنَسْلُكَهَا بِمَنِّهٖ اِلٰی رِضْوَانِهٖ ،

اور اپنے احسان کی راہوں پر چلایا تاکہ ہم اسکے فضل سے ان پر چل کر اس کی خوشنودی تک پہنچیں

حَمْدًا یَّتَقَبَّلُهٗ مِنَّا ، وَ یَرْضٰی بِهٖ عَنَّا.

ایسی حمد جسے وہ قبول فرمائے اور جس کی وجہ سے ہم سے وہ راضی ہو جائے۔

وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَ مِنْ تِلْكَ السُّبُلِ شَهْرَهٗ شَهْرَ رَمَضَانَ ،

تمام تعریف اس اللہ کے لیے ہے جس نے ایک راستہ اپنے مہینہ کو قرار دیا یعنی رمضان کا مہینہ ،

شَهْرَ الصِّیَامِ ، وَ شَهْرَ الْاِسْلَامِ ، وَ شَهْرَ الطَّهُوْرِ ،

صیام کا مہینہ ، اسلام کا مہینہ ، پاکیزگی کا مہینہ

وَ شَهْرَ التَّمْحِیْصِ ، وَ شَهْرَ الْقِیَامِ ،

تصیفہ کا مہینہ ، عبادت و قیام کا مہینہ۔

اَلَّذِیْ اُنْزِلَ فِیْهِ الْقُرْاٰنُ ، هُدًی لِّلنَّاسِ

وہ مہینہ جس میں قرآن نازل ہوا جو لوگوں کے لیے رہنما ہے ہدایت

وَ بَیِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰی وَ الْفُرْقَانِ ،

اور حق و باطل کے امتیاز کی روشن صداقتیں رکھتا ہے

فَاَبَانَ فَضِیْلَتَهٗ عَلٰی سَآئِرِ الشُّهُوْرِ

چنانچہ تمام مہینوں پر اس کی فضلیت وبرتری کو آشکار کیا

بِمَا جَعَلَ لَهٗ مِنَ الْحُرُمَاتِ الْمَوْفُوْرَةِ وَ الْفَضَآئِلِ الْمَشْهُوْرَةِ،

ان فراواں عزتوں اور نمایاں کی وجہ سے جو اس کے لیے

فَحَرَّمَ فِیْهِ مَا اَحَلَّ فِیْ غَیْرِهٖ اِعْظَاماً،

جو چیزیں دوسرے مہینوں میں جائز کی تھیں اس میں حرام کر دیں

وَ حَجَرَ فِیْهِ الْمَطَاعِمَ وَ الْمَشَارِبَ اِكْرَاماً،

اور اس کے احترام کے پیش نظر کھانے پینے کی چیزوں سے منع کر دیا

وَ جَعَلَ لَهٗ وَقْتاً بَیِّناً لَّا یُجِیْزُ جَلَّ وَ عَزَّ

اور ایک واضع زمانہ اس کے لیے معین کر دیا خدائے بزرگ وبرتر یہ اجازت نہیں دیتا

اَنْ یُّقَدَّمَ قَبْلَهٗ، وَ لَا یَقْبَلُ اَنْ یُّؤَخَّرَ عَنْهُ

کہ اسے اس کے معینہ وقت سے آگے بڑھا دیا جائے اور نہ یہ قبول کرتا ہے کہ اس سے موخر کر دیا جائے

ثُمَّ فَضَّلَ لَیْلَةً وَّاحِدَةً مِّنْ لَیَالِیْهِ عَلٰی لَیَالِیْ اَلْفِ شَهْرٍ،

پھر یہ کہ اس کی راتوں میں سے ایک رات کو ہزار مہینوں کی راتوں پر فضلیت دی

وَّ سَمَّاهَا لَیْلَةَ الْقَدْرِ، تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَ الرُّوْحُ

اور اس کا نام شب قدر رکھا۔ اس رات میں فرشتے اور روح القدس نازل ہوتے ہیں

فِیْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ،

ہر اس امر کے ساتھ جو اس کا قطعی فیصلہ ہوتا ہے

سَلَامٌ، دَآئِمُ الْبَرَكَةِ اِلٰی طُلُوْعِ الْفَجْرِ

وہ رات سراسر سلامتی کی رات ہے جس کی برکت طلوع فجر تک دائم وبرقرار ہے

عَلٰی مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ بِمَا اَحْكَمَ مِنْ قَضَآئِهٖ.

اس کے بندوں میں سے جس پر وہ چاہتا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ، وَ اَلْهِمْنَا مَعْرِفَةَ فَضْلِهٖ

اے اللہ محمد اور ان کی آل پر رحمت فرما اور ہمیں ہدایت فرما کہ ہم اس مہینہ کے شرف کو پہچانیں

وَ اِجْلَالَ حُرْمَتِهٖ، وَ التَّحَفُّظَ مِمَّا حَظَرْتَ فِيْهِ،

اس کی عزت و حرمت کو بلند جانیں اور اس میں ان چیزوں سے جن سے تو نے منع کیا ہے اجتناب کریں

وَ اَعِنَّا عَلٰى صِيَامِهٖ بِكَفِّ الْجَوَارِحِ عَنْ مَّعَاصِيْكَ،

اس کے روزے رکھنے میں ہمارے اعضاء کو نافرمانیوں سے روکنے

وَ اسْتِعْمَالِهَا فِيْهِ بِمَا يُرْضِيْكَ،

اور ان کاموں میں مصروف رکھنے سے جو تیری خوشنودی کا باعث ہوں

حَتّٰى لَا نُصْغِيَ بِاَسْمَاعِنَا اِلٰى لَغْوٍ، وَّ لَا نُسْرِعَ بِاَبْصَارِنَا اِلٰى لَهْوٍ،

ہماری اعانت فرما، کہ ہم نہ بیہودہ باتوں کی طرف کان لگائیں ، نہ فضول چیزوں کی طرف نگاہ اٹھائیں

وَّ حَتّٰى لَا نَبْسُطَ اَيْدِيَنَا اِلٰى مَحْظُوْرٍ، وَّ لَا نَخْطُوَ بِاَقْدَامِنَا اِلٰى مَحْجُوْرٍ،

نہ حرام کی طرف ہاتھ بڑھائیں نہ امر ممنوع کی طرف پیش قدمی کریں

وَّ حَتّٰى لَا تَعِيَ بُطُوْنُنَا اِلَّا مَا اَحْلَلْتَ،

نہ تیری حلال کی ہوئی چیزوں کے علاوہ کسی چیز کو ہمارے شکم قبول کریں

وَ لَا تَنْطِقَ اَلْسِنَتُنَا اِلَّا بِمَا مَثَّلْتَ،

اور نہ تیری بیان کی ہوئی باتوں کے سوا ہماری زبانیں گویا ہوں

وَ لَا نَتَكَلَّفَ اِلَّا مَا يُدْنِيْ مِنْ ثَوَابِكَ،

صرف ان چیزوں کے بجالانے کا بار اٹھائیں جو تیرے ثواب سے قریب کریں

وَ لَا نَتَعَاطٰى اِلَّا الَّذِيْ يَقِيْ مِنْ عِقَابِكَ،

اور صرف ان کاموں کو انجام دیں جو تیرے عذاب سے بچالے جائیں

ثُمَّ خَلِّصْ ذٰلِكَ كُلَّهٗ مِنْ رِئَاءِ الْمُرَائِيْنَ، وَ سُمْعَةِ الْمُسْمِعِيْنَ،

پھر ان تمام اعمال کو ریاکاروں کی ریاکاری اور شہرت پسندوں کی شہرت پسندی سے پاک کردے

لَا نُشْرِكُ فِيْهِ اَحَدًا دُوْنَكَ، وَ لَا نَبْتَغِيْ فِيْهِ مُرَادًا سِوَاكَ.

اس طرح کے تیرے علاوہ کسی کو ان میں شریک نہ کریں اور تیرے سوا کسی سے کوئی مطلب نہ رکھیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ،

اے اللہ! محمد اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما

وَ قِفْنَا فِيهِ عَلٰى مَوَاقِيتِ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ بِحُدُودِهَا الَّتِيْ حَدَّدْتَ،

اور ہمیں اس میں نمازہائے پنجگانہ کے اوقات سے ان حدود کے ساتھ جو تو نے معین کیے ہیں

وَ فُرُوضِهَا الَّتِيْ فَرَضْتَ، وَ وَظَائِفِهَا الَّتِيْ وَظَّفْتَ،

ان واجبات کے ساتھ جو تو نے عائد کیے ہیں اور ان آداب کے ساتھ جو تو نے قرار دیئے ہیں

وَ أَوْقَاتِهَا الَّتِيْ وَقَّتَّ،

اور ان لمحات کے ساتھ جو تو نے مقرر کئے ہیں آگاہ فرما

وَ أَنْزِلْنَا فِيهَا مَنْزِلَةَ الْمُصِيبِينَ لِمَنَازِلِهَا،

اور ہمیں ان نمازوں میں ان لوگوں کے مرتبہ پر فائز کر جو ان نمازوں کے درجات عالیہ حاصل کرنے والے

اَلْحَافِظِينَ لِأَرْكَانِهَا، اَلْمُؤَدِّينَ لَهَا فِيْ أَوْقَاتِهَا

ان کے واجبات کی نگہداشت کرنے والے اور انہیں ان کے اوقات میں

عَلٰى مَا سَنَّهُ عَبْدُكَ وَ رَسُولُكَ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَ اٰلِهِ

اسی طریقہ پر جو تیرے عبد خاص اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

فِيْ رُكُوعِهَا وَ سُجُودِهَا وَ جَمِيعِ فَوَاضِلِهَا

رکوع و سجود اور ان کے تمام فضلیت وبرتری کے پہلوؤں میں جاری کیا تھا

عَلٰى أَتَمِّ الطَّهُورِ وَ أَسْبَغِهِ، وَ أَبْيَنِ الْخُشُوعِ وَ أَبْلَغِهِ،

کامل اور پوری پاکیزگی اور نمایاں ومکمل خشوع وفروتنی کے ساتھ ادا کرنے والے ہیں

وَ وَفِّقْنَا فِيهِ لِأَنْ نَصِلَ أَرْحَامَنَا بِالْبِرِّ وَ الصِّلَةِ،

اور ہمیں اس مہینہ میں توفیق دے کہ نیکی واحسان کے ذریعہ عزیزوں کے ساتھ صلہ رحمی

وَ أَنْ نَتَعَاهَدَ جِيرَانَنَا بِالْإِفْضَالِ وَ الْعَطِيَّةِ،

اور انعام وبخشش سے ہمسایوں کی خبر گیری کریں

وَ أَنْ نُخَلِّصَ أَمْوَالَنَا مِنَ التَّبِعَاتِ،

اور اپنے اموال کو مظلوموں سے پاک وصاف کریں

وَ أَنْ نُطَهِّرَهَا بِإِخْرَاجِ الزَّكَوَاتِ،

اور زکوۃ دے کر انہیں پاکیزہ وطیب بنالیں

وَ اَنْ نُرَاجِعَ مَنْ هَاجَرَنَا،

اور یہ کہ جو ہم سے علیحدگی اختیار کرے اس کی طرف دست مصالحت بڑھائیں

وَ اَنْ نُنْصِفَ مَنْ ظَلَمَنَا، وَ اَنْ نُسَالِمَ مَنْ عَادَانَا

جو ہم پر ظلم کرے اس سے انصاف برتیں۔ جو ہم سے دشمنی کرے اس سے صلح وصفائی کریں،

حَاشٰی مَنْ عُوْدِیَ فِیْكَ، وَ لَكَ

سوائے اس کے جس سے تیرے لیے اور تیری خاطر دشمنی کی گئی ہو

فَاِنَّهُ الْعَدُوُّ الَّذِیْ لَا نُوَالِیْهِ

کیونکہ وہ ایسا دشمن ہے جسے ہم دوست نہیں رکھ سکتے

وَ الْحِزْبُ الَّذِیْ لَا نُصَافِیْهِ،

اور ایسے گروہ کا (فرد) ہے جس سے ہم صاف نہیں ہو سکتے

وَ اَنْ نَتَقَرَّبَ اِلَیْكَ فِیْهِ مِنَ الْاَعْمَالِ الزَّاكِیَةِ

ہمیں اس مہینہ میں ایسے پاک وپاکیزہ اعمال کے وسیلہ سے تقرب حاصل کرنے کی توفیق دے

بِمَا تُطَهِّرُنَا بِهٖ مِنَ الذُّنُوْبِ،

جن کے ذریعہ تو ہمیں گناہوں سے پاک کر دے

وَ تَعْصِمُنَا فِیْهِ مِمَّا نَسْتَاْنِفُ مِنَ الْعُیُوْبِ،

اور از سر نو برائیوں کے ارتکاب سے بچا

حَتّٰی لَا یُوْرِدَ عَلَیْكَ اَحَدٌ مِنْ مَّلَائِكَتِكَ

یہاں تک کہ فرشتے تیری بارگاہ میں جو اعمال نامے پیش کریں

اِلَّا دُوْنَ مَا نُوْرِدُ مِنْ اَبْوَابِ الطَّاعَةِ لَكَ، وَ اَنْوَاعِ الْقُرْبَةِ اِلَیْكَ

وہ ہماری ہر قسم کی اطاعتوں اور ہر نوع کی عبادت کے مقابلہ میں سبک ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ هٰذَا الشَّهْرِ، وَ بِحَقِّ

اے اللہ! میں تجھ سے اس مہینہ کے حق و حرمت اور نیز ان لوگوں کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں

مَنْ تَعَبَّدَ لَكَ فِیْهِ مِنِ ابْتِدَآئِهٖ اِلٰی وَقْتِ فَنَآئِهٖ

جنہوں اس مہینہ میں شروع سے لے کر اس کے ختم ہونے تک تیری عبادت کی ہو

مِنْ مَلَكٍ قَرَّبْتَهٗ، اَوْ نَبِيٍّ اَرْسَلْتَهٗ، اَوْ عَبْدٍ صَالِحٍ اخْتَصَصْتَهٗ

وہ مقرب بارگاہ فرشتہ ہو یا نبی مرسل یا کوئی مرد صالح و برگزیدہ

اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ، وَ اَهِّلْنَا فِيْهِ

کہ تو محمد اور ان کی آل پر رحمت نازل فرمائے اور اس کا ہمیں اہل بنا

لِمَا وَعَدْتَّ اَوْلِيَآءَكَ مِنْ كَرَامَتِكَ،

جس عزت و کرامت کا تو نے اپنے دوستوں سے وعدہ کیا ہے

وَ اَوْجِبْ لَنَا فِيْهِ مَا اَوْجَبْتَ لِاَهْلِ الْمُبَالَغَةِ فِيْ طَاعَتِكَ،

اور جو انتہائی اطاعت کرنے والوں کے لیے تو نے اجر مقرر کیا ہے وہ ہمارے لیے بھی مقرر فرما

وَ اجْعَلْنَا فِيْ نَظْمِ مَنِ اسْتَحَقَّ الرَّفِيْعَ الْاَعْلٰى بِرَحْمَتِكَ.

اور ہمیں اپنی رحمت سے ان لوگوں میں شامل کر جنھوں نے بلند ترین مرتبہ کا استحقاق پیدا کیا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ، وَ جَنِّبْنَا الْاِلْحَادَ فِيْ تَوْحِيْدِكَ،

اے اللہ! محمد اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما اور ہمیں اس چیز سے بچائے رکھ کہ ہم توحید میں کج اندیشی،

وَ التَّقْصِيْرَ فِيْ تَمْجِيْدِكَ، وَ الشَّكَّ فِيْ دِيْنِكَ، وَ الْعَمٰى عَنْ سَبِيْلِكَ،

تیری تمجید و بزرگی میں کوتاہی، تیرے دین میں شک، تیرے راستہ میں بے راہروی

وَ الْاِغْفَالَ لِحُرْمَتِكَ، وَ الْاِنْخِدَاعَ لِعَدُوِّكَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ.

اور تیری حرمت سے لاپرواہی کریں اور تیرے دشمن شیطان مردود سے فریب خوردگی کا شکار ہوں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ،

اے اللہ! محمد اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما

وَ اِذَا كَانَ لَكَ فِيْ كُلِّ لَيْلَةٍ مِّنْ لَيَالِيْ شَهْرِنَا هٰذَا رِقَابٌ يُّعْتِقُهَا عَفْوُكَ،

اور جب کہ اس مہینے ہر رات میں تیرے کچھ ایسے بندے ہوتے ہیں جنہیں تیرا عفوو کرم آزاد کرتا ہے

اَوْ يَهَبُهَا صَفْحُكَ، فَاجْعَلْ رِقَابَنَا مِنْ تِلْكَ الرِّقَابِ،

یا تیری بخشش و درگزر انہیں بخش دیتی ہے تو ہمیں بھی انہی بندوں میں داخل کر

وَ اجْعَلْنَا لِشَهْرِنَا مِنْ خَيْرِ اَهْلٍ وَّ اَصْحَابٍ

اور اس مہینہ کے بہترین اہل و اصحاب میں قرار دے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ ، وَ امْحَقْ ذُنُوْبَنَا مَعَ امِّحَاقِ هِلَالِهٖ

اے اللہ! محمد اور ان کی آل پر رحمت فرما اور اس کے چاند کے گھٹنے کے ساتھ گناہوں کو بھی محو کر دے

وَ اسْلَخْ عَنَّا تَبِعَاتِنَا مَعَ انْسِلَاخِ اَيَّامِهٖ ،

اور جب اس کے دن ختم ہونے پر آئیں تو ہمارے گناہوں کا وبال ہم سے دور کر دے

حَتّٰى يَنْقَضِيَ عَنَّا وَ قَدْ صَفَّيْتَنَا فِيْهِ مِنَ الْخَطِيْٓئَاتِ ،

تاکہ یہ مہینہ اس طرح تمام ہو کہ تو ہمیں خطاؤں سے پاک

وَ اَخْلَصْتَنَا فِيْهِ مِنَ السَّيِّئَاتِ .

اور گناہوں سے بری کر چکا ہو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ ، وَ اِنْ مِّلْنَا فِيْهِ فَعَدِّلْنَا ،

اے اللہ! محمد اور ان کی آل پر رحمت فرما اور اگر ہم حق سے منہ موڑیں تو ہمیں سیدھے راستہ پر لگا دے

وَ اِنْ زُغْنَا فِيْهِ فَقَوِّمْنَا ،

اور کجروی اختیار کریں تو ہماری اصلاح و درستگی فرما

وَ اِنِ اشْتَمَلَ عَلَيْنَا عَدُوُّكَ الشَّيْطَانُ فَاسْتَنْقِذْنَا مِنْهُ .

اور اگر تیرا دشمن شیطان ہمارے گرد احاطہ کرے تو اس کے پنجے سے چھڑا لے۔

اَللّٰهُمَّ اشْحَنْهُ بِعِبَادَتِنَا اِيَّاكَ ،

بارالہا! اس مہینہ کا دامن ہماری عبادتوں سے جو تیرے لئے بجالائی گئی ہوں بھر دے

وَ زَيِّنْ اَوْقَاتَهٗ بِطَاعَتِنَا لَكَ ،

اور اس کے لحات کو ہماری اطاعتوں سے سجا دے

وَ اَعِنَّا فِيْ نَهَارِهٖ عَلٰى صِيَامِهٖ ، وَ فِيْ لَيْلِهٖ عَلَى الصَّلٰوةِ

اور اس کے دنوں میں روزے رکھنے اور اس کی راتوں میں نمازیں پڑھنے،

وَ التَّضَرُّعِ اِلَيْكَ وَ الْخُشُوْعِ لَكَ ، وَ الذِّلَّةِ بَيْنَ يَدَيْكَ ،

تیرے حضور گڑ گڑانے، تیرے سامنے و عجز کرنے اور تیرے روبرو ذلت و خواری کا مظاہرہ کرنے میں ہماری مدد فرما۔

حَتّٰى لَا يَشْهَدَ نَهَارُهٗ عَلَيْنَا بِغَفْلَةٍ ، وَّ لَا لَيْلُهٗ بِتَفْرِيْطٍ .

تاکہ اس کے دن ہمارے خلاف غفلت کی اور اس کی راتیں کو تاہی و تقصیر کی گواہی نہ دیں۔

اَللّٰھُمَّ وَاجْعَلْنَا فِیْ سَآئِرِ الشُّھُوْرِ وَالْاَیَّامِ کَذٰلِكَ مَا عَمَّرْتَنَا،

اے اللہ! تمام مہینوں اور دنوں میں جب تک تو ہمیں زندہ رکھے ایسا ہی قرار دے

وَاجْعَلْنَا مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِیْنَ الَّذِیْنَ یَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ

اور ہمیں ان بندوں میں شامل فرما جو فردوس بریں کی زندگی کے وارث ہوں گے

ھُمْ فِیْھَا خَالِدُوْنَ

ہمیشہ ہمیشہ کے لیے

وَالَّذِیْنَ یُؤْتُوْنَ مَا اٰتَوْا

اور وہ کہ جو کچھ وہ خدا کی راہ میں دے سکتے ہیں دیتے ہیں

وَقُلُوْبُھُمْ وَجِلَةٌ اَنَّھُمْ اِلٰی رَبِّھِمْ رَاجِعُوْنَ،

پھر بھی ان کے دلوں کو یہ کھٹکا لگا رہتا ہے کہ انہیں اپنے پرورد گار کی طرف پلٹ کر جانا ہے

وَمِنَ الَّذِیْنَ یُسَارِعُوْنَ فِی الْخَیْرَاتِ وَھُمْ لَھَا سَابِقُوْنَ.

اور ان لوگوں میں سے جو نیکیوں میں جلدی کرتے ہیں اور وہی تو لوگ ہیں جو بھلائیوں میں آگے نکل جانے والے ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ، فِیْ کُلِّ وَقْتٍ وَّ کُلِّ اٰوَانٍ، وَّعَلٰی کُلِّ حَالٍ

محمد اور ان کی آل پر ہر وقت اور ہر گھڑی اور ہر حال مین اس قدر رحمت نازل فرما

عَدَدَ مَا صَلَّیْتَ عَلٰی مَنْ صَلَّیْتَ عَلَیْہِ،

جتنی تو نے کسی پر نازل کی ہو

وَاَضْعَافَ ذٰلِكَ کُلِّہٖ بِالْاَضْعَافِ الَّتِیْ لَا یُحْصِیْھَا غَیْرُكَ،

اور ان سب رحمتوں سے دو گنی چو گنی کہ جسے تیرے علاوہ کوئی شمار نہ کر سکے

اِنَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا تُرِیْدُ.

اے اللہ! بیشک تو جو چاہتا ہے وہی کرنے والا ہے۔

روزے کا اجر

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ: قال اللہ تعالی الصوم لی و انا اجزی بہ

پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:

خداوند عالم فرماتے ہیں کہ روزہ میرے لئے ہے اور اسکا اجر میں خود دوں گا۔

جب ہلال ماہ رمضان دیکھے تو اس کی طرف اشارہ کرے اور قبلہ رخ ہو کر ہاتھوں کو بلند کرے اور ہلال سے مخاطب ہوتے ہوئے یہ کہے:

رَبِّیْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعَالَمِیْنَ، اَللّٰھُمَّ اَھِلَّهٗ عَلَیْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِیْمَانِ

میرا اور تیرا پروردگار اللہ ہے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے معبود اس چاند کو ہمارے لیے طلوع کر امن و امان و

وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ وَالْمُسَارَعَةِ اِلٰی مَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی،

سلامتی سلامت روی کے ساتھ اور اپنی پسندیدہ چیزوں کی طرف جلدی کرنے کا ذریعہ بنا

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْ شَھْرِنَا ھٰذَا وَارْزُقْنَا خَیْرَهٗ وَعَوْنَهٗ

اے معبود اس مہینے میں ہم پر خیر و برکت نازل فرما اور ہمیں خیر و بھلائی سے ہمکنار کر دے

وَاصْرِفْ عَنَّا ضُرَّهٗ وَشَرَّهٗ وَبَلَاءَهٗ وَفِتْنَتَهٗ

اس مہینے میں ہم سے نقصان تکلیف مصیبت اور آزمائش کو دور رکھ

افطار کے وقت کی دعا

اَللّٰھُمَّ لَكَ صُمْتُ وَعَلٰی رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ وَعَلَیْكَ تَوَكَّلْتُ

اے اللہ تیرے لیے روزہ رکھتا ہوں تیرے رزق سے افطار کرتا ہوں اور تجھی پر میرا بھروسہ ہے

امیر المومنینؑ بوقت افطار یہ دعا پڑھا کرتے تھے:

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰھُمَّ لَكَ صُمْنَا وَعَلٰی رِزْقِكَ اَفْطَرْنَا

خدا کے نام سے اے اللہ ہم نے تیرے لیے روزہ رکھا تیرے رزق سے افطار کیا

فَتَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ.

پس اسے ہماری طرف سے قبول فرما بے شک تو سننے والا جاننے والا ہے

پہلا لقمہ اٹھاتے وقت یہ دعا پڑھے تاکہ اس کے گناہ بخشے جائیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ اغْفِرْ لِیْ

خدا کے نام سے شروع جو رحمٰن و رحیم ہے اے وسیع مغفرت والے مجھے بخش دے

روایت ہے کہ ماہ رمضان کی ہر شام میں ایک لاکھ انسانوں کو جہنم کی آگ سے آزاد کیا جاتا ہے۔ لہٰذا دعا کرے کہ وہ بھی ان میں سے ایک ہو۔

رمضان المبارک میں ہر فرض نماز کے بعد یہ دعا پڑھے:

یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ، یَا غَفُوْرُ یَا رَحِیْمُ، اَنْتَ الرَّبُّ الْعَظِیْمُ

اے بلند تر اے بزرگی والے اے بخشنے والے اے مہربان تو ہی بڑائی والا پروردگار ہے

الَّذِیْ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ،

کہ جس کے جیسے کوئی چیز نہیں ہے اور وہ سننے دیکھنے والا ہے

وَھٰذَا شَھْرٌ عَظَّمْتَہٗ وَکَرَّمْتَہٗ وَشَرَّفْتَہٗ وَفَضَّلْتَہٗ عَلَی الشُّھُوْرِ

اور یہ وہ مہینہ ہے جسے تو نے بزرگی وعزت عطا کی بلندی بخشی اور سبھی مہینوں پر فضیلت عنایت کی ہے

وَھُوَ الشَّھْرُ الَّذِیْ فَرَضْتَ صِیَامَہٗ عَلَیَّ

اور یہ وہ مہینہ ہے جس کے روزے تو نے مجھ پر فرض کئے ہیں

وَھُوَ شَھْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْ اَنْزَلْتَ فِیْہِ الْقُرْاٰنَ

اور وہ ماہ رمضان ہے کہ جس میں تو نے اتارا ہے قرآن کو

ھُدًی لِّلنَّاسِ وَبَیِّنَاتٍ مِّنَ الْھُدٰی وَالْفُرْقَانِ

جو لوگوں کے لیے رہبر ہے اور اس میں ہدایت کی دلیل اور حق و باطل کی تفریق ہے

وَجَعَلْتَ فِیْہِ لَیْلَةَ الْقَدْرِ وَجَعَلْتَھَا خَیْرًا مِّنْ اَلْفِ شَھْرٍ

تو نے اس مہینے میں شب قدر رکھی اور اسے ہزار مہینوں سے بہتر قرار دیا ہے

فَیَا ذَا الْمَنِّ وَلَا یُمَنُّ عَلَیْکَ مُنَّ عَلَیَّ بِفَکَاکِ رَقَبَتِیْ مِنَ النَّارِ

پس اے احسان کرنے والے تجھ پر احسان نہیں کیا جاسکتا تو احسان فرما مجھ پر میری گردن آگ سے چھڑا کر

فِیْمَنْ تَمُنُّ عَلَیْہِ وَاَدْخِلْنِی الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰاحِمِیْنَ

انکے ساتھ جن پر تو نے احسان کیا اور مجھے جنت میں داخل فرما اپنی رحمت سے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

روزہ داروں کی دعا

قال الکاظم (علیہ السلام) دعوۃ الصائم تستجاب عند افطارہ

امام کاظم (علیہ السلام) فرماتے ہیں: روزہ دار کی دعا افطار کے وقت مستجاب ہوتی ہے۔

رمضان المبارک میں ہر واجب نماز کے بعد یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْ عَلٰى اَهْلِ الْقُبُوْرِ السُّرُوْرَ، اَللّٰهُمَّ اَغْنِ كُلَّ فَقِيْرٍ،

اے معبود قبروں میں دفن شدہ لوگوں کو شادمانی عطا فرما   اے معبود ہر محتاج کو غنی بنادے

اَللّٰهُمَّ اَشْبِعْ كُلَّ جَائِعٍ، اَللّٰهُمَّ اكْسُ كُلَّ عُرْيَانٍ،

اے معبود ہر بھوکے کو شکم سیر کردے   اے معبود ہر ننگے کو لباس پہنادے

اَللّٰهُمَّ اقْضِ دَيْنَ كُلِّ مَدِيْنٍ، اَللّٰهُمَّ فَرِّجْ عَنْ كُلِّ مَكْرُوْبٍ،

اے معبود ہر مقروض کا قرض ادا کردے   اے معبود ہر مصیبت زدہ کو آسودگی عطا فرما

اَللّٰهُمَّ رُدَّ كُلَّ غَرِيْبٍ، اَللّٰهُمَّ فُكَّ كُلَّ اَسِيْرٍ،

اے معبود ہر مسافر کو وطن واپس لا   اے معبود ہر قیدی کو رہائی بخش دے

اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ كُلَّ فَاسِدٍ مِّنْ اُمُوْرِ الْمُسْلِمِيْنَ،

اے معبود مسلمانوں کے امور میں سے ہر بگاڑ کی اصلاح فرمادے

اَللّٰهُمَّ اشْفِ كُلَّ مَرِيْضٍ، اَللّٰهُمَّ سُدَّ فَقْرَنَا بِغِنَاكَ،

اے معبود ہر مریض کو شفا عطا فرما   اے معبود اپنی ثروت سے ہماری محتاجی ختم کردے

اَللّٰهُمَّ غَيِّرْ سُوْٓءَ حَالِنَا بِحُسْنِ حَالِكَ،

اے معبود ہماری بدحالی کو خوشحالی میں بدل دے

اَللّٰهُمَّ اقْضِ عَنَّا الدَّيْنَ وَاَغْنِنَا مِنَ الْفَقْرِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

اے معبود ہمیں اپنے قرض ادا کرنے کی توفیق دے   اور محتاجی سے بچالے   بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے

ماہ رمضان رحمت کا مہینہ

قال رسول الله(صلى الله عليه و آله)

و هو شهر اوله رحمة و اوسطه مغفرة و اخره عتق من النار .

پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں :

ماہ رمضان کی ابتداء رحمت اسکا وسط مغفرت اور اسکا انتہا جہنم سے آزادی ہے۔

جو شخص ماہ رمضان کی ہر رات یہ دعا پڑھے تو اس کے چالیس سال کے گناہ معاف ہو جائیں گے:

اَللّٰھُمَّ رَبَّ شَھْرِ رَمَضَانَ الَّذِیْ اَنْزَلْتَ فِیْهِ الْقُرْاٰنَ

اے اللہ اے ماہ رمضان کے پروردگار کہ جس میں تونے قرآن کریم نازل فرمایا

وَافْتَرَضْتَ عَلٰی عِبَادِكَ فِیْهِ الصِّیَامَ، صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

اور اپنے بندوں پر اس ماہ میں روزے رکھنا فرض کیے، رحمت نازل فرما محمدؐ و آلِ محمد پر

وَّارْزُقْنِیْ حَجَّ بَیْتِكَ الْحَرَامِ فِیْ عَامِیْ هٰذَا وَفِیْ كُلِّ عَامٍ

اور مجھے اسی سال اپنے عزت والے گھر کعبہ کا حج نصیب فرما اور آئندہ سالوں میں بھی

وَاغْفِرْلِیْ تِلْكَ الذُّنُوْبَ الْعِظَامَ،

اور میرے اب تک کے گناہان کبیرہ معاف کر دے

فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُهَا غَیْرُكَ یَا رَحْمٰنُ یَا عَلَّامُ

کیونکہ سوائے تیرے انہیں کوئی معاف نہیں کر سکتا اے زیادہ رحم والے اے زیادہ علم والے

قرآن اور ماہ رمضان

قال الرضا (علیہ السلام)

من قرا فی شهر رمضان اية من كتاب الله كان كمن ختم القران فی غيره من الشهور

امام رضاؑ فرماتے ہیں: جو بھی ماہ رمضان میں قرآن کریم کی ایک آیت کی تلاوت کرے تو یہ اس شخص کی مانند ہے جس نے دوسرے مہینوں میں پوری قرآن ختم کی ہو۔

اعمال کی تقدیر

قال الصادقؑ التقدیر فی لیلة تسعة عشر و الابرام فی لیلة احدی و عشرین و الامضاء فی لیلة ثلاث و عشرین.

امام صادقؑ فرماتے ہیں:

اعمال کی تقدیر انسویں رات کو ہوتی ہے اور اکسویں رات ان کی تصویب ہوتی ہے اور تیسویں رات ان پر دستخط (نفاذ) ہوتی ہے۔

دعاء افتتاح

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَفْتَتِحُ الثَّنَآءَ بِحَمْدِكَ وَاَنْتَ مُسَدِّدٌ لِلصَّوَابِ بِمَنِّكَ

معبود تیری حمد سے تیری تعریف کا آغاز کرتا ہوں اور تو اپنے احسان سے راہ راست دکھانے والا ہے

وَاَيْقَنْتُ اَنَّكَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ فِيْ مَوْضِعِ الْعَفْوِ وَالرَّحْمَةِ،

اور مجھے یقین ہے کہ تو سب سے بڑھ کر رحم و کرم کرنے والا ہے معافی دینے مہربانی کرنے کے مقام پر

وَاَشَدُّ الْمُعَاقِبِيْنَ فِيْ مَوْضِعِ النَّكَالِ وَالنَّقِمَةِ،

اور عذاب کے موقع پر سب سے سخت عذاب دینے والا ہے

وَاَعْظَمُ الْمُتَجَبِّرِيْنَ فِيْ مَوْضِعِ الْكِبْرِيَآءِ وَالْعَظَمَةِ

اور بڑائی اور بزرگی کے مقام پر تو تمام قاہروں اور جابروں سے بڑھا ہوا ہے

اَللّٰهُمَّ اَذِنْتَ لِيْ فِيْ دُعَآئِكَ وَمَسْئَلَتِكَ

اے اللہ تو نے مجھے اجازت دے رکھی ہے کہ تجھ سے دعا کروں

فَاسْمَعْ يَا سَمِيْعُ مِدْحَتِيْ وَاَجِبْ يَا رَحِيْمُ دَعْوَتِيْ وَاَقِلْ يَا غَفُوْرُ عَثْرَتِيْ،

پس اے سننے والے اپنی یہ تعریف سن اور اے مہربان میری دعا قبول فرما اے بخشنے والے میری خطا معاف کر

فَكَمْ يَا اِلٰهِيْ مِنْ كُرْبَةٍ قَدْ فَرَّجْتَهَا وَهُمُوْمٍ قَدْ كَشَفْتَهَا

پس اے میرے معبود کتنی ہی مصیبتوں کو تو نے دور کیا اور کتنے ہی اندیشوں کو ہٹایا

وَعَثْرَةٍ قَدْ اَقَلْتَهَا وَرَحْمَةٍ قَدْ نَشَرْتَهَا وَحَلْقَةِ بَلَآءٍ قَدْ فَكَكْتَهَا،

اور خطاؤں سے درگذر کی رحمت کو عام کیا اور بلاؤں کے گھیرے کو توڑا اور رہائی دی

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا

حمد اس اللہ کے لیے ہے جس نے نہ کسی کو اپنی زوجہ بنایا اور نہ کسی کو اپنا بیٹا بنایا

وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ

نہ ہی اس کا کوئی ساجھی ہے سلطنت میں

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا،

اور نہ وہ عاجز ہے کہ کوئی اس کا سرپرست ہو اس کی بڑائی کرو بہت بڑائی

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ بِجَمِيْعِ مَحَامِدِهٖ كُلِّهَا عَلٰى جَمِيْعِ نِعَمِهٖ كُلِّهَا ،

حمد اللہ ہی کے لیے ہے اس کی تمام خوبیوں اور اس کی ساری نعمتوں کے ساتھ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ لَا مُضَادَّ لَهٗ فِىْ مُلْكِهٖ وَلَا مُنَازِعَ لَهٗ فِىْ اَمْرِهٖ ،

حمد اس اللہ کے لیے ہے جس کی حکومت میں نہ کوئی اس کا مخالف ہے نہ اسکے حکم میں رکاوٹ ڈالنے والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ لَا شَرِيْكَ لَهٗ فِىْ خَلْقِهٖ وَلَا شَبِيْهَ لَهٗ فِىْ عَظَمَتِهٖ ،

حمد اس اللہ کے لیے ہے خلقت میں کوئی اسکا ساجھی نہیں اور اس کی بڑائی میں کوئی اس جیسا نہیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْفَاشِىْ فِى الْخَلْقِ اَمْرُهٗ وَحَمْدُهٗ

حمد اس اللہ کے لیے ہے جس کا حکم اور حمد اور خلق میں آشکار ہے

الظَّاهِرِ بِالْكَرَمِ مَجْدُهٗ ، الْبَاسِطِ بِالْجُوْدِ يَدَهٗ

اس کی شان اس کی بخشش کے ساتھ ظاہر ہے بن مانگے دینے میں اس کا ہاتھ کھلا ہے

الَّذِىْ لَا تَنْقُصُ خَزَآئِنُهٗ وَلَا تَزِيْدُهٗ كَثْرَةُ الْعَطَآءِ

وہی ہے جس کے خزانے کم نہیں ہوتے اور کثرت کے ساتھ عطا کرنے سے

اِلَّا جُوْدًا وَّ كَرَمًا اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الْوَهَّابُ ،

اس کی بخشش و سخاوت میں اضافہ ہوتا ہے کیونکہ وہ زبردست عطا کرنے والا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْۤ اَسْئَلُكَ قَلِيْلًا مِّنْ كَثِيْرٍ مَّعَ حَاجَةٍ بِىْۤ اِلَيْهِ عَظِيْمَةٍ

اے معبود میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بہت میں سے تھوڑے کا جبکہ مجھے اس کی بہت زیادہ حاجت ہے

وَّغِنَاكَ عَنْهُ قَدِيْمٌ وَّهُوَ عِنْدِىْ كَثِيْرٌ وَّهُوَ عَلَيْكَ سَهْلٌ يَّسِيْرٌ

اور تو ہمیشہ اس سے بے نیاز ہے وہ نعمت میرے لیے بہت بڑی ہے اور تیرے لیے اس کا دینا آسان ہے

اَللّٰهُمَّ اِنَّ عَفْوَكَ عَنْ ذَنْبِىْ وَتَجَاوُزَكَ عَنْ خَطِيْئَتِىْ

اے معبود بے شک تیرا میرے گناہ کو معاف کرنا میری خطا سے تیری درگذر

وَصَفْحَكَ عَنْ ظُلْمِىْ ، وَسَتْرَكَ عَلٰى قَبِيْحِ عَمَلِىْ

میرے ستم سے تیری چشم پوشی میرے برے عمل کی پردہ پوشی

وَحِلْمَكَ عَنْ كَثِيْرِ جُرْمِىْ ، عِنْدَ مَا كَانَ مِنْ خَطَاۤئِىْ وَعَمْدِىْ

میرے بہت سے جرائم پر تیری بردباری جبکہ ان میں سے بعض بھول کر اور بعض میں نے جان بوجھ کر کیے

اَطْمَعَنِیْ فِیْ اَنْ اَسْئَلَكَ مَالَآ اَسْتَوْجِبُهٗ مِنْكَ

تو اس سے مجھے طمع ہوئی کہ میں تجھ سے مانگوں جس کا میں حقدار نہیں

اَلَّذِیْ رَزَقْتَنِیْ مِنْ رَّحْمَتِكَ ، وَاَرَیْتَنِیْ مِنْ قُدْرَتِكَ

چنانچہ تو نے اپنی رحمت سے مجھے روزی دی اور اپنی قدرت کے کرشمے دکھائے

وَعَرَّفْتَنِیْ مِنْ اِجَابَتِكَ ، فَصِرْتُ اَدْعُوْكَ اٰمِنًا ، وَّاَسْئَلُكَ مُسْتَاْنِسًا

قبولیت کی پہچان کرائی پس اب میں باامن ہو کر تجھے پکارتا ہوں اور سوال کرتا ہوں الفت سے

لَّاخَآئِفًا وَّلَا وَجِلًا ، مُّدِلًّا عَلَیْكَ فِیْمَا قَصَدْتُّ فِیْهِ اِلَیْكَ ،

نہ ڈرتے گھبراتے ہوئے اور مجھے ناز ہے کہ اس بارے میں تیری بارگاہ میں آیا ہوں

فَاِنْ اَبْطَاَ عَنِّیْ عَتَبْتُ بِجَهْلِیْ عَلَیْكَ

پس اگر تو نے قبولیت میں دیر کی تو میں بوجہ نادانی تجھ سے شکوہ کروں گا

وَلَعَلَّ الَّذِیْٓ اَبْطَاَ عَنِّیْ هُوَ خَیْرٌ لِّیْ لِعِلْمِكَ بِعَاقِبَةِ الْاُمُوْرِ ،

اگرچہ وہ تاخیر میرے لیے بہتری کی حامل ہو تیرے علم میں کاموں کے نتائج سے متعلق

فَلَمْ اَرَ مَوْلًی كَرِیْمًا اَصْبَرَ عَلٰی عَبْدٍ لَّئِیْمٍ مِّنْكَ عَلَیَّ

پس میں نے کوئی مولا نہیں دیکھا جو میرے جیسے پست بندے پر مہربان و صابر ہو

یَا رَبِّ اِنَّكَ تَدْعُوْنِیْ فَاُوَلِّیْ عَنْكَ وَتَتَحَبَّبُ اِلَیَّ فَاَتَبَغَّضُ اِلَیْكَ

اے پروردگار تو مجھے پکارتا ہے تو میں تجھ سے منہ موڑتا ہوں تو مجھ سے محبت کرتا ہے میں تجھ سے خفگی کرتا ہوں

وَتَتَوَدَّدُ اِلَیَّ فَلَآ اَقْبَلُ مِنْكَ كَاَنَّ لِیَ التَّطَوُّلَ عَلَیْكَ ،

تو مجھ سے الفت کرتا ہے اور میں بے رخی جیسا کہ میرا تجھ پر کوئی احسان رہا ہو

فَلَمْ یَمْنَعْكَ ذٰلِكَ مِنَ الرَّحْمَةِ لِیْ وَالْاِحْسَانِ اِلَیَّ

تو بھی یہ طرز عمل باز نہیں رکھتا تجھے مجھ پر رحمت فرمانے اور احسان کرنے

وَالتَّفَضُّلِ عَلَیَّ بِجُوْدِكَ وَكَرَمِكَ فَارْحَمْ عَبْدَكَ الْجَاهِلَ

اور مجھ پر اپنی عطا و بخشش کے ساتھ فضل کرنے سے پس اپنے اس نادان بندے پر رحم کر

وَجُدْ عَلَیْهِ بِفَضْلِ اِحْسَانِكَ اِنَّكَ جَوَادٌ كَرِیْمٌ.

اور اس پر اپنے فضل و احسان سے سخاوت فرما بے شک تو بہت دینے والا سخی ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ مَالِكِ الْمُلْكِ مُجْرِي الْفُلْكِ مُسَخِّرِ الرِّيَاحِ

حمد ہے اس اللہ کے لیے جو سلطنت کا مالک کشتی کو رواں کرنے والا ہواؤں کو قابو رکھنے والا

فَالِقِ الْاِصْبَاحِ دَيَّانِ الدِّيْنِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ،

صبح کو روشن کرنے والا اور قیامت میں جزا دینے والا جہانوں کا پروردگار ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى حِلْمِهٖ بَعْدَ عِلْمِهٖ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى عَفْوِهٖ بَعْدَ قُدْرَتِهٖ

حمد ہے اللہ کی کہ جانتے ہوئے بھی بردباری سے کام لیتا ہے اور حمد ہے اللہ کی قوت کے باوجود معاف کرتا ہے

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى طُوْلِ اَنَاتِهٖ فِيْ غَضَبِهٖ وَهُوَ قَادِرٌ عَلٰى مَا يُرِيْدُ،

اور حمد ہے اللہ کی حالت غضب میں بھی بڑا بردبار ہے اور وہ جو چاہے اسے کر گزرنے کی طاقت رکھتا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ خَالِقِ الْخَلْقِ بَاسِطِ الرِّزْقِ فَالِقِ الْاِصْبَاحِ

حمد ہے اللہ کی جو مخلوق کو پیدا کرنے والا روزی کشادہ کرنے والا صبح کو روشنی بخشنے والا

ذِي الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَالْفَضْلِ وَالْاِنْعَامِ

صاحب جلالت و کرم اور فضل و نعمت کا مالک ہے

اَلَّذِيْ بَعُدَ فَلَا يُرٰى وَقَرُبَ فَشَهِدَ النَّجْوٰى تَبَارَكَ وَتَعَالٰى

جو ایسا دور ہے کہ نظر نہیں آتا اور اتنا قریب ہے کہ راز کو بھی جانتا ہے وہ مبارک اور برتر ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَيْسَ لَهٗ مُنَازِعٌ يُّعَادِلُهٗ وَلَا شَبِيْهٌ يُّشَاكِلُهٗ

حمد ہے اس اللہ کی جس کا ہمسر نہیں جو اس سے جھگڑا کرے نہ کوئی اس جیسا ہے کہ اس کا ہمشکل ہو

وَلَا ظَهِيْرٌ يُّعَاضِدُهٗ، قَهَرَ بِعِزَّتِهِ الْاَعِزَّاءَ

نہ کوئی اس کا مددگار و ہمکار ہے وہ اپنی عزت میں سب عزت والوں پر غالب ہے

وَتَوَاضَعَ لِعَظَمَتِهِ الْعُظَمَاءُ فَبَلَغَ بِقُدْرَتِهٖ مَا يَشَاءُ،

اور سبھی عظمت والے اس کی عظمت کے آگے جھکتے ہیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ يُجِيْبُنِيْ حِيْنَ اُنَادِيْهِ

وہ جو چاہے اس پر قادر ہے حمد ہے اللہ کی وہ جواب دیتا ہے جب پکاروں

وَيَسْتُرُ عَلَيَّ كُلَّ عَوْرَةٍ وَّاَنَا اَعْصِيْهِ

اور میری برائی کی پردہ پوشی کرتا ہے میں اس کی نافرمانی کرتا ہوں

وَيُعَظِّمُ النِّعْمَةَ عَلَيَّ فَلَا أُجَازِيهِ،

تو بھی مجھے بڑی بڑی نعمتیں دیتا ہے کہ جن کا بدلہ میں اسے نہیں دیتا

فَكَمْ مِّنْ مَّوْهِبَةٍ هَنِيْئَةٍ قَدْ أَعْطَانِيْ

پس اس نے مجھ پر کتنی ہی خوشگوار عنایتیں اور بخششیں کی ہیں

وَعَظِيْمَةٍ مَّخُوفَةٍ قَدْ كَفَانِيْ وَبَهْجَةٍ مُّوْنِقَةٍ قَدْ أَرَانِيْ

کتنی ہی خطرناک آفتوں سے بچالیا ہے کئی حیرت انگیز خوشیاں مجھے دکھائی ہیں

فَأُثْنِيْ عَلَيْهِ حَامِدًا وَّ أَذْكُرُهُ مُسَبِّحًا.

پس ان پر اس کی حمد وثنا کرتا ہوں اور لگاتار اس کا نام لیتا ہوں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَا يُهْتَكُ حِجَابُهُ وَلَا يُغْلَقُ بَابُهُ

حمد ہے اللہ کی جس کا پردہ ہٹایا نہیں جاسکتا اس کا در بند نہیں ہوتا

وَلَا يُرَدُّ سَائِلُهُ وَلَا يُخَيَّبُ اٰمِلُهُ،

اس کا سائل خالی نہیں جاتا اور اس کا امیدوار مایوس نہیں ہوتا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ يُؤْمِنُ الْخَائِفِيْنَ وَيُنَجِّي الصَّالِحِيْنَ

حمد ہے اللہ کی جو ڈرنے والوں کو پناہ دیتا ہے نیکوکاروں کو نجات دیتا ہے

وَيَرْفَعُ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ وَيَضَعُ الْمُسْتَكْبِرِيْنَ

لوگوں کے دبائے ہوؤں کو ابھارتا ہے بڑا بننے والوں کو نیچا دکھاتا ہے

وَيُهْلِكُ مُلُوْكًا وَّيَسْتَخْلِفُ اٰخَرِيْنَ،

بادشاہوں کو تباہ کرتا ہے اور ان کی جگہ دوسروں کو لے آتا ہے

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ قَاصِمِ الْجَبَّارِيْنَ مُبِيْرِ الظَّالِمِيْنَ

حمد اس اللہ کی کہ وہ دھونسیوں کا زور توڑنے والا ظالموں کو برباد کرنے والا

مُدْرِكِ الْهَارِبِيْنَ نَكَالِ الظَّالِمِيْنَ

فریادیوں کو پہنچنے والا اور بے انصافوں کو سزا دینے والا ہے

صَرِيْخِ الْمُسْتَصْرِخِيْنَ مَوْضِعِ حَاجَاتِ الطَّالِبِيْنَ مُعْتَمَدِ الْمُؤْمِنِيْنَ

وہ داد خواہوں کا دادرس حاجات طلب کرنے والوں کا ٹھکانہ اور مومنوں کی ٹیک ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ مِنْ خَشْیَتِهٖ تَرْعَدُ السَّمَآءُ وَ سُكَّانُهَا

حمد ہے اللہ کی جس کے خوف سے آسمان اور آسمان والے لرزتے کانپتے ہیں

وَتَرْجُفُ الْاَرْضُ وَعُمَّارُهَا

زمین اور اس کے آباد کار دہل جاتے ہیں

وَتَمُوْجُ الْبِحَارُ وَمَنْ یَّسْبَحُ فِیْ غَمَرَاتِهَا،

سمندر لرزتے ہیں اور وہ جو ان کے پانیوں میں تیرتے ہیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هَدَانَا لِهٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِیَ لَوْلَاۤ اَنْ هَدَانَا اللّٰهُ،

حمد ہے اللہ کی جس نے ہمیں یہ راہ ہدایت دکھائی اور ہم ہرگز ہدایت نہ پا سکتے اگر اللہ تعالیٰ ہمیں ہدایت نہ فرماتا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ یَخْلُقُ وَلَمْ یُخْلَقْ وَیَرْزُقُ وَلَا یُرْزَقُ

حمد ہے اللہ کی جو خلق کرتا ہے اور وہ مخلوق نہیں وہ رزق دیتا ہے اور وہ مرزوق نہیں

وَیُطْعِمُ وَلَا یُطْعَمُ وَیُمِیْتُ الْاَحْیَآءَ وَیُحْیِی الْمَوْتٰی

وہ کھلاتا ہے اور کھاتا نہیں وہ زندوں کو مارتا اور مردوں کو زندہ کرتا ہے

وَهُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ بِیَدِهِ الْخَیْرُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ.

وہ ایسا زندہ ہے جسے موت نہیں بھلائی اسی کے ہاتھ میں ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ

اے معبود اپنی رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ پر جو تیرے بندے تیرے رسول

وَاَمِیْنِكَ وَصَفِیِّكَ وَحَبِیْبِكَ وَخِیَرَتِكَ مِنْ خَلْقِكَ

تیرے امانتدار تیرے برگزیدہ تیرے حبیب اور تیرے پسندیدہ ہیں تیری مخلوق میں سے

وَحَافِظِ سِرِّكَ وَمُبَلِّغِ رِسَالَاتِكَ

پاسدار ہیں تیرے راز کے اور پہنچانے والے ہیں تیرے پیغاموں کے

اَفْضَلَ وَاَحْسَنَ وَاَجْمَلَ وَاَكْمَلَ وَاَزْكٰی

ان پر رحمت کر بہترین نیکوترین زیباترین کامل ترین پاکیزہ ترین

وَاَنْمٰی وَاَطْیَبَ وَاَطْهَرَ وَاَسْنٰی

روئیدہ ترین پاک ترین شفاف ترین روشن ترین

وَاَكْثَرَمَاصَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ وَتَرَحَّمْتَ وَتَحَنَّنْتَ

اور تونے جو بہت رحمت کی برکت دی نوازش کی مہربانی کی

وَسَلَّمْتَ عَلٰى اَحَدٍ مِّنْ عِبَادِكَ وَاَنْبِيَآئِكَ وَرُسُلِكَ وَصِفْوَتِكَ

اور درود بھیجا کسی ایک پر اپنے بندے میں اپنے نبیوں اپنے رسولوں اور اپنے برگزیدوں میں سے

وَاَهْلِ الْكَرَامَةِ عَلَيْكَ مِنْ خَلْقِكَ،

اور جو تیرے ہاں بزرگی والے ہیں تیری مخلوق میں سے

اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ عَلٰى عَلِيٍّ اَمِيْرِالْمُؤْمِنِيْنَ وَوَصِيِّ رَسُوْلِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

اے معبود رحمت فرما امیر المومنین علیؑ پر جو وصی ہیں جہانوں کے پروردگار کے رسول کے

عَبْدِكَ وَوَلِيِّكَ وَاَخِيْ رَسُوْلِكَ

تیرے بندے تیرے ولی تیرے رسولؐ کے بھائی

وَحُجَّتِكَ عَلٰى خَلْقِكَ وَاٰيَتِكَ الْكُبْرٰى وَالنَّبَاِ الْعَظِيْمِ،

تیری مخلوق پر تیری حجت تیری بہت بڑی نشانی اور بہت بڑی خبر ہیں

وَصَلِّ عَلَى الصِّدِّيْقَةِ الطَّاهِرَةِ فَاطِمَةَ سَيِّدَةِ نِسَآءِ الْعَالَمِيْنَ،

اور رحمت فرما صدیقہ طاہرہ فاطمہ پر جو تمام جہانوں کی عورتوں کی سردار ہیں

وَصَلِّ عَلٰى سِبْطَيِ الرَّحْمَةِ وَاِمَامَيِ الْهُدٰى

اور رحمت فرما نبی رحمت کے دونواسوں اور ہدایت والے دواماموں

اَلْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ سَيِّدَيْ شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ،

حسنؑ و حسینؑ پر جو جنت کے جوانوں کے سید و سردار ہیں

وَصَلِّ عَلٰى اَئِمَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ

اور رحمت فرما مسلمانوں کے اماموں پر کہ وہ علیؑ زین العابدینؑ

وَمُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ وَّجَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ وَّمُوْسَى بْنِ جَعْفَرٍ وَّعَلِيِّ بْنِ مُوسٰى

محمد الباقرؑ جعفر صادقؑ موسیٰ الکاظمؑ علی الرضاؑ

وَمُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ وَّعَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدٍ وَّالْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ

محمد تقی الجوادؑ علی نقی الہادیؑ حسن العسکریؑ

وَالْخَلَفِ الْهَادِي الْمَهْدِيِّ،

اور خلف ہادی المہدیؑ ہیں

حُجَجِكَ عَلٰى عِبَادِكَ وَاُمَنَائِكَ فِيْ بِلَادِكَ صَلَاةً كَثِيْرَةً دَائِمَةً.

جو تیرے بندوں پر تیری حجتیں اور تیرے شہروں میں تیرے امین ہیں رحمت ہو ان پر بہت بہت ہمیشہ ہمیشہ

اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ عَلٰى وَلِيِّ اَمْرِكَ الْقَائِمِ الْمُؤَمَّلِ وَالْعَدْلِ الْمُنْتَظَرِ

اے معبود رحمت فرما اپنے ولی امر پر کہ جو قائم امید گاہ عادل اور منتظر ہے

وَحُفَّهُ بِمَلَائِكَتِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ

اس کے گرد اپنے مقرب فرشتوں کا گھیر الگا دے

وَاَيِّدْهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ يَارَبَّ الْعَالَمِيْنَ،

اور روح القدس کے ذریعے اس کی تائید فرما اے جہانوں کے پروردگار

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ الدَّاعِيَ اِلٰى كِتَابِكَ وَالْقَائِمَ بِدِيْنِكَ

اے معبود اسے اپنی کتاب کی طرف دعوت دینے والا اور اپنے دین کے لیے قائم قرار دے

اسْتَخْلِفْهُ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفْتَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِ

اسے زمین میں اپنا خلیفہ بنا جیسے ان کو خلیفہ بنایا جو اس سے پہلے ہو گزرے ہیں

مَكِّنْ لَهُ دِيْنَهُ الَّذِي ارْتَضَيْتَهُ لَهُ اَبْدِلْهُ مِنْ بَعْدِ خَوْفِهِ اَمْنًا

پائیدار بنادے اپنے پسندیدہ دین کو اس کے لیے اس کے خوف کے بعد اسے امن دے

يَعْبُدُكَ لَا يُشْرِكُ بِكَ شَيْئًا،

کہ وہ تیرا عبادت گزار ہے کسی کو تیرا شریک نہیں بناتا

اَللّٰهُمَّ اَعِزَّهُ وَاَعْزِزْ بِهِ وَانْصُرْهُ وَانْتَصِرْ بِهِ

اے معبود اسے معزز فرما اور اس کے ذریعے مجھے عزت دے میں اس کی مدد کروں اور اس کے ذریعے میری مدد فرما

وَانْصُرْهُ نَصْرًا عَزِيْزًا وَّافْتَحْ لَهُ فَتْحًا يَّسِيْرًا

اسے باعزت مدد دے اور اسے آسانی کے ساتھ فتح دے

وَّاجْعَلْ لَهُ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطَانًا نَّصِيْرًا،

اور اسے اپنی طرف سے قوت والا مددگار عطا فرما

اَللّٰهُمَّ اَظْهِرْ بِهٖ دِيْنَكَ وَسُنَّةَ نَبِيِّكَ

اے معبود اس کے ذریعے اپنے دین اور اپنے نبی کی سنت کو ظاہر فرما

حَتّٰى لَا يَسْتَخْفِيْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْحَقِّ مَخَافَةَ اَحَدٍ مِّنَ الْخَلْقِ

یہاں تک کہ حق میں سے کوئی چیز مخفی و پوشیدہ نہ رہ جائے مخلوق کے خوف سے

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَرْغَبُ اِلَيْكَ فِيْ دَوْلَةٍ كَرِيْمَةٍ

اے معبود ہم ایسی برکت والی حکومت کی خاطر تیری طرف رغبت رکھتے ہیں

تُعِزُّ بِهَا الْاِسْلَامَ وَاَهْلَهٗ وَتُذِلُّ بِهَا النِّفَاقَ وَاَهْلَهٗ،

جس سے تو اسلام و اہل اسلام کو قوت دے اور نفاق و اہل نفاق کو ذلیل کرے

وَتَجْعَلُنَا فِيْهَا مِنَ الدُّعَاةِ اِلٰى طَاعَتِكَ وَالْقَادَةِ اِلٰى سَبِيْلِكَ

اور اس حکومت میں ہمیں اپنی اطاعت کی طرف بلانے اور اپنے راستے کی طرف رہنمائی کرنے والے قرار دے

وَتَرْزُقُنَا بِهَا كَرَامَةَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ.

اور اس کے ذریعے ہمیں دنیا و آخرت کی عزت دے

اَللّٰهُمَّ مَا عَرَّفْتَنَا مِنَ الْحَقِّ فَحَمِّلْنَاهُ وَمَا قَصُرْنَا عَنْهُ فَبَلِّغْنَاهُ،

معبود جس حق کی تو نے ہمیں معرفت کرائی اسکے تحمل کی توفیق دے اور جس سے ہم قاصر رہے استک پہنچادے

اَللّٰهُمَّ الْمُمْ بِهٖ شَعْثَنَا وَاشْعَبْ بِهٖ صَدْعَنَا وَارْتُقْ بِهٖ فَتْقَنَا

معبود اس کے ذریعے ہم بکھروں کو جمع کردے اسکے ذریعے ہمارے جھگڑے ختم کر اور ہماری پریشانی دور فرما

وَكَثِّرْ بِهٖ قِلَّتَنَا وَاَعْزِزْ بِهٖ ذِلَّتَنَا وَاَغْنِ بِهٖ عَائِلَنَا

اس کے ذریعے ہماری قلت کو کثرت اور ذلت کو عزت میں بدل دے اسکے ذریعے ہمیں نادار سے تونگر بنا

وَاقْضِ بِهٖ عَنْ مَّغْرَمِنَا وَاجْبُرْ بِهٖ فَقْرَنَا وَسُدَّ بِهٖ خَلَّتَنَا

اور ہمارے قرض ادا کردے اس کے ذریعے ہمارا فقر دور فرمادے ہماری حاجتیں پوری کردے

وَيَسِّرْ بِهٖ عُسْرَنَا وَبَيِّضْ بِهٖ وُجُوْهَنَا وَفُكَّ بِهٖ اَسْرَنَا

اور تنگی کو آسانی میں بدل دے اس کے ذریعے ہمارے چہرے روشن کر اور ہمارے قیدیوں کو رہائی دے

وَاَنْجِحْ بِهٖ طَلِبَتَنَا وَاَنْجِزْ بِهٖ مَوَاعِيْدَنَا وَاسْتَجِبْ بِهٖ دَعْوَتَنَا

اس کے ذریعے ہماری حاجات برلا اور ہمارے وعدے نبھادے اس کے ذریعے ہماری دعائیں قبول فرما

وَاَعۡطِنَا بِهٖ سُؤۡلَنَا وَبَلِّغۡنَا بِهٖ مِنَ الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةِ اٰمَالَنَا

اور ہمارے سوال پورے کردے اس کے ذریعے پوری فرما دنیا و آخرت میں ہماری امیدیں

وَاَعۡطِنَا بِهٖ فَوۡقَ رَغۡبَتِنَا، يَا خَيۡرَ الۡمَسۡئُوۡلِيۡنَ

اور ہمیں خواست سے زیادہ عطا کر، سوال کیے جانے والوں میں بہترین

وَاَوۡسَعَ الۡمُعۡطِيۡنَ اشۡفِ بِهٖ صُدُوۡرَنَا وَاَذۡهِبۡ بِهٖ غَيۡظَ قُلُوۡبِنَا

اور اے سب سے زیادہ عطا والے اسکے ذریعے ہمارے سینوں کو شفا دے اور ہمارے دلوں سے بغض و کینہ کو ہٹا دے

وَاهۡدِنَا بِهٖ لِمَا اخۡتُلِفَ فِيۡهِ مِنَ الۡحَقِّ بِاِذۡنِكَ

جس حق میں ہمارا اختلاف ہے اپنے حکم سے اس کے ذریعے ہمیں ہدایت عطا فرما

اِنَّكَ تَهۡدِىۡ مَنۡ تَشَاۤءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ،

بے شک تو جسے چاہے سیدھے راستے کی طرف لے جاتا ہے

وَّانۡصُرۡنَا بِهٖ عَلٰى عَدُوِّكَ وَعَدُوِّنَا اِلٰهَ الۡحَقِّ اٰمِيۡنَ.

اس کے ذریعے اپنے اور ہمارے دشمن پر ہمیں غلبہ عطا فرما اے سچے خدا ایسا ہی ہو

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَشۡكُوۡ اِلَيۡكَ فَقۡدَ نَبِيِّنَا صَلَوَاتُكَ عَلَيۡهِ وَاٰلِهٖ

اے معبود ہم شکایت کرتے ہیں تجھ سے اپنے نبی کے اٹھ جانے کی کہ ان پر اور ان کی آل پر تیری رحمت ہو

وَغَيۡبَةَ وَلِيِّنَا وَكَثۡرَةَ عَدُوِّنَا وَقِلَّةَ عَدَدِنَا

اور اپنے ولی کی پوشیدگی کی اور شاکی ہیں دشمنوں کی کثرت اور اپنی قلت تعداد پر

وَشِدَّةَ الۡفِتَنِ بِنَا وَتَظَاهُرَ الزَّمَانِ عَلَيۡنَا،

فتنوں کی سختی اور حوادث زمانہ کی یلغار کی شکایت کرتے ہیں

فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَعِنَّا عَلٰى ذٰلِكَ بِفَتۡحٍ مِّنۡكَ

پس رحمت فرما محمدؐ اور ان کی آل پر اور ہماری مدد فرما ان پر فتح کے ساتھ

تُعَجِّلُهٗ وَبِضُرٍّ تَكۡشِفُهٗ وَنَصۡرٍ تُعِزُّهٗ

اور اس میں جلدی کر کہ تکلیف دور کردے نصرت سے عزت عطا کر

وَسُلۡطَانِ حَقٍّ تُظۡهِرُهٗ وَرَحۡمَةٍ مِّنۡكَ تُجَلِّلُنَاهَا

حق کے غلبے کا اظہار فرما ایسی رحمت فرما جو ہم پر سایہ کرے

وَعَافِيَةٍ مِّنْكَ تُلْبِسُنَاهَا بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ.

اور امن عطا کر جو ہمیں محفوظ بنادے رحمت فرما اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

ہر رات یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ بِرَحْمَتِكَ فِى الصَّالِحِيْنَ فَاَدْخِلْنَا

اے معبود اپنی رحمت سے ہمیں نیکوکاروں میں داخل فرما

وَفِىْ عِلِّيِّيْنَ فَارْفَعْنَا وَبِكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ مِّنْ عَيْنٍ سَلْسَبِيْلٍ فَاسْقِنَا

جنت علیین میں ہمارے درجے بلند فرما ہمیں خوشگوار جام سے سیراب فرما سلسبیل کے چشمہ سے،

وَمِنَ الْحُوْرِ الْعِيْنِ بِرَحْمَتِكَ فَزَوِّجْنَا

اپنی مہربانی سے حوران جنت کو ہماری بیویاں بنا

وَمِنَ الْوِلْدَانِ الْمُخَلَّدِيْنَ كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ فَاَخْدِمْنَا

اور ہمیشہ جوان رہنے والے لڑکے جو گویا چھپے موتی ہیں انہیں ہماری خدمت پر لگا

وَمِنْ ثِمَارِ الْجَنَّةِ وَلُحُوْمِ الطَّيْرِ فَاَطْعِمْنَا

جنت کے میوے اور وہاں کے پرندوں کا گوشت ہمیں کھلا

وَمِنْ ثِيَابِ السُّنْدُسِ وَالْحَرِيْرِ وَالْاِسْتَبْرَقِ فَاَلْبِسْنَا

اور ہمیں سندس ابریشم اور چمکیلے کپڑوں کے بنے ہوئے لباس پہنا

وَلَيْلَةَ الْقَدْرِ وَحَجَّ بَيْتِكَ الْحَرَامِ وَقَتْلاً فِىْ سَبِيْلِكَ فَوَفِّقْ لَنَا

ہمیں شب قدر عطا کر اپنے حرمت والے گھر کعبہ کے حج کی توفیق دے اور اپنی راہ میں شہادت نصیب کردے

وَصَالِحَ الدُّعَآءِ وَالْمَسْئَلَةِ فَاسْتَجِبْ لَنَا

ہماری نیک دعاؤں اور اچھی حاجتوں کو پورا فرمادے

وَاِذَا جَمَعْتَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَارْحَمْنَا

اور قیامت کے روز جب تو پچھلوں کو اکٹھا کرے تو ہم پر رحم فرما

وَبَرَآءَةً مِّنَ النَّارِ فَاكْتُبْ لَنَا

ہمارے لیے جہنم سے خلاصی لازمی کردے

وَفِیْ جَھَنَّمَ فَلَا تَغُلَّنَا وَفِیْ عَذَابِكَ وَھَوَانِكَ فَلَا تَبْتَلِنَا

ہمیں اس میں نہ ڈال ہمیں اپنی طرف کے عذاب اور ذلت میں نہ پھنسا

وَمِنَ الزَّقُّوْمِ وَالضَّرِیْعِ فَلَا تُطْعِمْنَا

اور ہمیں تھوہر اور زہریلی گھاس نہ کھلا

وَمَعَ الشَّیَاطِیْنَ فَلَا تَجْعَلْنَا وَفِی النَّارِ عَلٰی وُجُوْھِنَا فَلَا تَكُبُّنَا

ہمیں شیطانوں کا ہم نشین نہ بنا اور جہنم میں ہمیں چہروں کے بل نہ لٹکا

وَمِنْ ثِیَابِ النَّارِ وَسَرَابِیْلِ الْقَطِرَانِ فَلَا تُلْبِسْنَا

ہمیں آتشی کپڑے اور قطران کے پیراہن سے ملبوس نہ فرما

وَمِنْ كُلِّ سُوْٓءٍ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ فَنَجِّنَا

اور اے وہ کہ نہیں کوئی معبود مگر تو ہی ہے نہیں کوئی معبود مگر تو ہے کہ واسطے ہمیں برائیوں سے بچا

امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے کہ ہر شب یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ فِیْمَا تَقْضِیْ وَتُقَدِّرُ

اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو اپنی بست وکشاد میں

مِنَ الْاَمْرِ الْمَحْتُوْمِ فِی الْاَمْرِ الْحَكِیْمِ

محکم امور سے متعلق جو یقینی فیصلے کرتا ہے

مِنَ الْقَضَآءِ الَّذِیْ لَا یُرَدُّ وَلَا یُبَدَّلُ

جو تیری وہ قضاء ہے کہ جس میں کسی بھی طرح کی تبدیلی اور پلٹ نہیں ہوتی

اَنْ تَكْتُبَنِیْ مِنْ حُجَّاجِ بَیْتِكَ الْحَرَامِ الْمَبْرُوْرِ حَجُّھُمُ

اس میں میرا نام اپنے محترم گھر کعبہ کے حاجیوں میں لکھ دے کہ جن کا حج تجھے منظور ہے

الْمَشْكُوْرِ سَعْیُھُمُ الْمَغْفُوْرِ ذُنُوْبُھُمُ الْمُكَفَّرِ عَنْ سَیِّئَاتِھِمْ

ان کی سعی قبول ہے، ان کے گناہ بخشے گئے ہیں اور ان کی خطائیں مٹادی گئی ہیں

وَاَنْ تَجْعَلَ فِیْمَا تَقْضِیْ وَتُقَدِّرُ

نیز اپنی قضاء وقدر میں

اَنْ تُطِيْلَ عُمْرِيْ فِيْ خَيْرٍ وَّعَافِيَةٍ وَتُوَسِّعَ فِيْ رِزْقِيْ

میری عمر کو طویل قرار دے جس میں بھلائی اور امن ہو میری روزی میں فراخی دے

وَتَجْعَلَنِيْ مِمَّنْ تَنْتَصِرُ بِهٖ لِدِيْنِكَ وَلَا تَسْتَبْدِلْ بِيْ غَيْرِيْ.

اور ان لوگوں میں قرار دے جن کے ذریعے تو اپنے دین کی مدد کرتا ہے اور میری جگہ کسی اور کو نہ دے

ماہ رمضان کی ہر رات یہ دعا پڑھے:

اَعُوْذُ بِجَلَالِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ اَنْ يَّنْقَضِيَ عَنِّيْ شَهْرُ رَمَضَانَ

میں تیری ذات کریم کے ذریعے پناہ چاہتا ہوں اس سے کہ میرا ماہ رمضان گزر جائے

اَنْ يَّطْلُعَ الْفَجْرُ مِنْ لَّيْلَتِيْ هٰذِهٖ

یا میری آج رات کی صبح طلوع ہو جائے

وَلَكَ قِبَلِيْ تَبِعَةٌ اَوْ ذَنْبٌ تُعَذِّبُنِيْ عَلَيْهِ

اور میرے لیے کوئی سزا باقی ہو یا کوئی گناہ ذمہ ہو جس پر تو مجھے عذاب کرے

ماہ رمضان کی ہر رات یہ دعا پڑھے:

اِلٰهِيْ وَقَفَ السَّائِلُوْنَ بِبَابِكَ، وَلَاذَ الْفُقَرَاءُ بِجَنَابِكَ

اے پروردگار یہ سائل تیرے دروازہ پر کھڑے ہیں اور ان فقراء نے تیری بارگاہ میں پناہ لے لی ہے

وَوَقَفَتْ سَفِيْنَةُ الْمَسَاكِيْنِ عَلٰى سَاحِلِ بَحْرِ جُوْدِكَ وَكَرَمِكَ

مسکینوں کا سفینہ مراد ٹھہر گیا ہے تیرے ساحل جود و کرم پر

يَرْجُوْنَ الْجَوَازَ اِلٰى سَاحَةِ رَحْمَتِكَ وَنِعْمَتِكَ.

اور مقصد یہ ہے کہ بڑھ کر تیری بارگاہ رحمت و نعمت تک پہنچ جائیں

اِلٰهِيْ اِنْ كُنْتَ لَا تَرْحَمُ فِيْ هٰذَا الشَّهْرِ الشَّرِيْفِ

خدایا اگر تو اس محترم مہینہ میں صرف ان پر رحم کرے گا

اِلَّا مَنْ اَخْلَصَ لَكَ فِيْ صِيَامِهٖ وَقِيَامِهٖ

جو اپنے صیام و قیام میں مخلص ہوں

فَمَنْ لِلْمُذْنِبِ الْمُقَصِّرِ اِذَا غَرِقَ فِيْ بَحْرِ ذُنُوْبِهٖ وَاٰثَامِهٖ

تو اس گناہگار اور تقصیر وار کا کیا ہو گا جو اپنے گناہوں میں ڈوبا ہوا ہے؟

اِلٰهِيْ اِنْ كُنْتَ لَا تَرْحَمُ اِلَّا الْمُطِيْعِيْنَ فَمَنْ لِّلْعَاصِيْنَ

خدایا اگر تو صرف اطاعت گذاروں پر رحم کرے گا تو معصیت کاروں کا کیا ہو گا؟

وَاِنْ كُنْتَ لَا تَقْبَلُ اِلَّا مِنَ الْعَامِلِيْنَ فَمَنْ لِّلْمُقَصِّرِيْنَ

اور اگر تو صرف باعمل افراد کے اعمال قبول کرے گا تو کوتاہی کرنے والوں کا انجام کیا ہو گا؟

اِلٰهِيْ رَبِحَ الصَّائِمُوْنَ، وَفَازَ الْقَائِمُوْنَ

خدایا روزہ داروں نے فائدہ کما لیا اور نمازیوں نے کامیابی حاصل کر لی

وَنَجَا الْمُخْلِصُوْنَ وَنَحْنُ عَبِيْدُكَ الْمُذْنِبُوْنَ،

اور مخلص نجات پا گئے اب ہم تیرے گناہگار بندے باقی رہ گئے ہیں

فَارْحَمْنَا بِرَحْمَتِكَ، وَاعْتِقْنَا مِنَ النَّارِ بِعَفْوِكَ

تو ہم پر بھی اپنی مہربانی کر اور اپنے عفو سے ہمیں بھی آتش جہنم سے آزاد کر

وَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا بِرَحْمَتِكَ. يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ.

ہمارے گناہ بخش دے اپنی رحمت سے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

ناقص روزہ

قال الباقر علیہ السلام لا صیام لمن عصی الامام و لا صیام لعبد ابق حتی یرجع و لا صیام لامراۃ ناشزۃ حتی تتوب و لا صیام لولد عاق حتی یبر

امام باقر علیہ السلام فرماتے ہیں: ان افراد کا روزہ کامل نہیں ہے:

وہ شخص جو امام (رہبر) کی نافرمانی کرے۔

فراری غلام جب تک وہ واپس نہ آئے۔

وہ عورت جو اپنے شوہر کی اطاعت نہ کرے جب تک توبہ نہ کرے۔

وہ فرزند جو عاق والدین ہوا ہو جب تک والدین کی اطاعت نہ کرے۔

سحری کے وقت یہ دعا پڑھے جسے امام باقرؑ پڑھتے تھے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ مِنْ بَهَآئِكَ بِاَبْهَاهُ وَكُلُّ بَهَآئِكَ بَهِیٌّ

معبود میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری روشنی میں سے جو روشن تر ہے جبکہ تیری تمام روشنی بھرپور روشنی ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ بِبَهَآئِكَ كُلِّهٖ ،

اے معبود میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری تمام روشنی کے ذریعے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ مِنْ جَمَالِكَ بِاَجْمَلِهٖ وَكُلُّ جَمَالِكَ جَمِیْلٌ

اے معبود میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے جمال میں سے جو بہت زیادہ زیبا ہے اور تیرا سارا جمال زیبا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ بِجَمَالِكَ كُلِّهٖ ،

معبود میں تجھ سے تیرے تمام جمال کے ذریعے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ مِنْ جَلَالِكَ بِاَجَلِّهٖ وَكُلُّ جَلَالِكَ جَلِیْلٌ

معبود میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے جلال میں سے اسکی پوری جلالت کے ساتھ اور تیرا سارا جلال پُر جلالت ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ بِجَلَالِكَ كُلِّهٖ ،

اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے پورے جلال کے ذریعے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ مِنْ عَظَمَتِكَ بِاَعْظَمِهَا وَكُلُّ عَظَمَتِكَ عَظِیْمَةٌ

اے معبود میں سوال کرتا ہوں تیری عظمت کے ذریعے جو بڑی عظیم ہے اور تیری تمام عظمتیں بڑی ہی عظیم ہیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ بِعَظَمَتِكَ كُلِّهَا ،

اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری عظمت کے واسطے سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ مِنْ نُوْرِكَ بِاَنْوَرِهٖ وَكُلُّ نُوْرِكَ نَیِّرٌ

اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نور کے پر نور ہونے سے اور تیرا سارا نور تاباں ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ بِنُوْرِكَ كُلِّهٖ ،

معبود میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بواسطہ تیرے تمام نور کے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ مِنْ رَّحْمَتِكَ بِاَوْسَعِهَا وَكُلُّ رَحْمَتِكَ وَاسِعَةٌ

معبود میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری رحمت میں سے اسکی وسعتوں کے ساتھ اور تیری ساری رحمت وسیع ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ بِرَحْمَتِكَ كُلِّهَا،

اے معبود میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بواسطہ تیری رحمت کے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ مِنْ كَلِمَاتِكَ بِاَتَمِّهَا وَكُلُّ كَلِمَاتِكَ تَآمَّةٌ

اے معبود میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے کلمات میں سے جو کامل تر ہیں اور تیرے کلمات کامل تر ہیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ بِكَلِمَاتِكَ كُلِّهَا،

اے معبود میں تجھ سے تیرے کلمات کے ذریعے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ مِنْ كَمَالِكَ بِاَكْمَلِهٖ وَكُلُّ كَمَالِكَ كَامِلٌ

اے معبود میں سوال کرتا ہوں تیرے کمال میں سے جو بہت کامل ہے اور تیرا ہر کمال ہی کامل تر ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ بِكَمَالِكَ كُلِّهٖ،

اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے ہر کمال کے ذریعے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ مِنْ اَسْمَآئِكَ بِاَكْبَرِهَا وَكُلُّ اَسْمَآئِكَ كَبِيْرَةٌ

اے معبود میں تجھ سے تیرے ناموں میں سے بڑے ذریعے سوال کرتا ہوں اور تیرے سبھی نام بزرگ تر ہیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَآئِكَ كُلِّهَا،

معبود میں تجھ سے تیرے سبھی ناموں کے ذریعے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ مِنْ عِزَّتِكَ بِاَعَزِّهَا وَكُلُّ عِزَّتِكَ عَزِيْزَةٌ

معبود میں تجھ سے تیری عزت میں سے بلند تر عزت کے ذریعے سوال کرتا ہوں اور تیری عزت ہی بلند تر ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ بِعِزَّتِكَ كُلِّهَا،

اے معبود میں تجھ سے تیری تمام عزت کے ذریعے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ مِنْ مَّشِيَّتِكَ بِاَمْضَاهَا وَكُلُّ مَشِيَّتِكَ مَاضِيَةٌ

اے معبود سوال کرتا ہوں میں تجھ سے تیری نافذ ہونے والی مرضی کے ذریعے اور تیری ہر مرضی نافذ ہونے والی ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ بِمَشِيَّتِكَ كُلِّهَا،

اے معبود میں تجھ سے تیری ہر مرضی کے ذریعے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ مِنْ قُدْرَتِكَ بِالْقُدْرَةِ الَّتِی

اے معبود میں تجھ سے تیری اس قدرت کے ذریعے سوال کرتا ہوں جس سے

اسْتَطَلْتَ بِهَا عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ وَکُلُّ قُدْرَتِكَ مُسْتَطِیْلَةٌ

توہر چیز مسلط رکھتا ہے اور تیری تمام قدرت تسلط رکھنے والی ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِقُدْرَتِكَ كُلِّهَا

معبود میں تجھ سے تیری تمام قدرت کے ذریعے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ عِلْمِكَ بِاَنْفَذِهٖ وَكُلُّ عِلْمِكَ نَافِذٌ

معبود میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے بہت نفوذ والے علم کے ذریعے اور تیرا تمام علم نافذ تر ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِعِلْمِكَ كُلِّهٖ،

معبود میں تجھ سے تیرے سارے ہی علم کے ذریعے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ قَوْلِكَ بِاَرْضَاهُ وَكُلُّ قَوْلِكَ رَضِیٌّ

اے معبود میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے قول سے جو پسندیدہ تر ہے تیرا ہر قول پسندیدہ ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِقَوْلِكَ كُلِّهٖ،

معبود میں تجھ سے تیرے ہر قول کے ذریعے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ مَسَائِلِكَ بِاَحَبِّهَا اِلَيْكَ وَكُلُّهَا اِلَيْكَ حَبِيْبَةٌ

معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے محبوب تر مسائل سے کہ وہ سب تیرے نزدیک محبوب و مطلوب ہیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِمَسَآئِلِكَ كُلِّهَا،

اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے تمام مسائل کے ذریعے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ شَرَفِكَ بِاَشْرَفِهٖ وَكُلُّ شَرَفِكَ شَرِيْفٌ

معبود میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے شرف میں سے اعلیٰ شرف کے ذریعے اور تیرا ہر شرف اعلیٰ ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِشَرَفِكَ كُلِّهٖ،

معبود میں تجھ سے تیرے تمام شرف کے ذریعے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ سُلْطَانِكَ بِاَدْوَمِهٖ وَكُلُّ سُلْطَانِكَ دَآئِمٌ

اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری سلطنت سے جو ہمیشہ کے لیے ہے اور تیری سلطنت ہے ہی ہمیشگی والی

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِسُلْطَانِكَ كُلِّهٖ،

معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری ساری سلطنت کے ذریعے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُکَ مِنْ مُلْکِکَ بِاَفْخَرِہٖ وَکُلُّ مُلْکِکَ فَاخِرٌ

معبود میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے فخر ملک کے ذریعے اور تیرا تمام ملک ہی موجب فخر ہے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُکَ بِمُلْکِکَ کُلِّہٖ ۔

اے معبود میں تجھ سے تیرے تمام ملک کے ذریعے سوال کرتا ہوں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُکَ مِنْ عُلُوِّکَ بِاَعْلَاہُ وَکُلُّ عُلُوِّکَ عَالٍ

اے معبود میں تجھ سے تیری بلند تر بلندی کے ذریعے سوال کرتا ہوں اور تیری ہر بلندی بلند تر ہے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُکَ بِعُلُوِّکَ کُلِّہٖ ۔

اے معبود میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری تمام تر بلندی کے ذریعے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُکَ مِنْ مَنِّکَ بِاَقْدَمِہٖ

اے معبود میں تجھ سے تیرے احسان کی قدامت کے ذریعے سوال کرتا ہوں

وَکُلُّ مَنِّکَ قَدِیْمٌ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُکَ بِمَنِّکَ کُلِّہٖ ۔

تیرا ہر احسان قدیم ہے معبود میں تجھ سے تیرے احسانات سے سوال کرتا ہوں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُکَ مِنْ اٰیَاتِکَ بِاَکْرَمِھَا وَکُلُّ اٰیَاتِکَ کَرِیْمَۃٌ

معبود میں تجھ سے تیری آیات میں سے بزرگ تر آیت کے ذریعے سوال کرتا ہوں اور تیری سبھی آیات بزرگ ہیں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُکَ بِاٰیَاتِکَ کُلِّھَا

معبود میں تجھ سے تیری تمام آیات کے ذریعے سوال کرتا ہوں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُکَ بِمَآ اَنْتَ فِیْہِ مِنَ الشَّاْنِ وَالْجَبَرُوْتِ

اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس کے ذریعے جس میں تو قدرت اور شان کے ساتھ ہے

وَاَسْئَلُکَ بِکُلِّ شَاْنٍ وَّحْدَہٗ وَجَبَرُوْتٍ وَّحْدَھَا ۔

اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ہر نرالی شان اور یکتا بزرگی کے ذریعے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُکَ بِمَا تُجِیْبُنِیْ حِیْنَ اَسْئَلُکَ فَاَجِبْنِیْ یَآ اَللہُ .

اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس چیز کے ذریعے جس سے تو حاجت پوری فرمائے

اس کے بعد اپنی ہر حاجت طلب کرے تاکہ خدائے تعالٰی اسے برلائے۔

یہ دعا پڑھے کہ جو سحری کی دعاؤں میں سب سے مختصر ہے:

يَا مَفْزَعِيْ عِنْدَ كُرْبَتِيْ وَيَا غَوْثِيْ عِنْدَ شِدَّتِيْ،

اے مصیبت میں میری پناہ گاہ اے سختی میں میرے فریادرس

اِلَيْكَ فَزِعْتُ وَبِكَ اسْتَغَثْتُ وَبِكَ لُذْتُ لَآ اَلُوْذُ بِسِوَاكَ

ڈرا ہوا تیرے پاس آیا ہوں اور تجھ سے فریاد کرتا ہوں تیری طرف دوڑا ہوں اور تیرے غیر کی پناہ نہیں لیتا

وَلَآ اَطْلُبُ الْفَرَجَ اِلَّا مِنْكَ ؛ فَاَغِثْنِيْ وَفَرِّجْ عَنِّيْ

تیرے سوا کسی سے کشائش کا طالب نہیں ہوں پس میری فریاد سن اور کشائش عطا کر

يَا مَنْ يَّقْبَلُ الْيَسِيْرَ وَيَعْفُوْ عَنِ الْكَثِيْرِ اِقْبَلْ مِنِّي الْيَسِيْرَ

اے وہ جو تھوڑا عمل قبول کرتا ہے اور بہت سے گناہ معاف کرتا ہے مجھ سے بھی تھوڑا عمل قبول فرما

وَاعْفُ عَنِّي الْكَثِيْرَ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ.

اور بہت سے گناہوں کو معاف کر دے بے شک تو ہی بہت بخشنے والا مہربان ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ اِيْمَانًا تُبَاشِرُ بِهٖ قَلْبِيْ

اے معبود میں تجھ سے ایسے ایمان کا سوالی ہوں جو میرے دل میں جما رہے

وَيَقِيْنًا حَتّٰى اَعْلَمَ اَنَّهٗ لَنْ يُّصِيْبَنِيْٓ اِلَّا مَا كَتَبْتَ لِيْ

اور یقین کہ جس سے میں یہ سمجھنے لگوں کہ مجھے وہی پہنچے گا جو میرے لیے لکھا ہے

وَرَضِّنِيْ مِنَ الْعَيْشِ بِمَا قَسَمْتَ لِيْ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ.

اور مجھے اس زندگی پر شاد رکھ جو تو نے مجھے دی ہے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

يَا عُدَّتِيْ فِيْ كُرْبَتِيْ وَيَا صَاحِبِيْ فِيْ شِدَّتِيْ وَيَا وَلِيِّيْ فِيْ نِعْمَتِيْ

مصیبت میں میرے سرمایہ اے سختی میں میرے ساتھی اے نعمت میں میرے سرپرست

وَيَا غَايَتِيْ فِيْ رَغْبَتِيْٓ اَنْتَ السَّاتِرُ عَوْرَتِيْ وَالْاٰمِنُ رَوْعَتِيْ

اور اے میری چاہت کے مرکز تو میرے عیبوں کا چھپانے والا خوف میں امان دینے والا

وَالْمُقِيْلُ عَثْرَتِيْ، فَاغْفِرْ لِيْ خَطِيْئَتِيْ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ.

اور میری غلطیاں معاف کرنے والا ہے، پس میری خطائیں بخش دے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

دعاء ابو حمزہ ثمالی

شیخ نے مصباح میں ابو حمزہ ثمالی کی روایت نقل کی ہے کہ امام زین العابدین علیہ السلام رمضان مبارک کی راتیں نماز میں گزارتے اور سحری کے وقت یہ دعا پڑھتے تھے:

اِلٰهِي لَا تُؤَدِّبْنِي بِعُقُوبَتِكَ وَلَا تَمْكُرْ بِي فِي حِيلَتِكَ،

معبود مجھے عذاب میں گرفتار نہ کر، مجھے اپنی قدرت کے ساتھ نہ آزما مجھے

مِنْ اَيْنَ لِيَ الْخَيْرُ يَا رَبِّ وَلَا يُوجَدُ اِلَّا مِنْ عِنْدِكَ ؟

کہاں سے بھلائی حاصل ہو گی، پالنے والے وہ مجھے نہیں ملے گی مگر تیرے ہی حضور سے

وَمِنْ اَيْنَ لِيَ النَّجَاةُ وَلَا تُسْتَطَاعُ اِلَّا بِكَ ؟

مجھے کہاں سے نجات مل سکے گی جبکہ اس پر کسی کو قدرت نہیں سوائے تیرے

لَا الَّذِي اَحْسَنَ اسْتَغْنٰى عَنْ عَوْنِكَ وَرَحْمَتِكَ

نہ نیکی کرنے والا تیری مدد اور رحمت سے بے نیاز ہے

وَلَا الَّذِي اَسَاءَ وَاجْتَرَءَ عَلَيْكَ

نہ برائی کرنے والا تیرے مقابل جرات کرنے

وَلَمْ يُرْضِكَ خَرَجَ عَنْ قُدْرَتِكَ

اور تیری رضاجوئی نہ کرنے والا تیرے قابو سے باہر ہے

يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا رَبِّ..

اس کو اتنی مرتبہ کہے یہاں تک کہ سانس ٹوٹ جائے اور اس کے بعد کہے:

بِكَ عَرَفْتُكَ وَاَنْتَ دَلَلْتَنِي عَلَيْكَ

میں نے تیرے ہی ذریعے تجھے پہچانا تو نے اپنی طرف میری رہنمائی کی

وَدَعَوْتَنِي اِلَيْكَ وَلَوْلَا اَنْتَ لَمْ اَدْرِ مَا اَنْتَ.

اور مجھے بلایا ہے اور اگر تو مجھے نہ بلاتا تو میں سمجھ ہی نہ سکتا کہ تو کون ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي اَدْعُوهُ فَيُجِيبُنِي وَاِنْ كُنْتُ بَطِيئًا حِينَ يَدْعُونِي،

حمد ہے اس خدا کے لیے جسے پکارتا ہوں تو جواب دیتا ہے اور جب وہ مجھے پکارے تو میں سستی کرتا ہوں

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَسْئَلُهٗ فَيُعْطِيْنِيْ

حمد ہے اس اللہ کے لیے کہ جس سے میں مانگتا ہوں تو مجھے عطا کرتا ہے

وَاِنْ كُنْتُ بَخِيْلًا حِيْنَ يَسْتَقْرِضُنِيْ،

گرچہ جب وہ مجھ سے طالب قرض ہو تو کنجوسی کرتا ہوں

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اُنَادِيْهِ كُلَّمَا شِئْتُ لِحَاجَتِيْ

حمد ہے اس اللہ کے لیے کہ جب چاہوں اسے اپنی حاجت کے لیے پکارتا ہوں

وَاَخْلُوْبِهٖ حَيْثُ شِئْتُ لِسِرِّيْ بِغَيْرِ شَفِيْعٍ فَيَقْضِيْ لِيْ حَاجَتِيْٓ

اور جب چاہوں تنہائی میں بغیر سفارشی کے اس سے راز و نیاز کرتا ہوں تو وہ میری حاجت پوری کرتا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَآ اَدْعُوْ غَيْرَهٗ وَلَوْ دَعَوْتُ غَيْرَهٗ لَمْ يَسْتَجِبْ لِيْ دُعَآئِيْ

حمد ہے اس اللہ کے لیے جسکے سوا میں کسی کو نہیں پکارتا اور اگر اسکے غیر سے دعا کروں تو وہ میری دعا قبول نہیں کرے گا

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَآ اَرْجُوْ غَيْرَهٗ وَلَوْ رَجَوْتُ غَيْرَهٗ لَاَخْلَفَ رَجَآئِيْ،

حمد ہے اس اللہ کے لیے جسکے غیر سے امید نہیں رکھتا اور اگر امید رکھوں بھی تو وہ میری دعا قبول نہیں کرے گا

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ وَكَلَنِيْٓ اِلَيْهِ فَاَكْرَمَنِيْ

حمد ہے اس اللہ کی جس نے مجھے اپنی سپردگی میں لے کر عزت دی

وَلَمْ يَكِلْنِيْٓ اِلَى النَّاسِ فَيُهِيْنُوْنِيْ،

اور مجھے لوگوں کے بس میں نہ ڈالا کہ مجھے ذلیل کرتے

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ تَحَبَّبَ اِلَيَّ وَهُوَ غَنِيٌّ عَنِّيْ

حمد ہے اس اللہ کے لیے جو مجھ سے محبت کرتا ہے اگرچہ وہ مجھ سے بے نیاز ہے

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ يَحْلُمُ عَنِّيْ حَتّٰى كَاَنِّيْ لَا ذَنْبَ لِيْ

حمد ہے اس اللہ کے لیے جو مجھ سے اتنی نرمی کرتا ہے جیسے میں نے کوئی گناہ نہ کیا ہو

فَرَبِّيْٓ اَحْمَدُ شَيْءٍ عِنْدِيْ وَاَحَقُّ بِحَمْدِيْ.

پس میرا رب ہر شئے سے زیادہ قابل تعریف ہے اور وہ میری حمد کا زیادہ حقدار ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَجِدُ سُبُلَ الْمَطَالِبِ اِلَيْكَ مُشْرَعَةً

اے معبود میں اپنے مقاصد کی راہیں تیری طرف کھلی پاتا ہوں

وَّمَنَاهِلَ الرَّجَآءِ اِلَيْكَ مُتْرَعَةً

اور امیدوں کے چشمے تیرے ہاں بھرے پڑے ہیں

وَّالْاِسْتِعَانَةَ بِفَضْلِكَ لِمَنْ اَمَّلَكَ مُبَاحَةً

ہر امیدوار کے لیے تیرے فضل سے مدد چاہنا مباح ہے

وَّاَبْوَابَ الدُّعَآءِ اِلَيْكَ لِلصَّارِخِيْنَ مَفْتُوْحَةً

اور فریاد کرنے والوں کی دعاؤں کے لیے تیرے دروازے کھلے ہیں

وَّاَعْلَمُ اَنَّكَ لِلرَّاجِيْ بِمَوْضِعِ اِجَابَةٍ وَّلِلْمَلْهُوْفِيْنَ بِمَرْصَدِ اِغَاثَةٍ،

اور میں جانتا ہوں کہ تو امیدوار کی جائے قبولیت ہے تو مصیبت زدوں کے لیے فریادرسی کی جگہ ہے

وَّاَنَّ فِي اللَّهْفِ اِلٰى جُوْدِكَ وَالرِّضَا بِقَضَآئِكَ عِوَضًا

میں جانتا ہوں کہ تیری سخاوت کی پناہ لینا اور تیرے فیصلے پر راضی رہنا

مِّنْ مَّنْعِ الْبَاخِلِيْنَ

کنجوسوں کی روک ٹوک سے بچنے

وَمَنْدُوْحَةً عَمَّا فِيْ اَيْدِي الْمُسْتَاثِرِيْنَ

اور خود غرض مالداروں سے محفوظ رہنے کا ذریعہ

وَاَنَّ الرَّاحِلَ اِلَيْكَ قَرِيْبُ الْمَسَافَةِ،

ہے نیز یہ کہ تیری طرف آنے والے کی منزل قریب ہے

وَاَنَّكَ لَا تَحْتَجِبُ عَنْ خَلْقِكَ اِلَّآ اَنْ تَحْجُبَهُمُ الْاَعْمَالُ دُوْنَكَ،

اور تو اپنی مخلوق سے اوجھل نہیں ہے مگر ان کے برے اعمال ہی نے انہیں تجھ سے دور کر رکھا ہے

وَقَصَدْتُّ اِلَيْكَ بِطَلِبَتِيْ وَتَوَجَّهْتُ اِلَيْكَ بِحَاجَتِيْ

میں اپنی طلب لے کر تیری بارگاہ میں آیا اپنی حاجت کے ساتھ تیری طرف متوجہ ہوا ہوں

وَجَعَلْتُ بِكَ اسْتِغَاثَتِيْ وَبِدُعَآئِكَ تَوَسُّلِيْ مِنْ غَيْرِ اسْتِحْقَاقٍ

میری فریاد تیرے حضور میں ہے میری دعا کو وسیلہ تیری ہی ذات ہے جبکہ میں اس کا حقدار نہیں

لِّاسْتِمَاعِكَ مِنِّيْ، وَلَا اسْتِيْجَابٍ لِّعَفْوِكَ عَنِّيْ

کہ تو میری سنے اور نہ اس قابل ہوں کہ تو مجھے معاف کر دے

بَلْ لِثِقَتِي بِكَرَمِكَ وَسُكُونِي إِلَى صِدْقِ وَعْدِكَ

البتہ مجھے تیرے کرم پر بھروسہ اور تیرے سچے وعدے پر اعتماد ہے

وَلَجَائِي إِلَى الْإِيمَانِ بِتَوْحِيدِكَ

تیری توحید پر ایمان میری پکی سچی پناہ گاہ ہے

وَيَقِينِي بِمَعْرِفَتِكَ مِنِّي أَنْ لَا رَبَّ لِي غَيْرُكَ

تیرے بارے میں مجھے اپنی معرفت پر یقین ہے تیرے سوا میرا کوئی پالنے والا نہیں

وَلَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيكَ لَكَ

اور نہیں کوئی معبود مگر تو تو یگانہ ہے تیرا کوئی ساجھی نہیں

اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الْقَائِلُ وَقَوْلُكَ حَقٌّ وَوَعْدُكَ صِدْقٌ :

اے معبود یہ تیرا فرمان ہے اور تیرا کہنا درست اور تیرا وعدہ سچا ہے

وَاسْأَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهِ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيمًا،

کہ اللہ سے اس کا فضل مانگو بے شک اللہ تم پر بڑا مہربان ہے

وَلَيْسَ مِنْ صِفَاتِكَ يَا سَيِّدِي أَنْ تَأْمُرَ بِالسُّؤَالِ وَتَمْنَعَ الْعَطِيَّةَ،

اور اے میرے سردار یہ بات تیری شان سے بعید ہے کہ تو مانگنے کا حکم دے تو عطا نہ کرے

وَأَنْتَ الْمَنَّانُ بِالْعَطِيَّاتِ عَلَى أَهْلِ مَمْلَكَتِكَ

تو اپنی مملکت کے باشندوں کو بہت بہت عطا کرنے والا ہے

وَالْعَائِدُ عَلَيْهِمْ بِتَحَنُّنِ رَأْفَتِكَ

اور ان کی طرف متوجہ ہے اپنی مہربانی و نرمی سے

إِلٰهِي رَبَّيْتَنِي فِي نِعَمِكَ وَإِحْسَانِكَ صَغِيرًا وَنَوَّهْتَ بِاسْمِي كَبِيرًا،

اے اللہ جب میں بچہ تھا تو نے مجھے اپنی نعمت اور احسان کے ساتھ پالا اور جب میں بڑا ہوا تو مجھے شہرت عطا کی

فَيَا مَنْ رَبَّانِي فِي الدُّنْيَا بِإِحْسَانِهِ وَتَفَضُّلِهِ وَنِعَمِهِ

پس اے وہ ذات جس نے دنیا میں مجھے اپنے احسان نعمت اور عطا سے پرورش کیا

وَأَشَارَ لِي فِي الْآخِرَةِ إِلَى عَفْوِهِ وَكَرَمِهِ

اور آخرت میں مجھے اشارہ دیا ہے اپنے عفو و کرم کا

مَعْرِفَتِيْ يَا مَوْلَايَ دَلِيْلِيْ عَلَيْكَ وَحُبِّيْ لَكَ شَفِيْعِيْ اِلَيْكَ

اے میرے مولا میری معرفت ہی تیری طرف رہنما ہے اور میری تجھ سے محبت تیرے سامنے میری سفارشی ہے

وَاَنَا وَاثِقٌ مِّنْ دَلِيْلِيْ بِدَلَالَتِكَ وَسَاكِنٌ مِّنْ شَفِيْعِيْ اِلٰى شَفَاعَتِكَ،

اور مجھے بھروسہ ہے تیری طرف لے جانے والے رہبر پر اور تیرے حضور شفاعت کرنے والے اپنے شفیع پر اطمینان

اَدْعُوْكَ يَا سَيِّدِيْ بِلِسَانٍ قَدْ اَخْرَسَهٗ ذَنْبُهٗ

میرے سردار میں تجھے اس زبان سے پکارتا ہوں جو بوجہ گناہ کے لکنت کرتی ہے

رَبِّ اُنَاجِيْكَ بِقَلْبٍ قَدْ اَوْبَقَهٗ جُرْمُهٗ،

پالنے والے میں اس دل سے راز گوئی کرتا ہوں جسے اسکے جرم نے تباہ کردیا

اَدْعُوْكَ يَا رَبِّ رَاهِبًا رَّاغِبًا رَّاجِيًا خَآئِفًا

پالنے والے میں تجھے پکارتا ہوں لیکن سہا ہوا ڈرا ہوا چاہتا ہوا امید رکھتا ہوا

اِذَا رَاَيْتُ مَوْلَايَ ذُنُوْبِيْ فَزِعْتُ وَاِذَا رَاَيْتُ كَرَمَكَ طَمِعْتُ،

اے میرے مولا جب میں اپنے گناہوں کو دیکھتا ہوں تو گھبراتا ہوں اور تیرے کرم کو دیکھتا ہوں تو آرزو بڑھتی ہے

فَاِنْ عَفَوْتَ فَخَيْرُ رَاحِمٍ وَّاِنْ عَذَّبْتَ فَغَيْرُ ظَالِمٍ.

اگر معاف کردے تو بہترین رحم والا ہے اور عذاب دے تو بھی ظلم کرنے والا نہیں

حُجَّتِيْ يَآ اَللّٰهُ فِيْ جُرْاَتِيْ عَلٰى مَسْئَلَتِكَ

میری حجت ہے اے اللہ تجھ سے سوال کرنے کی جرات میں

مَعَ اِتْيَانِيْ مَا تَكْرَهُ جُوْدُكَ وَكَرَمُكَ

جو کام تجھے ناپسند ہیں وہ انجام دینے کے باوجود تیرا جود و کرم ہی

وَعُدَّتِيْ فِيْ شِدَّتِيْ مَعَ قِلَّةِ حَيَآئِيْ رَاْفَتُكَ وَرَحْمَتُكَ

اور حیا کی کمی کے باوجود سختی کے وقت میرا سہارا تیری مہربانی و نرم روی ہے

وَقَدْ رَجَوْتُ اَنْ لَّا تَخِيْبَ بَيْنَ ذَيْنِ وَذَيْنِ مُنْيَتِيْ،

اور میں امید رکھتا ہوں کہ تو مجھے مایوس نہ کرے گا ایسی ویسی باتوں کے ہوتے ہوئے بھی

فَحَقِّقْ رَجَآئِيْ وَاسْمَعْ دُعَآئِيْ يَا خَيْرَ مَنْ دَعَاهُ دَاعٍ

پس میری امید برلا اور میری دعا سن لے اے پکارے جانے والوں میں سب سے بہتر

وَاَفْضَلَ مَنْ رَجَاهُ رَاجٍ. عَظُمَ يَاسَيِّدِيْ اَمَلِيْ

اور امید کی جاتی ہے ان میں سب سے بلند تر اے میرے آقا میری آرزو بڑی

وَسَاۤءَ عَمَلِيْ فَاَعْطِنِيْ مِنْ عَفْوِكَ بِمِقْدَارِ اَمَلِيْ

اور میرا عمل برا ہے پس اپنے عفو سے کام لے کر میری آرزو پوری فرما

وَلَا تُؤَاخِذْنِيْ بِاَسْوَءِ عَمَلِيْ فَاِنَّ كَرَمَكَ يَجِلُّ عَنْ مُّجَازَاةِ الْمُذْنِبِيْنَ

اور برے عمل پر میری گرفت نہ کر کیونکہ تیرا کرم بہت بلند و بالا ہے سزاؤں سے گنہگاروں کی

وَحِلْمَكَ يَكْبُرُ عَنْ مُكَافَاةِ الْمُقَصِّرِيْنَ،

اور تیرا حلم کوتاہی کرنے والوں کی سزاؤں سے عظیم تر ہے

وَاَنَا يَاسَيِّدِيْ عَآئِذٌ بِفَضْلِكَ هَارِبٌ مِّنْكَ اِلَيْكَ

اور میرے سردار پناہ لیتا ہوں تیرے فضل کی تیرے خوف سے بھاگ کر میں چاہتا ہوں

مُتَنَجِّزٌ مَّا وَعَدْتَّ مِنَ الصَّفْحِ عَمَّنْ اَحْسَنَ بِكَ ظَنًّا

اس سے درگذر کا وعدہ پورا فرما کہ جس نے تجھ سے اچھا گمان رکھا ہے

وَّمَا اَنَا يَارَبِّ وَمَا خَطَرِيْ

اور اے میرے پروردگار میں کیا اور میری اوقات کیا

هَبْنِيْ بِفَضْلِكَ وَتَصَدَّقْ عَلَيَّ بِعَفْوِكَ اَيْ رَبِّ،

تو ہی اپنے فضل سے مجھے بخش دے اور اپنے عفو سے مجھ پر عنایت فرما میرے رب

جَلِّلْنِيْ بِسَتْرِكَ وَاعْفُ عَنْ تَوْبِيْخِيْ بِكَرَمِ وَجْهِكَ،

مجھے اپنی پردہ پوشی سے ڈھانک اور اپنے خاص کرم سے میری سرزنش ٹال دے

فَلَوِ اطَّلَعَ الْيَوْمَ عَلٰى ذَنْبِيْ غَيْرُكَ مَافَعَلْتُهٗ

اگر آج کوئی دوسرا میرے گناہ کو جان لیتا تیرے سوا تو میں یہ کبھی نہ کرتا

وَلَوْ خِفْتُ تَعْجِيْلَ الْعُقُوْبَةِ لَاجْتَنَبْتُهٗ

اور اگر مجھے جلد سزا ملنے کا خوف ہوتا تو ضرور گناہ سے دور رہتا

لَا لِاَنَّكَ اَهْوَنُ النَّاظِرِيْنَ وَاَخَفُّ الْمُطَّلِعِيْنَ

لیکن اس کی وجہ یہ نہیں کہ تو دیکھنے والوں میں کمتر اور جاننے والوں میں کم رتبہ ہے

بَلْ لِاَنَّكَ يَا رَبِّ خَيْرُ السَّاتِرِيْنَ وَاَحْكَمُ الْحَاكِمِيْنَ وَاَكْرَمُ الْاَكْرَمِيْنَ

بلکہ وجہ یہ ہے اے پروردگار کہ تو بہترین پردہ پوشی کرنے والا سب سے بڑا حاکم اور سب سے زیادہ کرم کرنے والا

سَتَّارُ الْعُيُوْبِ غَفَّارُ الذُّنُوْبِ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ

عیبوں کو ڈھانپنے والا گناہوں کا معاف کرنے والا چھپی باتوں کا جاننے والا

تَسْتُرُ الذَّنْبَ بِكَرَمِكَ وَتُؤَخِّرُ الْعُقُوْبَةَ بِحِلْمِكَ،

تو گناہ ڈھانپتا ہے اپنے کرم اور نرم خوئی سے سزا میں تاخیر کرتا ہے

فَلَكَ الْحَمْدُ عَلٰى حِلْمِكَ بَعْدَ عِلْمِكَ وَعَلٰى عَفْوِكَ بَعْدَ قُدْرَتِكَ.

پس حمد ہے تیرے لیے کہ جانتے ہوئے نرمی سے کام لیتا ہے تیری حمد ہے کہ توانا ہوتے ہوئے معاف کرتا ہے

وَيَحْمِلُنِيْ وَيُجَرِّئُنِيْ عَلٰى مَعْصِيَتِكَ حِلْمُكَ عَنِّيْ،

اور وہ میرے ساتھ تیری نرم روی ہے جس نے مجھے تیری نافرمانی پر آمادہ کیا ہے

وَيَدْعُوْنِيْ اِلٰى قِلَّةِ الْحَيَاۤءِ سِتْرُكَ عَلَيَّ،

تیرا میری پردہ پوشی کرنا مجھ میں حیا کی کمی کا سبب بنا ہے

وَيُسْرِعُنِيْ اِلَى التَّوَثُّبِ عَلٰى مَحَارِمِكَ

اور میں تیرے حرام کاموں کی طرف جلدی کرتا ہوں

مَعْرِفَتِيْ بِسَعَةِ رَحْمَتِكَ وَعَظِيْمِ عَفْوِكَ،

تیری وسیع رحمت اور عظیم عفو کی معرفت کے باعث

يَا حَلِيْمُ يَا كَرِيْمُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

اے نرم خو اے مہربان اے زندہ اے نگہبان

يَا غَافِرَ الذَّنْبِ يَا قَابِلَ التَّوْبِ يَا عَظِيْمَ الْمَنِّ

اے گناہ معاف کرنے والے اے توبہ قبول کرنے والے اے عظیم عطا والے

يَا قَدِيْمَ الْاِحْسَانِ اَيْنَ سِتْرُكَ الْجَمِيْلُ اَيْنَ عَفْوُكَ الْجَلِيْلُ

اے قدیم احسان والے کہاں ہے تیری بہترین پردہ پوشی کہاں ہے تیرا بلند تر عفو کہاں ہے

اَيْنَ فَرَجُكَ الْقَرِيْبُ اَيْنَ غِيَاثُكَ السَّرِيْعُ اَيْنَ رَحْمَتُكَ الْوَاسِعَةُ

تیری قریب تر کشائش کہاں ہے تیری فوری فریادرسی کہاں ہے تیری وسیع تر رحمت کہاں ہیں

أَيْنَ عَطَايَاكَ الْفَاضِلَةُ أَيْنَ مَوَاهِبُكَ الْهَنِيئَةُ أَيْنَ صَنَائِعُكَ السَّنِيَّةُ

تیری بہترین عطائیں کہاں ہیں تیری خوشگوار بخششیں کہاں ہیں تیرے شاندار انعامات کہاں ہے

أَيْنَ فَضْلُكَ الْعَظِيمُ أَيْنَ مَنُّكَ الْجَسِيمُ أَيْنَ إِحْسَانُكَ الْقَدِيمُ

تیرا باعظمت فضل کہاں ہے تیری عظیم بخشش کہاں ہے تیرا قدیم تر احسان کہاں ہے

أَيْنَ كَرَمُكَ يَا كَرِيمُ بِهِ فَاسْتَنْقِذْنِي وَبِرَحْمَتِكَ فَخَلِّصْنِي

تیرا کرم کہاں ہے اے کریم اپنی مہربانی سے مجھے عذاب سے نکال اور اپنی رحمت سے مجھے اس سے رہائی دے

يَا مُحْسِنُ يَا مُجْمِلُ يَا مُنْعِمُ يَا مُفْضِلُ

اے نیکوکار اے خوش صفات اے نعمت دینے والے اے بلندی دینے والے

لَسْتُ أَتَّكِلُ فِي النَّجَاةِ مِنْ عِقَابِكَ عَلَى أَعْمَالِنَا بَلْ بِفَضْلِكَ عَلَيْنَا

کچھ بھروسہ نہیں تیری سزا سے بچنے میں مجھے اپنے اعمال پر بلکہ تیرے فضل کا سہارا ہے جو ہم پر ہے

لِأَنَّكَ أَهْلُ التَّقْوَى وَأَهْلُ الْمَغْفِرَةِ

کیونکہ تو گناہ سے بچا لینے والا اور گناہ بخش دینے والا ہے

تُبْدِئُ بِالْإِحْسَانِ نِعَمًا وَتَعْفُو عَنِ الذَّنْبِ كَرَمًا

تو احسان کے ساتھ نعمتوں کا آغاز کرتا اور مہربانی کرتے ہوئے گناہ کی معافی دیتا ہے

فَمَا نَدْرِي مَا نَشْكُرُ أَجَمِيلَ مَا تَنْشُرُ أَمْ قَبِيحَ مَا تَسْتُرُ

پس ہم نہیں جانتے کہ کس بات پر شکر کریں آیا تیری نیکی ظاہر کرنے یا برائی کی پردہ پوشی پر

أَمْ عَظِيمَ مَا أَبْلَيْتَ وَأَوْلَيْتَ أَمْ كَثِيرَ مَا مِنْهُ نَجَّيْتَ وَعَافَيْتَ؟

یا بڑی غم خواری اور عطائے نعمت پر شکر کریں یا بہت سی چیزوں سے تیرے نجات عطا کرنے اور امن دینے پر

يَا حَبِيبَ مَنْ تَحَبَّبَ إِلَيْكَ وَيَا قُرَّةَ عَيْنِ مَنْ لَاذَ بِكَ وَانْقَطَعَ إِلَيْكَ.

اے اسکے دوست جو تجھ سے دوستی کرے اور اے اسکی روشنی چشم جو تیری پناہ لے اور سب سے کٹ کر تیرا ہو جائے

أَنْتَ الْمُحْسِنُ وَنَحْنُ الْمُسِيئُونَ،

تو بھلائی کرنے والا اور ہم برائی کرنے والے ہیں

فَتَجَاوَزْ يَا رَبِّ عَنْ قَبِيحِ مَا عِنْدَنَا بِجَمِيلِ مَا عِنْدَكَ،

پس اے پالنے والے ہماری برائی سے درگزر فرما اپنی بھلائی سے کام لیتے ہوئے

وَاَيُّ جَهْلٍ يَا رَبِّ لَا يَسَعُهُ جُوْدُكَ

اے پالنے والے وہ کونسی نادانی ہے جس پر وسعت نہ رکھتا ہو تیرا کرم

اَوْ اَيُّ زَمَانٍ اَطْوَلُ مِنْ اَنَاتِكَ ؟

یا وہ کونسا زمانہ ہے جو تیری مہلت سے دراز تر ہو؟

وَمَا قَدْرُ اَعْمَالِنَا فِيْ جَنْبِ نِعَمِكَ

اور تیری نعمتوں کے سامنے ہمارے اعمال کی کیا وقعت ہے

وَكَيْفَ نَسْتَكْثِرُ اَعْمَالًا نُقَابِلُ بِهَا كَرَمَكَ

کس طرح ہم اپنے اعمال میں اضافہ کریں کہ انہیں تیرے کرم کے سامنے لا سکیں

بَلْ كَيْفَ يَضِيْقُ عَلَى الْمُذْنِبِيْنَ مَا وَسِعَهُمْ مِّنْ رَّحْمَتِكَ ؟!

بلکہ گنہگاروں پر کیسے تنگ ہو جائے گی تیری وہ رحمت جو ان پر چھائی ہوئی ہے؟

يَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ يَا بَاسِطَ الْيَدَيْنِ بِالرَّحْمَةِ

اے وسیع تر بخشش والے اے مہربانی سے بہت زیادہ دینے والے

فَوَعِزَّتِكَ يَا سَيِّدِيْ لَوْ نَهَرْتَنِيْ مَا بَرِحْتُ مِنْ بَابِكَ

پس تیری عزت کی قسم آقا میں تیرے دروازے سے نہ ہٹوں گا چاہے تو دھتکارے

وَلَا كَفَفْتُ عَنْ تَمَلُّقِكَ لِمَا انْتَهَى اِلَيَّ مِنَ الْمَعْرِفَةِ بِجُوْدِكَ وَكَرَمِكَ،

اور میں اپنی زبان کو تیری تعریف و توصیف سے نہ روکوں گا چونکہ مجھے تیرے جود و کرم کی معرفت ہے

وَاَنْتَ الْفَاعِلُ لِمَا تَشَاءُ تُعَذِّبُ مَنْ تَشَاءُ

اس لیے تو جو چاہے کر گزرتا ہے تو جسے چاہے عذاب دیتا ہے

بِمَا تَشَاءُ كَيْفَ تَشَاءُ وَتَرْحَمُ مَنْ تَشَاءُ بِمَا تَشَاءُ كَيْفَ تَشَاءُ،

جس چیز سے چاہے اور جیسے چاہے عذاب دیتا ہے اور جس پر چاہے جس چیز سے چاہے جیسے چاہے رحم کرتا ہے

لَا تُسْئَلُ عَنْ فِعْلِكَ وَلَا تُنَازَعُ فِيْ مُلْكِكَ وَلَا تُشَارَكُ فِيْ اَمْرِكَ

پوچھ گچھ نہیں کی جا سکتی تیرے فعل پر تیری سلطنت پر جھگڑا نہیں ہو سکتا اور تیرے کام میں کوئی شریک نہیں

وَلَا تُضَادُّ فِيْ حُكْمِكَ وَلَا يَعْتَرِضُ عَلَيْكَ اَحَدٌ فِيْ تَدْبِيْرِكَ

تیرے حکم میں کوئی ضدیت نہیں اور تیری تدبیر میں کوئی تجھ پر اعتراض نہیں کر سکتا

لَكَ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبَارَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ

تیرے ہی لیے پیدا کرنا اور حکم فرمانا بابرکت ہے وہ اللہ جو جہانوں کا پالنے والا ہے

يَا رَبِّ هٰذَا مَقَامُ مَنْ لَّاذَ بِكَ وَاسْتَجَارَ بِكَرَمِكَ

پروردگار یہ ہے اس شخص کا مقام جس نے تیری پناہ لی تیرے سایہ کرم میں آیا

وَاَلِفَ اِحْسَانَكَ وَنِعَمَكَ

اور خواہاں ہوا ہے تیرے احسان و نعمت کا

وَاَنْتَ الْجَوَادُ الَّذِيْ لَا يَضِيْقُ عَفْوُكَ

اور تو ایسا سخی ہے کہ تیرا دامن عفو تنگ نہیں ہوتا

وَلَا يَنْقُصُ فَضْلُكَ وَلَا تَقِلُّ رَحْمَتُكَ

تیرے فضل میں کمی نہیں ہوتی اور تیری رحمت میں تھوڑ نہیں پڑتی

وَقَدْ تَوَثَّقْنَا مِنْكَ بِالصَّفْحِ الْقَدِيْمِ

ہم نے اعتماد کیا ہے تجھ پر تیری دیرینہ درگذر

وَالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ وَالرَّحْمَةِ الْوَاسِعَةِ

عظیم تر فضل و کرم اور تیری کشادہ تر رحمت کے ساتھ

اَفَتُرَاكَ يَا رَبِّ تُخْلِفُ ظُنُوْنَنَا اَوْ تُخَيِّبُ اٰمَالَنَا

تو پالنے والے کیا تو ہمارے گمان کے خلاف کرے گا یا ہماری کوشش ناکام بنائے گا

كَلَّا، يَا كَرِيْمُ فَلَيْسَ هٰذَا ظَنُّنَا بِكَ

نہیں اے مہربان تجھ سے ہم یہ گمان نہیں رکھتے

وَلَا هٰذَا فِيْكَ طَمَعُنَا يَا رَبِّ

اور نہ تجھ سے ہماری یہ خواہش تھی پالنے والے

اِنَّ لَنَا فِيْكَ اَمَلًا طَوِيْلًا كَثِيْرًا اِنَّ لَنَا فِيْكَ رَجَآءً عَظِيْمًا

بے شک تیری بارگاہ سے ہماری بہت سی امیدیں ہیں بے شک ہم تیری بارگاہ سے بڑی آرزوئیں رکھتے ہیں

عَصَيْنَاكَ وَنَحْنُ نَرْجُوْ اَنْ تَسْتُرَ عَلَيْنَا

ہم تیری نافرمانی کرتے ہیں تو بھی ہمیں آس ہے تو ہماری پردہ پوشی کرے گا

وَدَعَوْنَاكَ وَنَحْنُ نَرْجُوْ اَنْ تَسْتَجِيْبَ لَنَا فَحَقِّقْ رَجَآئَنَا مَوْلَانَا

ہم تجھ سے دعا مانگتے ہیں تو امید کرتے ہیں کہ تو ہماری دعا قبول کرے گا پس اے ہمارے مولا ہماری امیدیں پوری کر

فَقَدْ عَلِمْنَا مَا نَسْتَوْجِبُ بِاَعْمَالِنَا وَلٰكِنْ عِلْمُكَ فِيْنَا

اگرچہ ہم جانتے ہیں کہ ہمارے اعمال کی سزا کیا ہے لیکن تیرا علم ہمارے بارے میں ہے

وَعِلْمُنَا بِاَنَّكَ لَا تَصْرِفُنَا عَنْكَ وَاِنْ كُنَّا غَيْرَ مُسْتَوْجِبِيْنَ لِرَحْمَتِكَ

اور ہمیں اس کا علم ہے کہ تو ہمیں اپنے ہاں سے پلٹائے گا نہیں چاہے ہم حقدار نہ بھی ہوئے تیری رحمت کے

فَاَنْتَ اَهْلٌ اَنْ تَجُوْدَ عَلَيْنَا وَعَلَى الْمُذْنِبِيْنَ بِفَضْلِ سَعَتِكَ،

پس تو اس کا اہل ہے کہ ہم پر داد و ہش کرے اور دوسرے گنہگاروں پر اپنے وسیع تر فضل سے

فَامْنُنْ عَلَيْنَا بِمَآ اَنْتَ اَهْلُهٗ وَجُدْ عَلَيْنَا

پس ہم پر ایسا احسان فرما کہ جس کا تو اہل ہے اور سخاوت کر

فَاِنَّا مُحْتَاجُوْنَ اِلٰى نَيْلِكَ يَا غَفَّارُ بِنُوْرِكَ اهْتَدَيْنَا

کیونکہ ہم تیرے انعام کے محتاج ہیں اے بخشنے والے تیرے ہی نور سے ہمیں ہدایت ملی

وَبِفَضْلِكَ اسْتَغْنَيْنَا وَبِنِعْمَتِكَ اَصْبَحْنَا وَاَمْسَيْنَا.

تیرے فضل سے ہم مالا مال ہوئے اور تیری نعمت کے ساتھ ہم صبح و شام کرتے ہیں

ذُنُوْبُنَا بَيْنَ يَدَيْكَ نَسْتَغْفِرُكَ

ہمارے گناہ تیرے سامنے ہیں اے اللہ ہم تجھ سے ان کی بخشش چاہتے

اَللّٰهُمَّ مِنْهَا وَنَتُوْبُ اِلَيْكَ،

اور تیرے حضور توبہ کرتے ہیں

تَتَحَبَّبُ اِلَيْنَا بِالنِّعَمِ وَنُعَارِضُكَ بِالذُّنُوْبِ

تو نعمتوں کے ذریعے ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم تیری نافرمانی کرتے ہیں

خَيْرُكَ اِلَيْنَا نَازِلٌ وَّشَرُّنَا اِلَيْكَ صَاعِدٌ

تیری بھلائی ہماری طرف آ رہی ہے اور ہماری برائی تیری طرف جا رہی ہے

وَّلَمْ يَزَلْ وَلَا يَزَالُ مَلَكٌ كَرِيْمٌ

تو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے عزت والا بادشاہ ہے

يَاْتِيكَ عَنَّا بِعَمَلٍ قَبِيحٍ فَلَا يَمْنَعُكَ ذٰلِكَ مِنْ اَنْ تَحُوطَنَا بِنِعَمِكَ

تیرے پاس ہمارے برے اعمال جاتے ہیں تو بھی وہ تجھے ہم پر اپنی نعمتوں کی بارش سے نہیں روک سکتے

وَتَتَفَضَّلَ عَلَيْنَا بِاٰلَائِكَ،

اور تو ہم پر اپنی عطائیں بڑھاتا رہتا ہے

فَسُبْحَانَكَ مَآ اَحْلَمَكَ وَاَعْظَمَكَ وَاَكْرَمَكَ

پس تو پاک تر ہے تو کیسا بردبار ہے کتنا عظیم ہے کتنا معزز ہے

مُبْدِئًا وَّمُعِيدًا، تَقَدَّسَتْ اَسْمَآؤُكَ وَجَلَّ ثَنَآؤُكَ

ابتداء کرنے اور پلٹانے میں تیرے نام پاک تر ہیں تیری ثناء برتر ہے

وَكَرُمَ صَنَآئِعُكَ وَفِعَالُكَ.

اور تیری نعمتیں اور تیرے کام بلند تر ہیں

اَنْتَ اِلٰهِيْٓ اَوْسَعُ فَضْلًا وَّاَعْظَمُ حِلْمًا

اے معبود تو فضل میں وسعت والا اور بردباری میں عظیم تر ہے

مِّنْ اَنْ تُقَايِسَنِيْ بِفِعْلِيْ وَخَطِيْٓئَتِيْ،

اس سے کہ تو میرے فعل اور خطا کے بارے میں قیاس کرے

فَالْعَفْوَ الْعَفْوَ الْعَفْوَ سَيِّدِيْ سَيِّدِيْ سَيِّدِيْ

پس معافی دے معافی دے میرے سردار میرے سردار میرے سردار

اَللّٰهُمَّ اشْغَلْنَا بِذِكْرِكَ وَاَعِذْنَا مِنْ سَخَطِكَ

اے اللہ ہمیں اپنے ذکر میں مشغول رکھ ہمیں اپنی ناراضگی سے پناہ دے

وَاَجِرْنَا مِنْ عَذَابِكَ وَارْزُقْنَا مِنْ مَّوَاهِبِكَ

ہمیں اپنے عذاب سے امان دے ہمیں اپنی عطاؤں سے رزق دے

وَاَنْعِمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلِكَ وَارْزُقْنَا حَجَّ بَيْتِكَ

ہمیں اپنے فضل سے انعام دے ہمیں اپنے گھر {کعبہ} کا حج نصیب فرما

وَزِيَارَةَ قَبْرِ نَبِيِّكَ صَلَوَاتُكَ وَرَحْمَتُكَ وَمَغْفِرَتُكَ

اور ہمیں اپنے نبی کے روضہ کی زیارت کرا تیرا درود تیری رحمت تیری بخشش

وَرِضْوَانُكَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اَهْلِ بَيْتِهٖ

اور تیری رضا ہو تیرے نبی کے لیے اور انکے اہل بیت کے لیے

اِنَّكَ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ، وَّارْزُقْنَا عَمَلاً بِطَاعَتِكَ

بے شک تو نزدیک تر قبول کرنے والا ہے اور ہمیں اپنی عبادت بجالانے کی توفیق دے

وَتَوَفَّنَا عَلٰى مِلَّتِكَ وَسُنَّةِ نَبِيِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

ہمیں اپنی ملت اور اپنے نبی کی سنت پر موت دے رحمت ہو خدا کی ان پر اور انکی آل پر

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِيْ صَغِيْرًا

اے معبود مجھے بخش دے اور میرے ماں باپ کو بھی اور دونوں پر رحم کر جیسے انہوں نے بچپن میں مجھے پالا

اِجْزِهِمَا بِالْاِحْسَانِ اِحْسَانًا وَّبِالسَّيِّئَاتِ غُفْرَانًا

اے اللہ انہیں احسان کا بدلہ احسان اور گناہوں کے بدلے بخشش عطا فرما

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ

اے معبود بخش دے مومن مردوں اور مومنہ عورتوں کو جو ان میں سے زندہ

وَالْاَمْوَاتِ وَتَابِعْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ بِالْخَيْرَاتِ،

اور مردہ ہیں سبھی کو بخش دے اور ان کے ہمارے درمیان نیکیوں کے ذریعے تعلق بنادے

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَآئِبِنَا ذَكَرِنَا

اے معبود بخش دے ہمارے زندہ مردہ حاضر غائب مرد

وَاُنْثَانَا صَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا حُرِّنَا وَمَمْلُوْكِنَا.

عورت خورد بزرگ اور ہمارے آزاد اور غلام سبھی کو بخش دے

كَذَبَ الْعَادِلُوْنَ بِاللّٰهِ وَضَلُّوْا ضَلَالاً بَعِيْدًا وَّخَسِرُوْا خُسْرَانًا مُّبِيْنًا.

،خدا سے پھر جانے والے جھوٹے ہیں وہ گمراہ گمراہی میں ہی دور نکل گئے اور وہ نقصان اٹھانے والے ہیں کھلا ہوا نقصان

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اے معبود رحمت نازل فرما حضرت محمد اور آل محمدؐ پر

وَّاخْتِمْ لِيْ بِخَيْرٍ وَّاكْفِنِيْ مَآ اَهَمَّنِيْ مِنْ اَمْرِ دُنْيَايَ وَاٰخِرَتِيْ،

اور میرا خاتمہ بخیر فرما اور میرے اہم کاموں میں میری حمایت فرما دنیا و آخرت میں

وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيَّ مَنْ لَّا يَرْحَمُنِيْ

اور مجھ پر ایسے کو مسلط نہ کر دے جو مجھ پر رحم نہ کرے

وَاجْعَلْ عَلَيَّ مِنْكَ وَاقِيَةً بَاقِيَةً

اور میرے لیے اپنی طرف سے باقی رہنے والا نگہبان قرار دے

وَّلَا تَسْلُبْنِيْ صَالِحَ مَآ اَنْعَمْتَ بِهِ عَلَيَّ

اپنی دی ہوئی اچھی نعمتیں مجھ سے چھین نہ لے

وَارْزُقْنِيْ مِنْ فَضْلِكَ رِزْقًا وَّاسِعًا حَلَالًا طَيِّبًا

اور مجھے اپنے فضل سے روزی عطا کر جو کشادہ حلال اور پاک ہو

اَللّٰهُمَّ احْرُسْنِيْ بِحَرَاسَتِكَ وَاحْفَظْنِيْ بِحِفْظِكَ وَاكْلَأْنِيْ بِكَلَاءَتِكَ

اے معبود مجھے اپنی پاسداری میں زیر نگاہ رکھ اور اپنی حفاظت میں محفوظ فرما اور اپنی حمایت میں مجھے امان دے

وَارْزُقْنِيْ حَجَّ بَيْتِكَ الْحَرَامِ فِيْ عَامِنَا هٰذَا وَفِيْ كُلِّ عَامٍ

اور مجھے نصیب فرما اپنے محترم گھر کعبہ کا حج اس سال اور آئندہ سالوں میں بھی

وَّزِيَارَةَ قَبْرِ نَبِيِّكَ وَالْاَئِمَّةِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ،

اور اپنے نبی کی قبر کی زیارت نصیب فرما اور ائمہ کے مزاروں کی کہ سلام ہو ان سب پر

وَلَا تُخْلِنِيْ يَا رَبِّ مِنْ تِلْكَ الْمَشَاهِدِ الشَّرِيْفَةِ وَالْمَوَاقِفِ الْكَرِيْمَةِ.

مجھے بر کنار نہ رکھ اے پروردگار ان بلند مرتبہ بارگاہوں اور ان بابرکت مقامات سے

اَللّٰهُمَّ تُبْ عَلَيَّ حَتّٰى لَآ اَعْصِيَكَ وَاَلْهِمْنِي الْخَيْرَ وَالْعَمَلَ بِهِ

اے معبود مجھے ایسی توبہ کی توفیق دے کہ پھر تیری نافرمانی نہ کروں میرے دل میں نیکی و عمل کا جذبہ ابھار دے

وَخَشْيَتَكَ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ مَآ اَبْقَيْتَنِيْ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ

اور دن رات اپنے خوف میں ڈالے رکھ جب تک مجھے زندہ رکھے اے جہانوں کے پالنے والے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ كُلَّمَا قُلْتُ قَدْ تَهَيَّاْتُ وَتَعَبَّاْتُ

اے معبود جب بھی میں کہتا ہوں کہ میں آمادہ و تیار ہوں

وَقُمْتُ لِلصَّلَاةِ بَيْنَ يَدَيْكَ

اور تیرے حضور نماز گزارنے کو کھڑا ہوتا ہوں

وَنَاجَيْتُكَ اَلْقَيْتَ عَلَيَّ نُعَاسًا اِذَا اَنَا صَلَّيْتُ

اور تجھ سے مناجات کرتا ہوں تو اونگھ آ لیتی ہے جب کہ میں نماز میں ہوتا ہوں

وَسَلَبْتَنِيْ مُنَاجَاتَكَ اِذَا اَنَا نَاجَيْتُ،

اور جب میں تجھ سے راز و نیاز کرنے لگوں تو اس حال میں برقرار نہیں رہتا

مَالِيْ كُلَّمَا قُلْتُ قَدْ صَلَحَتْ سَرِيْرَتِيْ

مجھے کیا ہو گیا میں کہتا ہوں کہ میرا باطن صاف ہے

وَقَرُبَ مِنْ مَّجَالِسِ التَّوَّابِيْنَ

میں توبہ کرنے والوں کی صحبت میں بیٹھتا ہوں

مَجْلِسِيْ عَرَضَتْ لِيْ بَلِيَّةٌ اَزَالَتْ قَدَمِيْ

ایسے میں کوئی آفت آپڑتی ہے جس سے میرے قدم ڈگمگا جاتے ہیں

وَحَالَتْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ خِدْمَتِكَ،

اور میرے اور تیری حضوری کے درمیان کوئی چیز آڑ بن جاتی ہے

سَيِّدِيْ لَعَلَّكَ عَنْ بَابِكَ طَرَدْتَّنِيْ وَعَنْ خِدْمَتِكَ نَحَّيْتَنِيْ،

میرے سردار شاید کہ تو نے مجھے اپنی بارگاہ سے ہٹا دیا اور اپنی خدمت سے دور کر دیا ہے

اَوْ لَعَلَّكَ رَاَيْتَنِيْ مُسْتَخِفًّا بِحَقِّكَ فَاَقْصَيْتَنِيْ

یا شاید تو دیکھتا ہے کہ میں تیرے حق کو سبک سمجھتا ہوں پس مجھے ایک طرف کر دیا

اَوْ لَعَلَّكَ رَاَيْتَنِيْ مُعْرِضًا عَنْكَ فَقَلَيْتَنِيْ،

یا شاید تو نے دیکھا کہ میں تجھ سے روگرداں ہوں تو مجھے برا سمجھ لیا

اَوْ لَعَلَّكَ وَجَدْتَّنِيْ فِيْ مَقَامِ الْكَاذِبِيْنَ فَرَفَضْتَنِيْ،

یا شاید تو نے دیکھا کہ میں جھوٹوں میں سے ہوں تو مجھے میرے حال پر چھوڑ دیا

اَوْ لَعَلَّكَ رَاَيْتَنِيْ غَيْرَ شَاكِرٍ لِّنَعْمَآئِكَ فَحَرَمْتَنِيْ

یا شاید دیکھا ہے کہ میں شکر ادا نہیں کرتا تیری نعمتوں کا تو مجھے محروم کر دیا ہے

اَوْ لَعَلَّكَ فَقَدْتَّنِيْ مِنْ مَجَالِسِ الْعُلَمَآءِ فَخَذَلْتَنِيْ،

یا شاید تو نے مجھے علماء کی مجالس میں نہیں پایا تو اس بنا پر مجھے ذلیل کر دیا ہے

اَوْ لَعَلَّكَ رَاَيْتَنِيْ فِي الْغَافِلِيْنَ فَمِنْ رَّحْمَتِكَ اٰيَسْتَنِيْ

یا شاید تو نے مجھے غافل دیکھا تو اس پر مجھے اپنی رحمت سے مایوس کر دیا ہے

اَوْ لَعَلَّكَ رَاَيْتَنِيْ اٰلِفُ مَجَالِسِ الْبَطَّالِيْنَ فَبَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ خَلَّيْتَنِيْ

یا شاید تو نے مجھے دیکھا بے کار کی باتیں کرنے والوں میں تو مجھے انہی میں رہنے دیا

اَوْ لَعَلَّكَ لَمْ تُحِبَّ اَنْ تَسْمَعَ دُعَآئِيْ فَبَاعَدْتَنِيْ

یا شاید تو سننا پسند نہیں کرتا میری دعا کو تو مجھے پرے کر دیا

اَوْ لَعَلَّكَ بِجُرْمِيْ وَ جَرِيْرَتِيْ كَافَيْتَنِيْ

یا شاید تو نے مجھے جرم اور گناہ کا بدلہ دیا ہے

اَوْ لَعَلَّكَ بِقِلَّةِ حَيَآئِيْ مِنْكَ جَازَيْتَنِيْ ؟ فَاِنْ عَفَوْتَ يَا رَبِّ

یا شاید میں نے تجھ سے حیا کرنے میں کمی کی تو مجھے یہ سزا ملی ہے پس اے پروردگار مجھے معاف کر دے

فَطَالَ مَا عَفَوْتَ عَنِ الْمُذْنِبِيْنَ قَبْلِيْ

کہ مجھ سے پہلے تو نے بہت سے گناہگاروں کو معاف فرمایا ہے

لِاَنَّ كَرَمَكَ اَيْ رَبِّ يَجِلُّ عَنْ مُّكَافَاةِ الْمُقَصِّرِيْنَ،

اس لیے کہ اے پالنے والے تیری بخشائش کوتاہی کرنے والوں کی سزا سے بزرگ تر ہے

وَاَنَا عَآئِذٌ بِفَضْلِكَ هَارِبٌ مِّنْكَ اِلَيْكَ

اور میں تیرے فضل کی پناہ لے رہا ہوں اور تجھ سے تیری ہی طرف بھاگا ہوں

مُتَنَجِّزٌ مَّا وَعَدْتَّ مِنَ الصَّفْحِ عَمَّنْ اَحْسَنَ بِكَ ظَنًّا

تیرے وعدے کی وفا چاہتا ہوں کہ اسے معاف کر دے جو تجھ سے اچھا گمان رکھتا ہے

اِلٰهِيْ اَنْتَ اَوْسَعُ فَضْلًا وَّ اَعْظَمُ حِلْمًا

میرے معبود تیرا فضل وسیع تر اور تیری بردباری عظیم تر ہے

مِّنْ اَنْ تُقَايِسَنِيْ بِعَمَلِيْ اَوْ اَنْ تَسْتَزِلَّنِيْ

اس سے کہ تو مجھے میرے عمل کے ساتھ تولے یا مجھے گرا دے

بِخَطِيْٓئَتِيْ وَمَآ اَنَا يَا سَيِّدِيْ وَمَا خَطَرِيْ

میرے گناہ کے باعث اور اے میرے آقا میں کیا اور میری اوقات کیا

هَبْنِیْ بِفَضْلِكَ سَیِّدِیْ وَتَصَدَّقْ عَلَیَّ بِعَفْوِكَ وَجَلِّلْنِیْ بِسَتْرِكَ

مجھے اپنے فضل سے بخش دے میرے سردار اور اپنے عفو کے صدقے میں مجھے اپنے پردے میں لے لے

وَاعْفُ عَنْ تَوْبِیْخِیْ بِكَرَمِ وَجْهِكَ.

اور اپنے خاص کرم سے مجھے سرزنش سے معاف رکھ

سَیِّدِیْ اَنَا الصَّغِیْرُ الَّذِیْ رَبَّیْتَهٗ وَاَنَا الْجَاهِلُ الَّذِیْ عَلَّمْتَهٗ

میرے سردار میں وہی بچہ ہوں جسے تونے پالا میں وہی کوراہوں جسے تونے علم دیا

وَاَنَا الضَّآلُّ الَّذِیْ هَدَیْتَهٗ وَاَنَا الْوَضِیْعُ الَّذِیْ رَفَعْتَهٗ

میں وہی گمراہ ہوں جسے تونے راہ دکھائی میں وہ پست ہوں جسے تونے بلند کیا

وَاَنَا الْخَآئِفُ الَّذِیْٓ اٰمَنْتَهٗ وَالْجَائِعُ الَّذِیْٓ اَشْبَعْتَهٗ

میں وہ خوف زدہ ہوں جسے تونے امن دیا میں وہ بھوکا ہوں جسے تونے سیر کیا

وَالْعَطْشَانُ الَّذِیْٓ اَرْوَیْتَهٗ وَالْعَارِی الَّذِیْ كَسَوْتَهٗ

اور وہ پیاسا ہوں جسے تونے سیراب کیا میں وہ عریاں ہوں جسے تونے لباس دیا

وَالْفَقِیْرُ الَّذِیْٓ اَغْنَیْتَهٗ وَالضَّعِیْفُ الَّذِیْ قَوَّیْتَهٗ

میں وہ محتاج ہوں جسے تونے غنی بنایا میں وہ کمزور ہوں جسے تونے قوت بخشی

وَالذَّلِیْلُ الَّذِیْٓ اَعْزَزْتَهٗ وَالسَّقِیْمُ الَّذِیْ شَفَیْتَهٗ

میں وہ پست ہوں جسے تونے عزت عطا فرمائی میں وہ بیمار ہوں جسے تونے صحت دی

وَالسَّآئِلُ الَّذِیْٓ اَعْطَیْتَهٗ وَالْمُذْنِبُ الَّذِیْ سَتَرْتَهٗ

میں وہ سائل ہوں جسے تونے بہت کچھ عطا کیا میں وہ گنہگار ہوں جسے تونے ڈھانپ لیا

وَالْخَاطِئُ الَّذِیْٓ اَقَلْتَهٗ، وَاَنَا الْقَلِیْلُ الَّذِیْ كَثَّرْتَهٗ

میں وہ خطاکار ہوں جسے تونے معاف کیا میں وہ کمتر ہوں جسے تونے بڑھا دیا ہے

وَالْمُسْتَضْعَفُ الَّذِیْ نَصَرْتَهٗ وَاَنَا الطَّرِیْدُ الَّذِیْٓ اٰوَیْتَهٗ

میں وہ کمزور کردہ ہوں جس کی تونے مدد کی اور میں وہ نکالا ہوا ہوں جسے تونے پناہ دی

اَنَا یَا رَبِّ الَّذِیْ لَمْ اَسْتَحْیِكَ فِی الْخَلَآءِ وَلَمْ اُرَاقِبْكَ فِی الْمَلَآءِ

اے پروردگار میں وہی ہوں جس نے خلوت میں تجھ سے حیا نہیں کی اور جلوت میں تیرا لحاظ نہیں رکھا

أَنَا صَاحِبُ الدَّوَاهِي الْعُظْمَى،

میں بہت بھاری مصیبتوں والا ہوں

أَنَا الَّذِي عَلَى سَيِّدِهِ اجْتَرَى، أَنَا الَّذِي عَصَيْتُ جَبَّارَ السَّمَاءِ،

میں وہ ہوں جس نے اپنے سردار پر جرات کی   میں وہ ہوں جس نے اس کی نافرمانی کی جو آسمانوں پر مسلط ہے

أَنَا الَّذِي أَعْطَيْتُ عَلَى مَعَاصِي الْجَلِيلِ الرُّشَا،

میں وہ ہوں جس نے رشوت دی رب جلیل کی نافرمانی کے لیے

أَنَا الَّذِي حِينَ بُشِّرْتُ بِهَا خَرَجْتُ إِلَيْهَا أَسْعَى.

میں وہ ہوں جب مجھے اس کی خوشخبری ملی تو دوڑتا ہوا اس کی طرف گیا

أَنَا الَّذِي أَمْهَلْتَنِي فَمَا ارْعَوَيْتُ وَسَتَرْتَ عَلَيَّ فَمَا اسْتَحْيَيْتُ

میں وہ ہوں جسے تو نے ڈھیل دی تو ہوش میں نہ آیا اور تو نے میری پردہ پوشی کی تو میں نے حیا سے کام نہ لیا

وَعَمِلْتُ بِالْمَعَاصِي فَتَعَدَّيْتُ

اور گناہوں میں حد سے گزر گیا

وَأَسْقَطْتَنِي مِنْ عَيْنِكَ فَمَا بَالَيْتُ

تو نے مجھے نظروں سے گرا دیا تو میں نے کچھ پروا نہیں کی

فَبِحِلْمِكَ أَمْهَلْتَنِي وَبِسِتْرِكَ سَتَرْتَنِي حَتَّى كَأَنَّكَ أَغْفَلْتَنِي

پس تو نے اپنی نرمی سے مجھے ڈھیل دی اور اپنے حجاب سے میری پردہ پوشی کی جیسے کہ تو میری طرف سے بے خبر ہے

وَمِنْ عُقُوبَاتِ الْمَعَاصِي جَنَّبْتَنِي، حَتَّى كَأَنَّكَ اسْتَحْيَيْتَنِي.

تو نے مجھے نافرمانیوں کی سزاؤں سے بر کنار رکھا گویا تو مجھ سے شرم کھاتا ہے

إِلٰهِي لَمْ أَعْصِكَ حِينَ عَصَيْتُكَ

میرے معبود جب میں نے تیری نافرمانی کی وہ اس لیے نہیں کی

وَأَنَا بِرُبُوبِيَّتِكَ جَاحِدٌ وَلَا بِأَمْرِكَ مُسْتَخِفٌّ

کہ میں تیری پروردگاری سے انکاری تھا یا تیرے حکم کو سبک سمجھ رہا تھا

وَلَا لِعُقُوبَتِكَ مُتَعَرِّضٌ وَلَا لِوَعِيدِكَ مُتَهَاوِنٌ

یا خود کو تیرے عذاب کی طرف کھینچ رہا تھا یا تیرے ڈراوے کو کمتر سمجھتا تھا

لٰكِنْ خَطِيْئَةٌ عَرَضَتْ وَسَوَّلَتْ لِيْ نَفْسِيْ

بلکہ حقیقت یہ تھی کہ خطا ابھری جسے میرے نفس نے میرے لیے مزین کر دیا

وَغَلَبَنِيْ هَوَايَ وَاَعَانَنِيْ عَلَيْهَا شِقْوَتِيْ

میری خواہش مجھ پر غالب آگئی میری بد بختی نے اس پر میرا ساتھ دیا

وَغَرَّنِيْ سِتْرُكَ الْمُرْخٰى عَلَيَّ، فَقَدْ عَصَيْتُكَ وَخَالَفْتُكَ بِجَهْدِيْ

تیری پردہ پوشی نے مجھے مغرور کر دیا یوں میں تیری نافرمانی اور تیرے حکم کی مخالفت میں کوشاں ہوا

فَالْاٰنَ مِنْ عَذَابِكَ مَنْ يَّسْتَنْقِذُنِيْ

پس اب مجھے تیرے عذاب سے کون رہائی دے گا

وَمِنْ اَيْدِي الْخُصَمَاۤءِ غَدًا مَّنْ يُّخَلِّصُنِيْ

کل کو مجھے دشمنوں کے ہاتھوں سے کون چھڑائے گا

وَبِحَبْلِ مَنْ اَتَّصِلُ اِنْ اَنْتَ قَطَعْتَ حَبْلَكَ عَنِّيْ ؟

اور میں کس کی رسی کو تھاموں گا اگر تو نے اپنی رسی مجھ سے کاٹ دی

فَوَا سَوْاَتَا عَلٰى مَاۤ اَحْصٰى كِتَابُكَ مِنْ عَمَلِيْ

تو پھر ہائے افسوس کہ تیری کتاب میں میرے ایسے ایسے اعمال درج ہو گئے کہ

الَّذِيْ لَوْلَا مَاۤ اَرْجُوْ مِنْ كَرَمِكَ وَسَعَةِ رَحْمَتِكَ

اگر میں تیرے فضل اور تیری وسیع رحمت کا امیدوار نہ ہوتا

وَنَهْيِكَ اِيَّايَ عَنِ الْقُنُوْطِ لَقَنَطْتُّ عِنْدَ مَاۤ اَتَذَكَّرُهَا،

اور نا امیدی ہونے سے تیری ممانعت کو نہ جانتا تو جب میں اپنے اعمال کو یاد کرتا تو ضرور ناامید ہو جاتا

يَا خَيْرَ مَنْ دَعَاهُ دَاعٍ وَّاَفْضَلَ مَنْ رَّجَاهُ رَاجٍ

اے پکارے جانے والوں میں بہترین اور امید کیے جانے والوں میں برتر

اَللّٰهُمَّ بِذِمَّةِ الْاِسْلَامِ اَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ

اے معبود میں اسلام کی پناہ میں تجھ کو اپنا وسیلہ بناتا ہوں

وَبِحُرْمَةِ الْقُرْاٰنِ اَعْتَمِدُ عَلَيْكَ،

احترام قرآن کے ساتھ مجھے تجھ پر بھروسہ ہے

وَبِحُبِّي النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ الْقُرَشِيَّ الْهَاشِمِيَّ

اور میں تیرے نبی کی محبت کے واسطے سے امی قریشی ہاشمی

الْعَرَبِيَّ التَّهَامِيَّ الْمَكِّيَّ الْمَدَنِيَّ

عربی تہامی مکی مدنی سے

اَرْجُو الزُّلْفَةَ لَدَيْكَ، فَلَا تُوحِشِ اسْتِيْنَاسَ اِيْمَانِيْ

تیرے تقرب کا امیدوار ہوں پس میری اس ایمانی انسیت کو وحشت میں نہ ڈال

وَلَا تَجْعَلْ ثَوَابِيْ ثَوَابَ مَنْ عَبَدَ سِوَاكَ

اور میرے ثواب کو اپنے غیر کے عبادت گزار کا ثواب قرار نہ دے

فَاِنَّ قَوْمًا اٰمَنُوْا بِاَلْسِنَتِهِمْ لِيَحْقِنُوْا بِهٖ دِمَآئَهُمْ

کیونکہ ایک گروہ زبانی کلامی مومن ہے تاکہ اس کے ذریعے ان کا خون محفوظ رہے

فَاَدْرَكُوْا مَا اَمَّلُوْا وَاِنَّآ اٰمَنَّا بِكَ بِاَلْسِنَتِنَا

تو انھوں نے اپنا مقصد پالیا لیکن ہم تجھ پر اپنی زبانوں سے ایمان لائے ہیں

وَقُلُوْبِنَا لِتَعْفُوَا عَنَّا، فَاَدْرِكْنَا مَآ اَمَّلْنَا

اور دلوں سے ایمان لائے ہیں تاکہ تو ہمیں معاف کر دے پس ہماری امید پوری فرما

وَثَبِّتْ رَجَآئَكَ فِيْ صُدُوْرِنَا، وَلَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا

اور اپنی آرزو ہمارے سینوں میں بسادے اور ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ فرما اس کے بعد جب تو نے ہمیں ہدایت دی ہے

وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ.

اور ہم پر اپنی طرف سے رحمت فرما بے شک تو بہت دینے والا ہے

فَوَعِزَّتِكَ لَوِ انْتَهَرْتَنِيْ مَا بَرِحْتُ مِنْ بَابِكَ

پس قسم ہے تیری عزت کی کہ اگر تو مجھے جھڑک دے تو بھی میں تیری بارگاہ سے نہ ہٹوں گا

وَلَا كَفَفْتُ عَنْ تَمَلُّقِكَ لِمَآ اُلْهِمَ قَلْبِيْ

اور تیری توصیف کرنے سے زبان نہ روکوں گا کیونکہ میرا دل

مِنَ الْمَعْرِفَةِ بِكَرَمِكَ وَسَعَةِ رَحْمَتِكَ

تیرے فضل و کرم اور تیری وسیع رحمت کی معرفت سے بھرا ہوا ہے

اِلٰی مَنْ یَّذْهَبُ الْعَبْدُ اِلَّآ اِلٰی مَوْلَاهُ

تو غلام اپنے آقا و مولا کے سوا کس کی طرف جا سکتا ہے

وَاِلٰی مَنْ یَّلْتَجِیُٔ الْمَخْلُوْقُ اِلَّآ اِلٰی خَالِقِهٖ؟

اور مخلوق کو اپنے خالق کے علاوہ کہاں پناہ مل سکتی ہے

اِلٰهِیْ لَوْ قَرَنْتَنِیْ بِالْاَصْفَادِ وَمَنَعْتَنِیْ سَیْبَكَ مِنْ بَیْنِ الْاَشْهَادِ

میرے اللہ اگر تو نے مجھے زنجیروں میں جکڑ دیا اور دیکھتی آنکھوں مجھ سے اپنا فیض روک دیا

وَدَلَلْتَ عَلٰی فَضَایِحِیْ عُیُوْنَ الْعِبَادِ

اور میری رسوائیاں عیاں کر دیں لوگوں کے سامنے

وَاَمَرْتَ بِیْٓ اِلَی النَّارِ وَحُلْتَ بَیْنِیْ وَبَیْنَ الْاَبْرَارِ

اور میرے جہنم کا حکم دیا اور تو میرے نیک لوگوں کے درمیان حائل ہو جائے

مَا قَطَعْتُ رَجَآئِیْ مِنْكَ وَمَا صَرَفْتُ تَاْمِیْلِیْ لِلْعَفْوِ عَنْكَ

تو بھی تجھ سے امید نہ توڑوں گا تجھ سے عفو و درگذر کی امید رکھنے سے باز نہ آؤں گا

وَلَا خَرَجَ حُبُّكَ مِنْ قَلْبِیْ. اَنَا لَآ اَنْسٰی اَیَادِیَكَ عِنْدِیْ

اور میرے دل سے تیری محبت ختم نہ ہو گی میں ہرگز بھول نہیں سکتا تیری نعمتوں

وَسَتْرَكَ عَلَیَّ فِیْ دَارِ الدُّنْیَا،

اور گناہوں پر تیری پردہ پوشی کو دنیا میں کی گئی

سَیِّدِیْٓ اَخْرِجْ حُبَّ الدُّنْیَا مِنْ قَلْبِیْ

میرے آقا میرے دل سے دنیا کی محبت نکال دے

وَاجْمَعْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ الْمُصْطَفٰی وَاٰلِهٖ

اور مجھے قرب میں جگہ عنایت فرما محمد مصطفٰی اور ان کی آل کے

خِیَرَتِكَ مِنْ خَلْقِكَ وَخَاتَمِ النَّبِیّٖنَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ،

اپنی مخلوق میں سب سے بہتر نبیوں کے خاتم صلی اللہ علیہ وآلہ

وَانْقُلْنِیْٓ اِلٰی دَرَجَةِ التَّوْبَةِ اِلَیْكَ

اور مجھے اپنے حضور توبہ کے مقام کی طرف پلٹا دے

وَاَعِنِّیْ بِالْبُکَآءِ عَلٰی نَفْسِیْ

اور مجھے خود اپنے آپ پر رونے کی توفیق دے

فَقَدْ اَفْنَیْتُ بِالتَّسْوِیْفِ وَالْاٰمَالِ عُمْرِیْ،

کیونکہ میں نے اپنی عمر ٹال مٹول اور جھوٹی آرزوؤں میں گنوا دی

وَقَدْ نَزَلْتُ مَنْزِلَةَ الْاٰیِسِیْنَ مِنْ خَیْرِیْ

اور اب میں اپنی بہبودی سے مایوس ہو جانے کو ہوں

فَمَنْ یَّکُوْنُ اَسْوَءَ حَالاً مِّنِّیْٓ

تو مجھ سے برا حال اور کس کا ہو گا

اِنْ اَنَا نُقِلْتُ عَلٰی مِثْلِ حَالِیْٓ اِلٰی قَبْرِیْ لَمْ اُمَهِّدْهُ لِرَقْدَتِیْ

اگر میں اسی حال کے ساتھ ہی اپنی قبر میں اتار دیا جاؤں جبکہ میں نے قبر کے لیے کچھ سامان نہیں کیا

وَلَمْ اَفْرُشْهُ بِالْعَمَلِ الصَّالِحِ لِضَجْعَتِیْ،

اور نیک اعمال کا بستر نہیں بچھایا کہ آرام پاؤں

وَمَالِیْ لَآ اَبْکِیْ وَلَآ اَدْرِیْٓ اِلٰی مَایَکُوْنُ مَصِیْرِیْ

ایسے میں کیوں زاری نہ کروں کہ مجھے نہیں معلوم میرا انجام کیا ہو گا

وَاَرٰی نَفْسِیْ تُخَادِعُنِیْ وَاَیَّامِیْ تُخَاتِلُنِیْ،

میں دیکھتا ہوں کہ نفس مجھے دھوکہ دیتا ہے اور حالات مجھے فریب دیتے ہیں

وَقَدْ خَفَقَتْ عِنْدَ رَاْسِیْٓ اَجْنِحَةُ الْمَوْتِ،

اور اب آن پھیلائے ہیں موت نے میرے سر پر اپنے پر

فَمَالِیْ لَآ اَبْکِیْ ؟! اَبْکِیْ لِخُرُوْجِ نَفْسِیْٓ

تو کیسے گریہ نہ کروں میں جان کے نکل جانے پر گریہ کرتا ہوں

اَبْکِیْ لِظُلْمَةِ قَبْرِیْٓ اَبْکِیْ لِضِیْقِ لَحَدِیْٓ

گریہ کرتا ہوں قبر کی تاریکی پر اور اسکے پہلو کی تنگی پر گریہ کرتا ہوں

اَبْکِیْ لِسُؤَالِ مُنْکَرٍ وَّنَکِیْرٍ

منکر و نکیر کے ڈر سے گریہ کرتا ہوں

اِیَّایَ اَبْکِیْ لِخُرُوْجِیْ مِنْ قَبْرِیْ عُرْیَانًا ذَلِیْلًا

خاص اس لیے گریہ کرتا ہوں کہ مجھے قبر سے اٹھنا ہے کہ عریانی وخواری کے ساتھ

حَامِلًا ثِقْلِیْ عَلٰی ظَهْرِیْ، اَنْظُرُ مَرَّةً عَنْ یَّمِیْنِیْ وَاُخْرٰی عَنْ شِمَالِیْ

اپنے گناہوں کا بار لیے ہوئے دائیں بائیں دیکھوں گا

اِذِ الْخَلَائِقُ فِیْ شَاْنٍ غَیْرِ شَاْنِیْ

جب دوسرے لوگ ایسے حال میں ہوں گے جو میرے حال سے مختلف ہو گا

لِکُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ یَوْمَئِذٍ شَاْنٌ یُّغْنِیْهِ،

ان میں سے ہر شخص دوسروں سے بے خبر اپنے حال میں مگن ہو گا

وُجُوْهٌ یَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ

اس روز بعض چہرے کشادہ خنداں اور خوش ہوں گے

وَّوُجُوْهٌ یَّوْمَئِذٍ عَلَیْهَا غَبَرَةٌ تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ وَّذِلَّةٌ،

اور بعض چہرے ایسے ہوں گے جن پر گرد وغبار اور تنگی و ذلت کا غلبہ ہو گا

سَیِّدِیْ عَلَیْكَ مُعَوَّلِیْ وَمُعْتَمَدِیْ وَرَجَائِیْ وَتَوَكُّلِیْ وَبِرَحْمَتِكَ تَعَلُّقِیْ

میرے سردار تو ہی میرا سہارا ہے تو ہی میری ٹیک ہے تو ہی میری امید گاہ ہے تجھی پر بھروسہ اور تیری رحمت سے تعلق ہے

تُصِیْبُ بِرَحْمَتِكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَهْدِیْ بِكَرَامَتِكَ مَنْ تُحِبُّ

تو جسے چاہے رحمت سے نوازتا ہے اور جسے تو پسند کرے اس کو اپنی مہربانی کی راہ دکھاتا ہے

فَلَكَ الْحَمْدُ عَلٰی مَا نَقَّیْتَ مِنَ الشِّرْكِ قَلْبِیْ،

پس حمد تیرے ہی لیے کہ تو نے میرے دل کو شرک سے پاک کیا

وَلَكَ الْحَمْدُ عَلٰی بَسْطِ لِسَانِیْ

تیرے ہی لیے حمد ہے کہ تو نے میری زبان کو گویا کیا

اَفَبِلِسَانِیْ هٰذَا الْكَالِّ اَشْكُرُكَ

آیا میں اس کج مج زبان سے تیرا شکریہ ادا کر سکتا ہوں

اَمْ بِغَایَةِ جُهْدِیْ فِیْ عَمَلِیْ اُرْضِیْكَ

یا عمل میں کوشش کرکے تجھے راضی کر سکتا ہوں

وَمَا قَدْرُ لِسَانِيْ يَارَبِّ فِيْ جَنْبِ شُكْرِكَ

اے پروردگار تیری حمد کے مقابل میری زبان کی کیا حیثیت ہے

وَمَا قَدْرُ عَمَلِيْ فِيْ جَنْبِ نِعَمِكَ وَاِحْسَانِكَ ؟

اور میرے عمل کا کیا وزن ہے تیری نعمتوں اور احسانوں کے سامنے

اِلٰهِيْ اِنَّ جُوْدَكَ بَسَطَ اَمَلِيْ وَشُكْرَكَ قَبِلَ عَمَلِيْ.

میرے معبود تیری سخاوت نے میری آرزو کو بڑھایا اور تیری قدردانی نے میرے عمل کو قبول فرمایا ہے

سَيِّدِيْ اِلَيْكَ رَغْبَتِيْ وَاِلَيْكَ رَهْبَتِيْ وَاِلَيْكَ تَاْمِيْلِيْ

میرے سردار میری رغبت تیری طرف اور خوف بھی تجھی سے ہے میری امید تیری ذات سے ہے

وَقَدْ سَاقَنِيْ اِلَيْكَ اَمَلِيْ وَعَلَيْكَ يَاوَاحِدِيْ عَكَفَتْ هِمَّتِيْ

اور یہ مجھے تیرے حضور کھینچ لائی ہے اے خدائے یکتا میری ہمت تیرے حضور بے بس ہوگئی

وَفِيْمَا عِنْدَكَ انْبَسَطَتْ رَغْبَتِيْ وَلَكَ خَالِصُ رَجَائِيْ وَخَوْفِيْ

اور تیرے خزانے کے گرد گھوم رہی ہے میری رغبت میری امید اور میرا خوف خاص تیرے لیے ہے

وَبِكَ اَنِسَتْ مَحَبَّتِيْ وَاِلَيْكَ اَلْقَيْتُ بِيَدِيْ

میری محبت تیرے ساتھ لگی ہوئی ہے میرے ہاتھ نے تیرا دامن تھام رکھا ہے

وَبِحَبْلِ طَاعَتِكَ مَدَدْتُّ رَهْبَتِيْ، يَامَوْلَايَ بِذِكْرِكَ عَاشَ قَلْبِيْ

میرے خوف نے مجھے تیری اطاعت کی طرف بڑھایا ہے اے میرے آقا میرا دل تیرے ذکر سے زندہ ہے

وَبِمُنَاجَاتِكَ بَرَّدْتُّ اَلَمَ الْخَوْفِ عَنِّيْ فَيَامَوْلَايَ وَيَامُؤَمَّلِيْ

اور تیری مناجات کے ذریعے میں نے اپنا خوف دور کیا پس اے میرے مولا اور میری امید گاہ

وَيَامُنْتَهٰى سُؤْلِيْ فَرِّقْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ ذَنْبِيْ

اے میرے سوال کی انتہا میرے اور گناہ کے درمیان جدائی ڈال دے

اَلْمَانِعِ لِيْ مِنْ لُزُوْمِ طَاعَتِكَ،

مجھے اپنی اطاعت میں لگا کر

فَاِنَّمَآ اَسْئَلُكَ لِقَدِيْمِ الرَّجَآءِ فِيْكَ وَعَظِيْمِ الطَّمَعِ مِنْكَ

پس میں تجھ سے سوال کرتا ہوں قدیمی امید اور بڑی خواہش رکھتے ہوئے

الَّذِیٓ اَوْجَبْتَهُ عَلٰی نَفْسِكَ مِنَ الرَّأْفَةِ وَالرَّحْمَةِ

اس مہربانی اور عنایت کا جو تو نے اپنی ذات پر واجب کی ہوئی ہے

فَالْاَمْرُلَكَ وَحْدَلَكَ لَاشَرِیْكَ لَكَ وَالْخَلْقُ كُلُّهُمْ عِیَالُكَ وَفِیْ قَبْضَتِكَ

پس حکم تیرا ہی ہے تو یکتا ہے تیرا کوئی ثانی نہیں ہے اور ساری مخلوق تیرا کنبہ ہے جو تیرے اختیار میں ہے

وَكُلُّ شَیْءٍ خَاضِعٌ لَّكَ تَبَارَكْتَ یَارَبَّ الْعَالَمِیْنَ

اور ہر چیز تیرے سامنے جھکی ہوئی ہے تو بابرکت ہے اے جہانوں کے پالنے والے

اِلٰهِیْ اِرْحَمْنِیْٓ اِذَا انْقَطَعَتْ حُجَّتِیْ وَكَلَّ عَنْ جَوَابِكَ لِسَانِیْ

میرے اللہ رحم فرما مجھ پر جب میرے پاس عذر نہ رہے تیرے حضور بولنے میں میری زبان گنگ ہو جائے

وَطَاشَ عِنْدَ سُؤٰلِكَ اِیَّایَ لُبِّیْ

اور تیرے سوال پر میری عقل گم ہو جائے

فَیَاعَظِیْمَ رَجَآئِیْ لَاتُخَیِّبْنِیْٓ اِذَا اشْتَدَّتْ فَاقَتِیْ

پس میری سب سے بڑی امید گاہ مجھے اس وقت ناامید نہ کر جب میری حاجت سخت ہو

وَلَاتَرُدَّنِیْ لِجَهْلِیْ وَلَاتَمْنَعْنِیْ لِقِلَّةِ صَبْرِیْ

مجھے نادانی پر دور نہ فرما میری کم صبری پر محروم نہ رکھ

اَعْطِنِیْ لِفَقْرِیْ وَارْحَمْنِیْ لِضَعْفِیْ سَیِّدِیْ

میری حاجت کے مطابق عطا کر اور میری کمزوری پر رحم فرما میرے سردار

عَلَیْكَ مُعْتَمَدِیْ وَمُعَوَّلِیْ وَرَجَآئِیْ وَتَوَكُّلِیْ

تو ہی میرا آسرا ہے تجھ پر بھروسہ ہے تجھی سے امید ہے تجھی پر توکل

وَبِرَحْمَتِكَ تَعَلُّقِیْ وَبِفَنَآئِكَ اَحُطُّ رَحْلِیْ

اور تیری رحمت سے تعلق ہے تیری ڈیوڑھی پر ڈیرا ڈالے ہوئے ہوں

وَبِجُوْدِكَ اَقْصِدُ طَلِبَتِیْ وَبِكَرَمِكَ اَیْ رَبِّ اَسْتَفْتِحُ دُعَآئِیْ

تیری سخاوت سے اپنی حاجت براری چاہتا ہوں اے میرے رب تیرے کرم سے اپنی دعا کی ابتداء کرتا ہوں

وَلَدَیْكَ اَرْجُوْفَاقَتِیْ وَبِغِنَاكَ اَجْبُرُعَیْلَتِیْ وَتَحْتَ ظِلِّ عَفْوِكَ قِیَامِیْ

تجھ سے تنگی دور کرنے کی امید کرتا ہوں تیرے خزانوں سے اپنی عسرت دور کرنا چاہتا ہوں تیرے عفو کے سائے آیا ہوں

اِلٰی جُوْدِكَ وَکَرَمِكَ اَرْفَعُ بَصَرِیْ وَاِلٰی مَعْرُوْفِكَ اُدِیْمُ نَظَرِیْ

میری نگاہیں تیری عطاو کرم کی طرف اٹھتی ہیں اور ہمیشہ تیرے احسان کی طرف نظر جمائے رکھتا ہوں

فَلَا تُحْرِقْنِیْ بِالنَّارِ وَاَنْتَ مَوْضِعُ اَمَلِیْ

پس مجھے جہنم میں نہ جلانا کہ تو میری امید کا مرکز ہے

وَلَا تُسْكِنِّی الْهَاوِیَةَ فَاِنَّكَ قُرَّةُ عَیْنِیْ

اور مجھے ہاویہ دوزخ میں نہ ڈالنا کیونکہ تو میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے

یَا سَیِّدِیْ لَا تُكَذِّبْ ظَنِّیْ بِاِحْسَانِكَ

اے میرے آقا تیرے احسان اور بھلائی سے مجھے جو گمان ہے اس کو نہ جھٹلا

وَمَعْرُوْفِكَ فَاِنَّكَ ثِقَتِیْ وَلَا تَحْرِمْنِیْ ثَوَابَكَ فَاِنَّكَ الْعَارِفُ بِفَقْرِیْ

کیونکہ تو ہی میری جائے اعتماد ہے اور مجھے اپنی طرف کے ثواب سے محروم نہ فرما کہ تو میری محتاجی سے واقف ہے

اِلٰهِیْ اِنْ كَانَ قَدْ دَنَا اَجَلِیْ وَلَمْ یُقَرِّبْنِیْ مِنْكَ عَمَلِیْ

میرے اللہ اگر میری موت قریب آگئی ہے اور میرے عمل نے مجھے نزدیک نہیں کیا

فَقَدْ جَعَلْتُ الْاِعْتِرَافَ اِلَیْكَ بِذَنْبِیْ وَسَائِلَ عِلَلِیْ

تو میں اپنے گناہوں کے اقرار کو تیرے حضور اپنے گناہوں کا عذر قرار دیتا ہوں

اِلٰهِیْ اِنْ عَفَوْتَ فَمَنْ اَوْلٰی مِنْكَ بِالْعَفْوِ

معبود اگر تو مجھے معاف کر دے تو کون تجھ سے زیادہ معاف کرنے والا ہے

وَاِنْ عَذَّبْتَ فَمَنْ اَعْدَلُ مِنْكَ فِی الْحُكْمِ

اور اگر تو عذاب دے تو کون ہے جو فیصلہ کرنے میں تجھ سے زیادہ عادل ہے

اِرْحَمْ فِیْ هٰذِهِ الدُّنْیَا غُرْبَتِیْ وَعِنْدَ الْمَوْتِ كُرْبَتِیْ

رحم فرما اس دنیا میں میری بے کسی پر موت کے وقت میری تکلیف پر

وَفِی الْقَبْرِ وَحْدَتِیْ وَفِی اللَّحْدِ وَحْشَتِیْ

اور قبر میں میری تنہائی اور پہلوئے قبر میں میری خوف زدگی پر رحم فرما

وَاِذَا نُشِرْتُ لِلْحِسَابِ بَیْنَ یَدَیْكَ ذُلَّ مَوْقِفِیْ

جب میں حساب کے لیے اٹھایا جاؤں گا تو اپنے حضور میرے بیان کو نرم فرما

وَاغْفِرْ لِيْ مَا خَفِيَ عَلَى الْآدَمِيِّيْنَ مِنْ عَمَلِيْ

معاف کر میرے اعمال میں سے جو لوگوں سے مخفی ہیں ان پر

وَاَدِمْ لِيْ مَا بِهٖ سَتَرْتَنِيْ وَارْحَمْنِيْ صَرِيْعًا عَلَى الْفِرَاشِ

میری جو پردہ پوشی کی ہے اسے دائمی کر دے اور اس وقت رحم کر بستر پر

تُقَلِّبُنِيْ اَيْدِيْ اَحِبَّتِيْ وَتَفَضَّلْ عَلَيَّ مَمْدُوْدًا عَلَى الْمُغْتَسَلِ

جب میرے دوست میرے پہلو بدلاتے ہوں گے اس وقت رحم فرما جب تختہ غسل پر

يُقَلِّبُنِيْ صَالِحُ جِيْرَتِيْ

میرے نیک ہمسائے مجھے ادھر سے ادھر کرتے ہوں گے

وَتَحَنَّنْ عَلَيَّ مَحْمُوْلًا قَدْ تَنَاوَلَ الْاَقْرِبَاۤءُ اَطْرَافَ جَنَازَتِيْ

اس وقت مہربانی فرما جب میرے رشتے دار میرا جنازہ چاروں طرف سے اٹھائے ہوئے لے جائیں گے

وَجُدْ عَلَيَّ مَنْقُوْلًا قَدْ نَزَلْتُ بِكَ وَحِيْدًا فِيْ حُفْرَتِيْ،

اور مجھ پر اس وقت بخشش کر جب تیرے حضور آؤں گا اور قبر میں تنہا ہوں گا

وَارْحَمْ فِيْ ذٰلِكَ الْبَيْتِ الْجَدِيْدِ غُرْبَتِيْ حَتّٰى لَاۤ اَسْتَاْنِسَ بِغَيْرِكَ.

اور رحم کر اس نئے گھر میں میری بے کسی پر یہاں تک کہ تیرے سوا کسی اور سے لگاؤ نہ ہو

يَا سَيِّدِيْۤ اِنْ وَكَلْتَنِيْۤ اِلٰى نَفْسِيْ هَلَكْتُ سَيِّدِيْ

اے میرے آقا اگر تو نے مجھے میرے حال پر چھوڑ دیا تو میں تباہ ہو جاؤں گا میرے سردار

بِمَنْ اَسْتَغِيْثُ اِنْ لَمْ تُقِلْنِيْ عَثْرَتِيْ فَاِلٰى

اگر تو نے خطا معاف نہ کی تو کس سے مدد مانگوں

مَنْ اَفْزَعُ اِنْ فَقَدْتُّ عِنَايَتَكَ فِيْ ضَجْعَتِيْ

اگر اس مصیبت میں مجھ پر تیری عنایت نہ ہو تو کس سے فریاد کروں

وَاِلٰى مَنْ اَلْتَجِيْ اِنْ لَّمْ تُنَفِّسْ كُرْبَتِيْ؟

اور کسے اپنا حال سناؤں اگر تو دور نہ کرے میری تنگی

سَيِّدِيْ مَنْ لِّيْ وَمَنْ يَّرْحَمُنِيْۤ اِنْ لَّمْ تَرْحَمْنِيْ

میرے سردار اگر تو مجھ پر رحم نہ کرے تو پھر کون مجھ پر رحم کرے گا

وَفَضْلَ مَنْ أُؤَمِّلُ إِنْ عَدِمْتُ فَضْلَكَ يَوْمَ فَاقَتِيْ

اگر مجھ پر تیرا کرم نہ ہو تو کس سے اس کی امید کروں اس ضرورت کے دن

وَإِلَىٰ مَنِ الْفِرَارُ مِنَ الذُّنُوْبِ إِذَا انْقَضَىٰ أَجَلِيْ،

جب میرا وقت ختم ہو جائے گا تو گناہوں سے بھاگ کر کس کے پاس جاؤں

سَيِّدِيْ لَا تُعَذِّبْنِيْ وَأَنَا أَرْجُوْكَ إِلٰهِيْ حَقِّقْ رَجَائِيْ وَآمِنْ خَوْفِيْ

آقا مجھے عذاب نہ دینا کہ میں امید لے کر آیا ہوں میرے اللہ میری امید پوری کر اور خوف سے امان دے

فَإِنَّ كَثْرَةَ ذُنُوْبِيْ لَا أَرْجُوْ فِيْهَا إِلَّا عَفْوَكَ

پس گناہوں کی کثرت میں مجھے کسی سے امید نہیں تیرے عفو کے سوا

سَيِّدِيْ أَنَا أَسْأَلُكَ مَا لَا أَسْتَحِقُّ

میرے آقا میں تجھ سے وہ کچھ مانگتا ہوں جس کا حقدار نہیں ہوں

وَأَنْتَ أَهْلُ التَّقْوَىٰ وَأَهْلُ الْمَغْفِرَةِ، فَاغْفِرْ لِيْ

اور تو ڈھانپنے والا اور بخشنے والا ہے پس مجھے بخش دے

وَأَلْبِسْنِيْ مِنْ نَظَرِكَ ثَوْبًا يُّغَطِّيْ عَلَيَّ التَّبِعَاتِ

تو اپنی نظر کرم سے مجھے ایسا لباس دے کہ جو میری خطاؤں کو چھپا لے

وَتَغْفِرُهَا لِيْ وَلَا أُطَالَبُ بِهَا إِنَّكَ ذُوْ مَنٍّ قَدِيْمٍ

تو وہ خطائیں معاف کر دے کہ ان سے باز پرس نہ ہو بے شک تو قدیمی نعمت والا

وَّصَفْحٍ عَظِيْمٍ وَّتُجَاوُزٍ كَرِيْمٍ.

بڑا در گزر کرنے والا اور مہربان معافی دینے والا ہے

إِلٰهِيْ أَنْتَ الَّذِيْ تُفِيْضُ سَيْبَكَ عَلَىٰ مَنْ لَّا يَسْأَلُكَ

میرے اللہ تو وہ ہے جو سوال نہ کرنے والوں کو بھی اپنے فیض کرم سے نوازتا ہے

وَعَلَى الْجَاحِدِيْنَ بِرُبُوْبِيَّتِكَ،

اور اپنی ربوبیت کے منکر لوگوں کو بھی اپنے فیض کرم سے نوازتا ہے

فَكَيْفَ سَيِّدِيْ بِمَنْ سَأَلَكَ وَأَيْقَنَ أَنَّ الْخَلْقَ لَكَ وَالْأَمْرَ إِلَيْكَ،

تو میرے سردار کیونکر وہ محروم رہے گا جو تجھ سے مانگتا ہے اور یقین ہے کہ پیدا کرنا اور حکم دینا خاص تیرے لیے ہے

تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ،

بابرکت اور بلند تر ہے تو اے جہانوں کے پالنے والے

سَيِّدِيْ عَبْدُكَ بِبَابِكَ أَقَامَتْهُ الْخَصَاصَةُ بَيْنَ يَدَيْكَ

اے میرے آقا تیرا بندہ حاضر ہے جسے اس کی تنگی نے تیرے دروازے پر لا کھڑا کیا ہے

يَقْرَعُ بَابَ إِحْسَانِكَ بِدُعَائِهِ ،

وہ اپنی دعا کے ذریعے تیرے احسان کا دروازہ کھٹکھٹا رہا ہے

فَلَا تُعْرِضْ بِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ عَنِّيْ وَاقْبَلْ مِنِّيْ

پس اپنی ذات کے واسطے مجھے اپنی توجہ سے محروم نہ فرما اور میری عرض قبول کر لے

مَآ أَقُوْلُ فَقَدْ دَعَوْتُ بِهٰذَا الدُّعَآءِ

میں نے اس دعا کے ذریعے تجھے پکارا ہے

وَأَنَآ أَرْجُوْ أَنْ لَّا تَرُدَّنِيْ مَعْرِفَةً مِّنِّيْ بِرَأْفَتِكَ وَرَحْمَتِكَ.

اور امید رکھتا ہوں کہ تو اسے رد نہ کرے گا کیونکہ مجھے معرفت ہے مہربانی ورحمت کی

اِلٰهِيْ أَنْتَ الَّذِيْ لَا يُحْفِيْكَ سَآئِلٌ وَّلَا يَنْقُصُكَ نَآئِلٌ

میرے معبود تو وہ ہے جس سے سائل کو اصرار نہیں کرنا پڑتا اور عطا کرنے سے تجھے کمی نہیں آتی

أَنْتَ كَمَا تَقُوْلُ وَفَوْقَ مَا نَقُوْلُ

تو آپ کہہ دیجئے کہ آیات سب اللہ کے پاس ہیں

وَ اِنَّمَاۤ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۵۰﴾

اور میں تو صرف واضح طور پر عذابِ الٰہی سے ڈرانے والا ہوں

اَوَ لَمْ يَكْفِهِمْ اَنَّاۤ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ يُتْلٰى عَلَيْهِمْ ؕ

کیا ان کے لئے یہ کافی نہیں ہے کہ ہم نے آپ پر کتاب نازل کی ہے جس کی ان کے سامنے تلاوت کی جاتی ہے

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّ ذِكْرٰى لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۱﴾

اور یقیناً اس میں رحمت اور ایماندار قوم کے لئے یاددہانی کا سامان موجود ہے

قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ بَيْنِيْ وَ بَيْنَكُمْ شَهِيْدًا ۚ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ

آپ کہہ دیجئے کہ ہمارے اور تمہارے درمیان گواہی کے لئے خدا کافی ہے جو آسمان اور زمین کی ہر چیز سے باخبر ہے

وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْبَاطِلِ وَ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۵۲﴾

اور جو لوگ باطل پر ایمان رکھتے ہیں اور اللہ کا انکار کرتے ہیں وہ یقیناً خسارہ اٹھانے والے لوگ ہیں

وَ يَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ؕ وَ لَوْ لَاۤ اَجَلٌ مُّسَمًّى لَّجَآءَهُمُ الْعَذَابُ ؕ

اور یہ لوگ عذاب کی جلدی کر رہے ہیں حالانکہ اگر اس کا وقت معین نہ ہوتا تو اب تک عذاب آچکا ہوتا

وَ لَيَاْتِيَنَّهُمْ بَغْتَةً وَّ هُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۳﴾

اور وہ اچانک ہی آئے گا جب انہیں شعور بھی نہ ہو گا

يَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ؕ وَ اِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ۙ﴿۵۴﴾

یہ عذاب کی جلدی کر رہے ہیں حالانکہ جہنّم یقیناکافروں کو اپنے گھیرے میں لینے والا ہے

يَوْمَ يَغْشٰهُمُ الْعَذَابُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ

جس دن عذاب انہیں اوپر سے اور نیچے سے ڈھانک لے گا

وَ يَقُوْلُ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۵﴾

اور کہے گا کہ اب اپنے اعمال کا مزہ چکھو

يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّ اَرْضِيْ وَاسِعَةٌ فَاِيَّايَ فَاعْبُدُوْنِ ﴿۵۶﴾

میرے ایماندار بندو! میری زمین بہت وسیع ہے لہٰذا میری ہی عبادت کرو

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ۫ ثُمَّ اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۵۷﴾

ہر نفس موت کا مزہ چکھنے والا ہے اس کے بعد تم سب ہماری بارگاہ میں پلٹا کر لائے جاؤ گے

وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا

اور جو لوگ ایمان لائے ہیں اور انہوں نے نیک اعمال کئے ہیں انہیں ہم جنّت کے جھروکوں میں جگہ دیں گے

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ نِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ۖق ﴿۵۸﴾

جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی اور وہ ہمیشہ ان ہی میں رہیں گے کہ یہ ان عمل کرنے والوں کا بہترین اجر ہے

الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَ عَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۵۹﴾

جن لوگوں نے صبر کیا ہے اور اپنے پروردگار پر بھروسہ کرتے ہیں

وَ كَاَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا ۖق

اور زمین پر چلنے والے بہت سے ایسے بھی ہیں جو اپنی روزی کا بوجھ نہیں اٹھا سکتے ہیں

اَللّٰهُ يَرۡزُقُهَا وَاِيَّاكُمۡ ‌ۖ وَهُوَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ ﴿۶۰﴾

لیکن خدا انہیں اور تمہیں سب کو رزق دے رہا ہے وہ سب کی سننے والا اور سب کے حالات کا جاننے والا ہے

وَلَٮِٕنۡ سَاَلۡتَهُمۡ مَّنۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ وَسَخَّرَ الشَّمۡسَ وَالۡقَمَرَ

اور اگر آپ ان سے پوچھیں گے کہ آسمان وزمین کو کس نے پیدا کیا ہے اور آفتاب وماہتاب کو کس نے مسخّر کیا ہے

لَيَـقُوۡلُنَّ اللّٰهُ‌ ۚ فَاَنّٰى يُؤۡفَكُوۡنَ ﴿۶۱﴾

تو فوراً کہیں گے کہ اللہ، تو یہ کدھر بہکے چلے جارہے ہیں

اَللّٰهُ يَبۡسُطُ الرِّزۡقَ لِمَنۡ يَّشَآءُ مِنۡ عِبَادِهٖ وَيَقۡدِرُ لَهٗ‌ ؕ

اللہ ہی جس کے رزق میں چاہتا ہے وسعت پیدا کر دیتا ہے اور جس کے رزق کو چاہتا ہے تنگ کر دیتا ہے

اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمٌ ﴿۶۲﴾

وہ ہر شے کا خوب جاننے والا ہے

وَلَٮِٕنۡ سَاَلۡتَهُمۡ مَّنۡ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحۡيَا بِهِ الۡاَرۡضَ مِنۡۢ بَعۡدِ مَوۡتِهَا

اور اگر آپ ان سے پوچھیں گے کس نے آسمان سے پانی برسایا ہے اور پھر زمین کو مردہ ہونے کے بعد زندہ کیا ہے

لَيَـقُوۡلُنَّ اللّٰهُ‌ ؕ قُلِ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ‌ ؕ بَلۡ اَكۡثَرُهُمۡ لَا يَعۡقِلُوۡنَ ﴿۶۳﴾

تو یہ کہیں گے کہ اللہ ہی ہے تو پھر کہہ دیجئے کہ ساری حمد اللہ کے لئے ہے اور انکی اکثریت عقل استعمال نہیں کر رہی ہے

وَمَا هٰذِهِ الۡحَيٰوةُ الدُّنۡيَاۤ اِلَّا لَهۡوٌ وَّلَعِبٌ‌ ؕ

اور یہ زندگانی دنیا ایک کھیل تماشے کے سوا کچھ نہیں ہے

وَاِنَّ الدَّارَ الۡاٰخِرَةَ لَهِىَ الۡحَيَوَانُ‌ۘ لَوۡ كَانُوۡا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۶۴﴾

اور آخرت کا گھر ہمیشہ کی زندگی کا مرکز ہے اگر یہ لوگ کچھ جانتے اور سمجھتے ہوں

فَاِذَا رَكِبُوۡا فِى الۡفُلۡكِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخۡلِصِيۡنَ لَهُ الدِّيۡنَ ۚ

پھر جب یہ لوگ کشتی میں سوار ہوتے ہیں تو ایمان وعقیدہ کے پورے اخلاص کے ساتھ خدا کو پکارتے ہیں

فَلَمَّا نَجّٰهُمْ اِلَى الْبَرِّ اِذَا هُمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۵﴾

پھر جب وہ نجات دے کر خشکی تک پہنچا دیتا ہے تو فوراً شرک اختیار کر لیتے ہیں

لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۚ وَلِيَتَمَتَّعُوْا ۫ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۶﴾

تا کہ جو کچھ ہم نے عطا کیا ہے اس کا انکار کر دیں اور دنیا میں مزے اُڑائیں تو عنقریب انہیں اس کا انجام معلوم ہو جائے گا

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا اٰمِنًا وَّيُتَخَطَّفُ النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ ؕ

کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے ان کے واسطے ایک محفوظ حرم بنا دیا ہے جسکے چاروں طرف لوگ اچک لئے جاتے ہیں

اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَكْفُرُوْنَ ﴿۶۷﴾

تو کیا یہ باطل پر ایمان رکھتے ہیں اور اللہ کی نعمت کا انکار کر دیتے ہیں

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهٗ ؕ

اور اُس سے بڑا ظالم کون ہے جو اللہ کی طرف جھوٹی باتوں کی نسبت دے یا حق کے آجانے کے بعد بھی اس کا انکار کر دے

اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۶۸﴾

تو کیا جہنّم میں کفار کا ٹھکانا نہیں ہے

وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۶۹﴾

اور جن لوگوں نے ہمارے حق میں جہاد کیا ہے ہم انہیں اپنے راستوں کی ہدایت کریں گے اور یقیناً اللہ حسن عمل والوں کے ساتھ ہے

٣٠ سُوْرَةُ الرُّوْمِ مَكِّيَّةٌ ٨٤ اٰيَاتُهَا ٦٠

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

عظیم اور دائمی رحمتوں والے خدا کے نام سے

الٓمّٓ ۚ ﴿۱﴾ غُلِبَتِ الرُّوۡمُ ۙ ﴿۲﴾

الٓمّٓ روم والے مغلوب ہوگئے

فِیۡۤ اَدۡنَی الۡاَرۡضِ وَ ہُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ غَلَبِہِمۡ سَیَغۡلِبُوۡنَ ۙ ﴿۳﴾

قریب ترین علاقہ میں لیکن یہ مغلوب ہوجانے کے بعد عنقریب پھر غالب ہوجائیں گے

فِیۡ بِضۡعِ سِنِیۡنَ ۬ؕ لِلّٰہِ الۡاَمۡرُ مِنۡ قَبۡلُ وَ مِنۡۢ بَعۡدُ ؕ

چند سال کے اندر، اللہ ہی کے لئے اوّل و آخر ہر زمانہ کا اختیار ہے

وَ یَوۡمَئِذٍ یَّفۡرَحُ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ ۙ ﴿۴﴾

اور اسی دن صاحبانِ ایمان خوشی منائیں گے

بِنَصۡرِ اللّٰہِ ؕ یَنۡصُرُ مَنۡ یَّشَآءُ ؕ وَ ہُوَ الۡعَزِیۡزُ الرَّحِیۡمُ ۙ ﴿۵﴾

اللہ کی نصرت و امداد کے سہارے کہ وہ جس کی امداد چاہتا ہے کردیتا ہے اور وہ صاحب عزّت بھی ہے اور مہربان بھی ہے

وَعۡدَ اللّٰہِ ؕ لَا یُخۡلِفُ اللّٰہُ وَعۡدَہٗ وَ لٰکِنَّ اَکۡثَرَ النَّاسِ لَا یَعۡلَمُوۡنَ ﴿۶﴾

یہ اللہ کا وعدہ ہے اور اللہ اپنے وعدہ کے خلاف نہیں کرتا ہے مگر لوگوں کی اکثریت اس حقیقت سے بھی بے خبر ہے

یَعۡلَمُوۡنَ ظَاہِرًا مِّنَ الۡحَیٰوۃِ الدُّنۡیَا ۚۖ وَ ہُمۡ عَنِ الۡاٰخِرَۃِ ہُمۡ غٰفِلُوۡنَ ﴿۷﴾

یہ لوگ صرف زندگانی دنیا کے ظاہر کو جانتے ہیں اور آخرت کی طرف سے بالکل غافل ہیں

اَوَ لَمۡ یَتَفَکَّرُوۡا فِیۡۤ اَنۡفُسِہِمۡ ۟

کیا ان لوگوں نے اپنے اندر فکر نہیں کی ہے

مَا خَلَقَ اللّٰہُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ وَ مَا بَیۡنَہُمَاۤ اِلَّا بِالۡحَقِّ

کہ خدا نے آسمان و زمین اور اس کے درمیان کی تمام مخلوقات کو برحق ہی پیدا کیا ہے

وَ اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ لَكٰفِرُوْنَ ﴿۸﴾

اور ایک معین مدّت کے ساتھ لیکن لوگوں کی اکثریت اپنے پروردگار کی ملاقات سے انکار کرنے والی ہے

اَوَ لَمْ يَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ

اور کیاان لوگوں نے زمین میں سیر نہیں کی ہے کہ دیکھتے کہ ان سے پہلے والوں کا کیاانجام ہوا ہے

كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً

جو طاقت میں ان سے زیادہ مضبوط تھے

وَّ اَثَارُوا الْاَرْضَ وَعَمَرُوْهَآ اَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوْهَا

اور انہوں نے زراعت کر کے زمین کو ان سے زیادہ آباد کر لیا تھا

وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ؕ

اور انکے پاس ہمارے نمائندے زیادہ کھلی ہوئی نشانیاں بھی لیکر آئے تھے

فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ؕ ﴿۹﴾

یقیناخدااپنے بندوں پر ظلم نہیں کرتا ہے بلکہ یہ لوگ خود ہی اپنے اوپر ظلم کرتے ہیں

ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ اَسَآءُوا السُّوْٓاٰى

اس کے بعد برائی کرنے والوں کاانجام براہوا

اَنْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَكَانُوْا بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۰﴾

کہ انہوں نے خدا کی نشانیوں کو جھٹلادیااور برابر ان کا مذاق اڑاتے رہے

اَللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱﴾

اللہ ہی تخلیق کی ابتداء کرتا ہے اور پھر پلٹا بھی دیتا ہے اور پھر تم سب اسی کی بارگاہ میں واپس لے جائے جاؤ گے

وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُبْلِسُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۱۲﴾

اور جس دن قیامت قائم کی جائے گی اس دن سارے مجرمین مایوس ہو جائیں گے

وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ مِّنْ شُرَكَآئِهِمْ شُفَعٰٓؤُا وَكَانُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ كٰفِرِيْنَ ﴿۱۳﴾

اور ان کے شرکاء میں کوئی سفارش کرنے والا نہ ہوگا اور یہ خود بھی اپنے شرکاء کا انکار کرنے والے ہوں گے

وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّتَفَرَّقُوْنَ ﴿۱۴﴾

اور جس دن قیامت قائم ہوگی سب لوگ آپس میں گروہوں میں تقسیم ہو جائیں گے

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَهُمْ فِيْ رَوْضَةٍ يُّحْبَرُوْنَ ﴿۱۵﴾

پس جو ایمان والے اور نیک عمل والے ہوں گے وہ باغِ جنّت میں نہال اور خوشحال ہوں گے

وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآئِ الْاٰخِرَةِ

اور جن لوگوں نے کفر اختیار کیا اور ہماری آیات اور روز آخرت کی ملاقات کی تکذیب کی

فَاُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿۱۶﴾

وہ عذاب میں ضرور گرفتار کئے جائیں گے

فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ﴿۱۷﴾

لہٰذا تم لوگ تسبیح پروردگار کرو اس وقت جب شام کرتے ہو اور جب صبح کرتے ہو

وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ﴿۱۸﴾

اور زمین و آسمان میں ساری حمد اسی کے لئے ہے اور عصر کے ہنگام اور جب دوپہر کرتے ہو

يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ

وہ خدا زندہ کو مردہ سے اور مردہ کو زندہ سے نکالتا ہے

وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ

اور زمین کو مردہ ہو جانے کے بعد پھر زندہ کرتا ہے

وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿۱۹﴾

اور اسی طرح ایک دن تمہیں بھی نکالا جائے گا

وَ مِنۡ اٰیٰتِهٖۤ اَنۡ خَلَقَكُمۡ مِّنۡ تُرَابٍ

اور اس کی نشانیوں میں سے ایک یہ بھی ہے کہ اس نے تمہیں خاک سے پیدا کیا ہے

ثُمَّ اِذَاۤ اَنۡتُمۡ بَشَرٌ تَنۡتَشِرُوۡنَ ﴿۲۰﴾

اور اس کے بعد تم بشر کی شکل میں پھیل گئے ہو

وَ مِنۡ اٰیٰتِهٖۤ اَنۡ خَلَقَ لَكُمۡ مِّنۡ اَنۡفُسِكُمۡ اَزۡوَاجًا لِّتَسۡكُنُوۡۤا اِلَیۡهَا

اور اسکی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ اس نے تمہارا جوڑا تم ہی میں سے پیدا کیا ہے تا کہ تمہیں اس سے سکون حاصل ہو

وَ جَعَلَ بَیۡنَكُمۡ مَّوَدَّةً وَّ رَحۡمَةً ؕ اِنَّ فِیۡ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوۡمٍ یَّتَفَكَّرُوۡنَ ﴿۲۱﴾

اور پھر تمہارے درمیان محبت اور رحمت قرار دی ہے کہ اس میں صاحبانِ فکر کے لئے بہت سی نشانیاں پائی جاتی ہیں

وَ مِنۡ اٰیٰتِهٖ خَلۡقُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ وَ اخۡتِلَافُ اَلۡسِنَتِكُمۡ وَ اَلۡوَانِكُمۡ ؕ

اور اس کی نشانیوں میں سے آسمان وزمین کی خلقت اور تمہاری زبانوں اور تمہارے رنگوں کا اختلاف بھی ہے

اِنَّ فِیۡ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّلۡعٰلِمِیۡنَ ﴿۲۲﴾

کہ اس میں صاحبانِ علم کے لئے بہت سی نشانیاں پائی جاتی ہیں

وَ مِنۡ اٰیٰتِهٖ مَنَامُكُمۡ بِالَّیۡلِ وَ النَّهَارِ وَ ابۡتِغَآؤُكُمۡ مِّنۡ فَضۡلِهٖ ؕ

اور اس کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ تم رات اور دن کو آرام کرتے ہو اور پھر فضل خدا کو تلاش کرتے ہو

اِنَّ فِیۡ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوۡمٍ یَّسۡمَعُوۡنَ ﴿۲۳﴾

کہ اس میں بھی سننے والی قوم کے لئے بہت سی نشانیاں پائی جاتی ہیں

وَ مِنۡ اٰیٰتِهٖ یُرِیۡكُمُ الۡبَرۡقَ خَوۡفًا وَّ طَمَعًا وَّ یُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً

اور اس کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ وہ بجلی کو خوف اور امید کا مرکز بنا کر دکھلاتا ہے اور آسمان سے پانی برساتا ہے

فَیُحۡیٖ بِهِ الۡاَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِهَا ؕ اِنَّ فِیۡ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوۡمٍ یَّعۡقِلُوۡنَ ﴿۲۴﴾

پھر اسکے ذریعہ مردہ زمین کو زندہ بناتا ہے بیشک اس میں بھی اس قوم کے لئے بہت سی نشانیاں ہیں جو عقل رکھنے والی ہے

وَ مِنۡ اٰیٰتِہٖۤ اَنۡ تَقُوۡمَ السَّمَآءُ وَ الۡاَرۡضُ بِاَمۡرِہٖ ؕ

اور اس کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ آسمان وزمین اسی کے حکم سے قائم ہیں

ثُمَّ اِذَا دَعَاکُمۡ دَعۡوَۃً ٭ۖ مِّنَ الۡاَرۡضِ ٭ۖ اِذَاۤ اَنۡتُمۡ تَخۡرُجُوۡنَ ﴿۲۵﴾

اور اس کے بعد وہ جب تم سب کو طلب کرے گا تو سب زمین سے یکبارگی بر آمد ہو جائیں گے

وَ لَہٗ مَنۡ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ کُلٌّ لَّہٗ قٰنِتُوۡنَ ﴿۲۶﴾

آسمان وزمین میں جو کچھ بھی ہے سب اسی کی ملکیت ہے اور سب اسی کے تابع فرمان ہیں

وَ ہُوَ الَّذِیۡ یَبۡدَؤُا الۡخَلۡقَ ثُمَّ یُعِیۡدُہٗ وَ ہُوَ اَہۡوَنُ عَلَیۡہِ ؕ

اور وہی وہ ہے جو خلقت کی ابتداء کرتا ہے اور پھر دوبارہ بھی پیدا کرے گا اور یہ کام اس کے لئے بے حد آسان ہے

وَ لَہُ الۡمَثَلُ الۡاَعۡلٰی فِی السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ۚ وَ ہُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ ﴿۲۷﴾

اور اسی کے لئے آسمان اور زمین میں سب سے بہترین مثال ہے اور وہی سب پر غالب آنے والا اور صاحب حکمت ہے

ضَرَبَ لَکُمۡ مَّثَلًا مِّنۡ اَنۡفُسِکُمۡ ؕ

اس نے تمہارے لئے تمہاری ہی مثال بیان کی ہے

ہَلۡ لَّکُمۡ مِّنۡ مَّا مَلَکَتۡ اَیۡمَانُکُمۡ مِّنۡ شُرَکَآءَ فِیۡ مَا رَزَقۡنٰکُمۡ

کہ جو رزق ہم نے تم کو عطا کیا ہے کیا اس میں تمہارے مملوک غلام وکنیز میں کوئی تمہارا شریک ہے

فَاَنۡتُمۡ فِیۡہِ سَوَآءٌ تَخَافُوۡنَہُمۡ کَخِیۡفَتِکُمۡ اَنۡفُسَکُمۡ ؕ

کہ تم سب برابر ہو جاؤ اور تمہیں ان کا خوف اسی طرح ہو جس طرح اپنے نفوس کے بارے میں خوف ہوتا ہے

کَذٰلِکَ نُفَصِّلُ الۡاٰیٰتِ لِقَوۡمٍ یَّعۡقِلُوۡنَ ﴿۲۸﴾

بیشک ہم اپنی نشانیوں کو صاحب عقل قوم کے لئے اسی طرح واضح کر کے بیان کرتے ہیں

بَلِ اتَّبَعَ الَّذِیۡنَ ظَلَمُوۡۤا اَہۡوَآءَہُمۡ بِغَیۡرِ عِلۡمٍ ۚ

حقیقت یہ ہے کہ ظالموں نے بغیر جانے بوجھے اپنی خواہشات کا اتباع کر لیا ہے

فَمَنۡ يَّهۡدِىۡ مَنۡ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَمَا لَهُمۡ مِّنۡ نّٰصِرِيۡنَ ﴿۲۹﴾

تو جس کو خدا گمراہی میں چھوڑ دے اسے کون ہدایت دے سکتا ہے اور ان کا تو کوئی ناصر و مددگار بھی نہیں ہے

فَاَقِمۡ وَجۡهَكَ لِلدِّيۡنِ حَنِيۡفًا ؕ

آپ اپنے رخ کو دین کی طرف رکھیں اور باطل سے کنارہ کش رہیں

فِطۡرَتَ اللّٰهِ الَّتِىۡ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيۡهَا ؕ

کہ یہ دین وہ فطرت الٰہی ہے جس پر اس نے انسانوں کو پیدا کیا ہے

لَا تَبۡدِيۡلَ لِخَلۡقِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ الدِّيۡنُ الۡقَيِّمُ ۙ

اور خلقت الٰہی میں کوئی تبدیلی نہیں ہوسکتی ہے یقیناً یہی سیدھا اور مستحکم دین ہے

وَلٰـكِنَّ اَكۡثَرَ النَّاسِ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ۙ ﴿۳۰﴾

مگر لوگوں کی اکثریت اس بات سے بالکل بے خبر ہے

مُنِيۡبِيۡنَ اِلَيۡهِ وَاتَّقُوۡهُ وَاَقِيۡمُوا الصَّلٰوةَ وَلَا تَكُوۡنُوۡا مِنَ الۡمُشۡرِكِيۡنَ ۙ ﴿۳۱﴾

تم سب اپنی توجہ خدا کی طرف رکھو اور اسی سے ڈرتے رہو - نماز قائم کرو اور خبردار مشرکین میں سے نہ ہو جانا

مِنَ الَّذِيۡنَ فَرَّقُوۡا دِيۡنَهُمۡ وَكَانُوۡا شِيَعًا ؕ

ان لوگوں میں سے جنہوں نے دین میں تفرقہ پیدا کیا ہے اور گروہوں میں بٹ گئے ہیں

كُلُّ حِزۡبٍۢ بِمَا لَدَيۡهِمۡ فَرِحُوۡنَ ﴿۳۲﴾

پھر ہر گروہ جو کچھ اس کے پاس ہے اسی پر مست اور مگن ہے

وَاِذَا مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ دَعَوۡا رَبَّهُمۡ مُّنِيۡبِيۡنَ اِلَيۡهِ

اور لوگوں کو جب بھی کوئی مصیبت چھو جاتی ہے تو وہ پروردگار کو پوری توجہ کے ساتھ پکارتے ہیں

ثُمَّ اِذَاۤ اَذَاقَهُمۡ مِّنۡهُ رَحۡمَةً اِذَا فَرِيۡقٌ مِّنۡهُمۡ بِرَبِّهِمۡ يُشۡرِكُوۡنَ ۙ ﴿۳۳﴾

اس کے بعد جب وہ رحمت کا مزہ چکھا دیتا ہے تو ان میں سے ایک گروہ شرک کرنے لگتا ہے

لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ؕ فَتَمَتَّعُوْا ۫ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۴﴾

تاکہ جو کچھ ہم نے عطا کیا ہے اس کا انکار کر دے تو تم مزے کر واس کے بعد تو سب کو معلوم ہی ہو جائے گا

اَمْ اَنْزَلْنَا عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا فَهُوَ يَتَكَلَّمُ بِمَا كَانُوْا بِهٖ يُشْرِكُوْنَ ﴿۳۵﴾

کیا ہم نے ان کے اوپر کوئی دلیل نازل کی ہے جو ان سے ان کے شرک کے جواز کو بیان کرتی ہے

وَاِذَآ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً فَرِحُوْا بِهَا ؕ

اور جب ہم انسانوں کو رحمت کا مزہ چکھا دیتے ہیں تو وہ خوش ہو جاتے ہیں

وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ اِذَا هُمْ يَقْنَطُوْنَ ﴿۳۶﴾

اور جب انہیں ان کے سابقہ کردار کی بنا پر کوئی تکلیف پہنچ جاتی ہے تو وہ مایوسی کا شکار ہو جاتے ہیں

اَوَلَمْ يَرَوْا

تو کیا ان لوگوں نے نہیں دیکھا

اَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ

کہ خدا جس کے رزق میں چاہتا ہے وسعت پیدا کر دیتا ہے اور جس کے یہاں چاہتا ہے کمی کر دیتا ہے

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۳۷﴾

اور اس میں بھی صاحبِ ایمان قوم کے لئے اس کی نشانیاں ہیں

فَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ؕ

اور تم قرابتدار مسکین اور غربت زدہ مسافر کو اس کا حق دے دو

ذٰلِكَ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ ۫ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۳۸﴾

کہ یہ ان لوگوں کے حق میں خیر ہے جو رضائے الٰہی کے طلب گار ہیں اور وہی حقیقتاً نجات حاصل کرنے والے ہیں

وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ رِّبًا لِّيَرْبُوَا۠ فِيْٓ اَمْوَالِ النَّاسِ فَلَا يَرْبُوْا عِنْدَ اللّٰهِ ۚ

اور تم لوگ جو بھی سود دیتے ہو کہ لوگوں کے مال میں اضافہ ہو جائے تو خدا کے یہاں کوئی اضافہ نہیں ہوتا ہے

وَ مَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ زَكٰوةٍ تُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُوْنَ ﴿۳۹﴾

ہاں جو زکوٰۃ دیتے ہو اور اس میں رضائے خدا کا ارادہ ہوتا ہے تو ایسے لوگوں کو دگنا چوگنا دے دیا جاتا ہے

اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ؕ

اللہ ہی وہ ہے جس نے تم سب کو خلق کیا ہے پھر روزی دی ہے پھر موت دیتا ہے پھر زندہ کرتا ہے

هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّفْعَلُ مِنْ ذٰلِكُمْ مِّنْ شَيْءٍ ؕ

کیا تمہارے شرکاء میں کوئی ایسا ہے جو ان میں سے کوئی کام انجام دے سکے

سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۴۰﴾

خدا ان تمام چیزوں سے جنہیں یہ سب شریک بنا رہے ہیں پاک و پاکیزہ اور بلند و برتر ہے

ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِي النَّاسِ

لوگوں کے ہاتھوں کی کمائی کی بنا پر فساد خشکی اور تری ہر جگہ غالب آگیا ہے

لِيُذِيْقَهُمْ بَعْضَ الَّذِيْ عَمِلُوْا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۴۱﴾

تاکہ خدا ان کے کچھ اعمال کا مزہ چکھا دے تو شاید یہ لوگ پلٹ کر راستے پر آجائیں

قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلُ ؕ

آپ کہہ دیجئے کہ ذرا زمین میں سیر کرکے دیکھو کہ تم سے پہلے والوں کا کیا انجام ہوا ہے

كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّشْرِكِيْنَ ﴿۴۲﴾

جن کی اکثریت مشرک تھی

فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ الْقَيِّمِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ

اور آپ اپنے رخ کو مستقیم اور مستحکم دین کی طرف رکھیں قبل اس کے کہ وہ دن آجائے

لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ يَوْمَئِذٍ يَّصَّدَّعُوْنَ ﴿۴۳﴾

جس کی واپسی کا کوئی امکان نہیں ہے اور جس دن لوگ پریشان ہو کر الگ الگ ہو جائیں گے

مَنۡ كَفَرَ فَعَلَيۡهِ كُفۡرُهٗ ۚ وَمَنۡ عَمِلَ صَالِحًا فَلِاَنۡفُسِهِمۡ يَمۡهَدُوۡنَۙ ﴿۴۴﴾

جو کفر کرے گا وہ اپنے کفر کا ذمہ دار ہوگا اور جو لوگ نیک عمل کر رہے ہیں وہ اپنے لئے راہ ہموار کر رہے ہیں

لِيَجۡزِىَ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنۡ فَضۡلِهٖ ‌ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿۴۵﴾

تاکہ خدا ایمان اور نیک عمل کرنے والوں کو اپنے فضل سے جزا دے سکے کہ وہ کافروں کو دوست نہیں رکھتا ہے

وَمِنۡ اٰيٰتِهٖۤ اَنۡ يُّرۡسِلَ الرِّيَاحَ مُبَشِّرٰتٍ

اور اس کی نشانیوں میں سے ایک یہ بھی ہے کہ وہ ہواؤں کو خوش خبری دینے والا بنا کر بھیجتا ہے

وَّلِيُذِيۡقَكُمۡ مِّنۡ رَّحۡمَتِهٖ وَلِتَجۡرِىَ الۡفُلۡكُ بِاَمۡرِهٖ

اور اس لئے بھی کہ تمہیں اپنی رحمت کا مزہ چکھائے اور اس کے حکم سے کشتیاں چلیں

وَلِتَبۡتَغُوۡا مِنۡ فَضۡلِهٖ وَلَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُوۡنَ ﴿۴۶﴾

اور تم اپنا رزق حاصل کر سکو اور شاید اس طرح شکر گزار بھی بن جاؤ

وَلَقَدۡ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ قَبۡلِكَ رُسُلًا اِلٰى قَوۡمِهِمۡ فَجَآءُوۡهُمۡ بِالۡبَيِّنٰتِ

اور ہم نے تم سے پہلے بہت سے رسول ان کی قوموں کی طرف بھیجے ہیں جو ان کے پاس کھلی ہوئی نشانیاں لے کر آئے

فَانۡتَقَمۡنَا مِنَ الَّذِيۡنَ اَجۡرَمُوۡا ‌ؕ وَكَانَ حَقًّا عَلَيۡنَا نَصۡرُ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۴۷﴾

پھر ہم نے مجرمین سے انتقام لیا اور ہمارا فرض تھا کہ ہم صاحبانِ ایمان کی مدد کریں

اَللّٰهُ الَّذِىۡ يُرۡسِلُ الرِّيٰحَ فَتُثِيۡرُ سَحَابًا فَيَبۡسُطُهٗ فِى السَّمَآءِ كَيۡفَ يَشَآءُ

اللہ ہی وہ ہے جو ہواؤں کو چلاتا ہے تو وہ بادلوں کو اڑاتی ہیں پھر وہ ان بادلوں کو جس طرح چاہتا ہے آسمان میں پھیلا دیتا ہے

وَيَجۡعَلُهٗ كِسَفًا فَتَرَى الۡوَدۡقَ يَخۡرُجُ مِنۡ خِلٰلِهٖ‌ ۚ

اور اسے ٹکڑے کر دیتا ہے اور اس کے درمیان سے پانی برساتا ہے

فَاِذَاۤ اَصَابَ بِهٖ مَنۡ يَّشَآءُ مِنۡ عِبَادِهٖۤ اِذَا هُمۡ يَسۡتَبۡشِرُوۡنَ‌ۚ ﴿۴۸﴾

پھر یہ پانی ان بندوں تک پہنچ جاتا ہے جن تک وہ پہنچانا چاہتا ہے تو وہ خوش ہو جاتے ہیں

وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْهِمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمُبْلِسِيْنَ ﴿۴۹﴾

اگرچہ وہ اس بارش کے نازل ہونے سے پہلے مایوسی کا شکار ہو گئے تھے

فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ

اب تم رحمت خدا کے ان آثار کو دیکھو کہ وہ کس طرح زمین کو مردہ ہو جانے کے بعد زندہ کر دیتا ہے

اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۵۰﴾

بیشک وہی مردوں کو زندہ کرنے والا ہے اور وہی ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے

وَلَئِنْ اَرْسَلْنَا رِيْحًا فَرَاَوْهُ مُصْفَرًّا لَّظَلُّوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ يَكْفُرُوْنَ ﴿۵۱﴾

اور اگر ہم زہریلی ہوا چلا دیتے اور یہ ہر طرف موسم خزاں جیسی زردی دیکھ لیتے تو بالکل ہی کفر اختیار کر لیتے

فَاِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿۵۲﴾

تو آپ مردوں کو اپنی آواز نہیں سنا سکتے ہیں اور بہروں کو بھی نہیں سنا سکتے ہیں جب وہ منہ پھیر کر چل دیں

وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِ الْعُمْيِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ؕ

اور آپ اندھوں کو بھی ان کی گمراہی سے ہدایت نہیں کر سکتے ہیں

اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۵۳﴾

آپ تو صرف ان لوگوں کو سنا سکتے ہیں جو ہماری آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں اور مسلمان ہیں

اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ ضُعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ ضُعْفٍ قُوَّةً

اللہ ہی وہ ہے جس نے تم سب کو کمزوری سے پیدا کیا ہے اور پھر کمزوری کے بعد طاقت عطا کی ہے

ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ ضُعْفًا

اور پھر طاقت کے بعد کمزوری

وَّشَيْبَةً ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۚ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْقَدِيْرُ ﴿۵۴﴾

اور ضعیفی قرار دی ہے وہ جو چاہتا ہے پیدا کر دیتا ہے کہ وہ صاحب علم بھی ہے اور صاحب قدرت بھی ہے

وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُقْسِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ۙ

اور جس دن قیامت قائم ہو گی اس دن مجرمین قسم کھا کر کہیں گے

مَا لَبِثُوْا غَيْرَ سَاعَةٍ ؕ كَذٰلِكَ كَانُوْا يُؤْفَكُوْنَ ﴿٥٥﴾

کہ وہ ایک ساعت سے زیادہ دنیا میں نہیں ٹھہرے ہیں در حقیقت یہ اسی طرح دنیا میں بھی افترا پردازیاں کیا کرتے تھے

وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَالْاِيْمَانَ لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ اِلٰى يَوْمِ الْبَعْثِ ۫

اور جن لوگوں کو علم اور ایمان دیا گیا ہے وہ کہیں گے کہ تم لوگ کتاب خدا کے مطابق قیامت کے دن تک ٹھہرے رہے

فَهٰذَا يَوْمُ الْبَعْثِ وَلٰكِنَّكُمْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٥٦﴾

تو یہ قیامت کا دن ہے لیکن تم لوگ بے خبر بنے ہوئے ہو

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿٥٧﴾

پھر آج ظالموں کو نہ کوئی معذرت فائدہ پہنچائے گی اور نہ ان کی کوئی بات سنی جائے گی

وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؕ

اور ہم نے اس قرآن میں ہر طرح کی مثال بیان کر دی ہے

وَلَئِنْ جِئْتَهُمْ بِاٰيَةٍ لَّيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُبْطِلُوْنَ ﴿٥٨﴾

اور اگر آپ ساری نشانیاں لے کر بھی آجائیں تو کافر یہی کہیں گے کہ آپ لوگ صرف اہلِ باطل ہیں

كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٥٩﴾

بیشک اسی طرح خدا ان لوگوں کے دلوں پر مہر لگا دیتا ہے جو علم رکھنے والے نہیں ہیں

فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ

لہٰذا آپ صبر سے کام لیں کہ خدا کا وعدہ برحق ہے

وَّلَا يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِيْنَ لَا يُوْقِنُوْنَ ﴿٦٠﴾

اور خبردار جو لوگ یقین اس امر کا نہیں رکھتے ہیں وہ آپ کو ہلکا نہ بنا دیں

۴۴ سُوْرَةُ الدُّخَانِ مَكِّيَّةٌ ۶۴ اٰياتها ۵۹

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

عظیم اور دائمی رحمتوں والے خدا کے نام سے

حٰمٓ ۚ﴿۱﴾ وَ الۡكِتٰبِ الۡمُبِیۡنِ ۙ﴿۲﴾

حمۤ روشن کتاب کی قسم

اِنَّاۤ اَنۡزَلۡنٰهُ فِیۡ لَیۡلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ اِنَّا كُنَّا مُنۡذِرِیۡنَ ﴿۳﴾

ہم نے اس قرآن کو ایک مبارک رات میں نازل کیا ہے ہم بیشک عذاب سے ڈرانے والے تھے

فِیۡهَا یُفۡرَقُ كُلُّ اَمۡرٍ حَكِیۡمٍ ۙ﴿۴﴾

اس رات میں تمام حکمت و مصلحت کے امور کا فیصلہ کیا جاتا ہے

اَمۡرًا مِّنۡ عِنۡدِنَا ؕ اِنَّا كُنَّا مُرۡسِلِیۡنَ ۚ﴿۵﴾

یہ ہماری طرف کا حکم ہوتا ہے اور ہم ہی رسولوں کے بھیجنے والے ہیں

رَحۡمَةً مِّنۡ رَّبِّكَ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ ۙ﴿۶﴾

یہ آپ کے پروردگار کی رحمت ہے اور یقیناً وہ بہت سننے والا اور جاننے والا ہے

رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ وَ مَا بَیۡنَهُمَا ۘ اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّوۡقِنِیۡنَ ﴿۷﴾

وہ آسمان و زمین اور اس کے مابین کا پروردگار ہے اگر تم یقین کرنے والے ہو

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ یُحۡیٖ وَ یُمِیۡتُ ؕ

اس کے علاوہ کوئی خدا نہیں ہے. وہی حیات عطا کرنے والا ہے اور وہی موت دینے والا ہے

رَبُّكُمۡ وَ رَبُّ اٰبَآئِكُمُ الۡاَوَّلِیۡنَ ﴿۸﴾

وہی تمہارا بھی پروردگار ہے اور تمہارے گزشتہ بزرگوں کا بھی پروردگار ہے

بَلۡ هُمۡ فِیۡ شَكٍّ یَّلۡعَبُوۡنَ ﴿۹﴾

لیکن یہ لوگ شک کے عالم میں کھیل تماشہ کر رہے ہیں

فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۰﴾

لہٰذا آپ اس دن کا انتظار کیجئے جب آسمان واضح قسم کا دھواں لے کر آجائے گا

يَّغْشَى النَّاسَ ۭ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۱﴾

جو تمام لوگوں کو ڈھانک لے گا کہ یہی دردناک عذاب ہے

رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲﴾

تب سب کہیں گے کہ پروردگار اس عذاب کو ہم سے دور کردے ہم ایمان لے آنے والے ہیں

اَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى وَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۳﴾

بھلا ان کی قسمت میں نصیحت کہاں جب کہ ان کے پاس واضح پیغام والا رسول بھی آچکا ہے

ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ﴿۱۴﴾

اور انہوں نے اس سے منہ پھیر لیا اور کہا کہ یہ سکھایا پڑھایا ہوا دیوانہ ہے

اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا اِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ ﴿۱۵﴾

خیر ہم تھوڑی دیر کے لئے عذاب کو ہٹا لیتے ہیں لیکن تم پھر وہی کرنے والے ہو جو کر رہے ہو

يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى ۚ اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ ﴿۱۶﴾

ایک دن آئے گا جب ہم سخت قسم کی گرفت کریں گے کہ ہم یقیناً بدلہ لینے والے بھی ہیں

وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ وَجَآءَهُمْ رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ ﴿۱۷﴾

اور ہم نے ان سے پہلے فرعون کی قوم کو آزمایا جب ان کے پاس ایک محترم پیغمبر آیا

اَنْ اَدُّوْٓا اِلَيَّ عِبَادَ اللّٰهِ ۭ اِنِّىْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۸﴾

کہ اللہ کے بندوں کو میرے حوالے کردو میں تمہارے لئے ایک امانت دار پیغمبر ہوں

وَّاَنْ لَّا تَعْلُوْا عَلَى اللّٰهِ ۚ اِنِّىْٓ اٰتِيْكُمْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۹﴾

اور خدا کے سامنے اونچے نہ بنو میں تمہارے پاس بہت واضح دلیل لے کر آیا ہوں

وَ اِنِّیْ عُذْتُ بِرَبِّیْ وَ رَبِّكُمْ اَنْ تَرْجُمُوْنِ ﴿۲۰﴾

اور میں اپنے اور تمہارے رب کی پناہ چاہتا ہوں کہ تم مجھے سنگسار کردو

وَ اِنْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا لِیْ فَاعْتَزِلُوْنِ ﴿۲۱﴾

اور اگر تم ایمان نہیں لاتے ہو تو مجھ سے الگ ہو جاؤ

فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنَّ هٰۤؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ ﴿۲۲﴾

پھر انہوں نے اپنے رب سے دُعا کی کہ یہ قوم بڑی مجرم قوم ہے

فَاَسْرِ بِعِبَادِیْ لَیْلًا اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ۙ﴿۲۳﴾

تو ہم نے کہا کہ ہمارے بندوں کو لے کر راتوں رات چلے جاؤ کہ تمہارا پیچھا کیا جانے والا ہے

وَ اتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ؕ اِنَّهُمْ جُنْدٌ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۲۴﴾

اور دریا کو اپنے حال پر ساکن چھوڑ کر نکل جاؤ کہ یہ لشکر غرق کیا جانے والا ہے

كَمْ تَرَكُوْا مِنْ جَنّٰتٍ وَّ عُیُوْنٍ ۙ﴿۲۵﴾

یہ لوگ کتنے ہی باغات اور چشمے چھوڑ گئے

وَّ زُرُوْعٍ وَّ مَقَامٍ كَرِیْمٍ ۙ﴿۲۶﴾

اور کتنی ہی کھیتیاں اور عمدہ مکانات چھوڑ گئے

وَّ نَعْمَةٍ كَانُوْا فِیْهَا فٰكِهِیْنَ ۙ﴿۲۷﴾

اور وہ نعمتیں جن میں مزے اُڑا رہے تھے

كَذٰلِكَ ۫ وَ اَوْرَثْنٰهَا قَوْمًا اٰخَرِیْنَ ﴿۲۸﴾

یہی انجام ہوتا ہے اور ہم نے سب کا وارث دوسری قوم کو بنادیا

فَمَا بَكَتْ عَلَیْهِمُ السَّمَآءُ وَ الْاَرْضُ وَ مَا كَانُوْا مُنْظَرِیْنَ ۠﴿۲۹﴾

پھر تو ان پر نہ آسمان رویا اور نہ زمین اور نہ انہیں مہلت ہی دی گئی

وَ لَقَدۡ نَجَّیۡنَا بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ مِنَ الۡعَذَابِ الۡمُہِیۡنِ ﴿۳۰﴾

اور ہم نے بنی اسرائیل کو رسوا کن عذاب سے بچا لیا

مِنۡ فِرۡعَوۡنَ ؕ اِنَّہٗ کَانَ عَالِیًا مِّنَ الۡمُسۡرِفِیۡنَ ﴿۳۱﴾

فرعون کے شر سے جو زیادتی کرنے والوں میں بھی سب سے اونچا تھا

وَ لَقَدِ اخۡتَرۡنٰہُمۡ عَلٰی عِلۡمٍ عَلَی الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿ۚ۳۲﴾

اور ہم نے بنی اسرائیل کو تمام عالمین میں سمجھ بوجھ کر انتخاب کیا ہے

وَ اٰتَیۡنٰہُمۡ مِّنَ الۡاٰیٰتِ مَا فِیۡہِ بَلٰٓـؤٌا مُّبِیۡنٌ ﴿۳۳﴾

اور انہیں ایسی نشانیاں دی ہیں جن میں کھلا ہوا امتحان پایا جاتا ہے

اِنَّ ہٰۤؤُلَآءِ لَیَقُوۡلُوۡنَ ﴿ۙ۳۴﴾

بیشک یہ لوگ یہی کہتے ہیں

اِنۡ ہِیَ اِلَّا مَوۡتَتُنَا الۡاُوۡلٰی وَ مَا نَحۡنُ بِمُنۡشَرِیۡنَ ﴿۳۵﴾

کہ یہ صرف پہلی موت ہے اور بس اس کے بعد ہم اٹھائے جانے والے نہیں ہیں

فَاۡتُوۡا بِاٰبَآئِنَاۤ اِنۡ کُنۡتُمۡ صٰدِقِیۡنَ ﴿۳۶﴾

اور اگر تم سچے ہو تو ہمارے باپ دادا کو قبروں سے اٹھا کر لے آؤ

اَہُمۡ خَیۡرٌ اَمۡ قَوۡمُ تُبَّعٍ ۙ وَّ الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِہِمۡ ؕ اَہۡلَکۡنٰہُمۡ ۫

بھلا یہ لوگ زیادہ بہتر ہیں یا قوم تبّع اور ان سے پہلے والے افراد جنہیں ہم نے اس لئے تباہ کر دیا

اِنَّہُمۡ کَانُوۡا مُجۡرِمِیۡنَ ﴿۳۷﴾

کہ یہ سب مجرم تھے

وَ مَا خَلَقۡنَا السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ وَ مَا بَیۡنَہُمَا لٰعِبِیۡنَ ﴿۳۸﴾

اور ہم نے زمین و آسمان اور اس کی درمیانی مخلوقات کو کھیل تماشہ کرنے کے لئے نہیں پیدا کیا ہے

مَا خَلَقْنٰهُمَاۤ اِلَّا بِالْحَقِّ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾

ہم نے انہیں صرف حق کے ساتھ پیدا کیا ہے لیکن ان کی اکثریت اس امر سے بھی جاہل ہے

اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ مِيْقَاتُهُمْ اَجْمَعِيْنَۙ ﴿۴۰﴾

بیشک فیصلہ کا دن ان سب کے اٹھائے جانے کا مقررہ وقت ہے

يَوْمَ لَا يُغْنِيْ مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى شَيْئًا وَّ لَا هُمْ يُنْصَرُوْنَۙ ﴿۴۱﴾

جس دن کوئی دوست دوسرے دوست کے کام آنے والا نہیں ہے اور نہ ان کی کوئی مدد کی جائے گی

اِلَّا مَنْ رَّحِمَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۴۲﴾

علاوہ اس کے جس پر خدا رحم کرے کہ بیشک وہ بڑا بخشنے والا اور مہربان ہے

اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِۙ ﴿۴۳﴾ طَعَامُ الْاَثِيْمِۛۚ ﴿۴۴﴾

بیشک آخرت میں ایک تھوہڑ کا درخت ہے جو گناہگاروں کی غذا ہے

كَالْمُهْلِ ۛۚ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِۙ ﴿۴۵﴾

وہ پگھلے ہوئے تانبے کی مانند پیٹ میں جوش کھائے گا

كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ ﴿۴۶﴾

جیسے گرم پانی جوش کھاتا ہے

خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَآءِ الْجَحِيْمِۖۗ ﴿۴۷﴾

فرشتوں کو حکم ہوگا کہ اسے پکڑو اور بیچوں بیچ جہنم تک لے جاؤ

ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِؕ ﴿۴۸﴾

پھر اس کے سر پر کھولتے ہوئے پانی کا عذاب انڈیل دو

ذُقْ ۚۙ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ﴿۴۹﴾

کہو کہ اب اپنے کئے کا مزہ چکھو کہ تم تو بڑے صاحب عزّت اور محترم کہے جاتے تھے

اِنَّ هٰذَا مَا كُنۡتُمۡ بِهٖ تَمۡتَرُوۡنَ ﴿۵۰﴾

یہی وہ عذاب ہے جس میں تم شک پیدا کر رہے تھے

اِنَّ الۡمُتَّقِيۡنَ فِىۡ مَقَامٍ اَمِيۡنٍۙ ﴿۵۱﴾

بیشک وہ صاحبانِ تقویٰ محفوظ مقام پر ہوں گے

فِىۡ جَنّٰتٍ وَّعُيُوۡنٍۚۙ ﴿۵۲﴾

باغات اور چشموں کے درمیان

يَّلۡبَسُوۡنَ مِنۡ سُنۡدُسٍ وَّاِسۡتَبۡرَقٍ مُّتَقٰبِلِيۡنَۚۙ ﴿۵۳﴾

وہ ریشم کی باریک اور موٹی پوشاک پہنے ہوئے ایک دوسرے کے سامنے بیٹھے ہوں گے

كَذٰلِكَ وَزَوَّجۡنٰهُمۡ بِحُوۡرٍ عِيۡنٍؕ ﴿۵۴﴾

ایسا ہی ہوگا اور ہم بڑی بڑی آنکھوں والی حوروں سے ان کے جوڑے لگادیں گے

يَدۡعُوۡنَ فِيۡهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ اٰمِنِيۡنَۙ ﴿۵۵﴾

وہ وہاں ہر قسم کے میوے سکون کے ساتھ طلب کریں گے

لَا يَذُوۡقُوۡنَ فِيۡهَا الۡمَوۡتَ اِلَّا الۡمَوۡتَةَ الۡاُوۡلٰى‌ ۚ وَوَقٰهُمۡ عَذَابَ الۡجَحِيۡمِۙ ﴿۵۶﴾

اور وہاں پہلی موت کے علاوہ کسی موت کا مزہ نہیں چکھنا ہوگا اور خدا انہیں جہنّم کے عذاب سے محفوظ رکھے گا

فَضۡلًا مِّنۡ رَّبِّكَ‌ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الۡفَوۡزُ الۡعَظِيۡمُ ﴿۵۷﴾

یہ سب آپ کے پروردگار کا فضل و کرم ہے اور یہی انسان کے لئے سب سے بڑی کامیابی ہے

فَاِنَّمَا يَسَّرۡنٰهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمۡ يَتَذَكَّرُوۡنَ ﴿۵۸﴾

پس ہم نے اس قرآن کو آپ کی زبان سے آسان کر دیا ہے کہ شاید یہ لوگ نصیحت حاصل کرلیں

فَارۡتَقِبۡ اِنَّهُمۡ مُّرۡتَقِبُوۡنَ ﴿۵۹﴾

پھر آپ انتظار کریں اور یہ لوگ بھی انتظار کر ہی رہے ہیں

دعا توبہ (امام زین العابدین علیہ السلام)

اَللّٰھُمَّ یَا مَنْ لَّا یَصِفُهٗ نَعْتُ الْوَاصِفِیْنَ

اے معبود اے وہ کہ تعریف کرنے والے جس کی تعریف سے قاصر ہیں

اے وہ کہ امیدواروں کی امید اس سے آگے نہیں جاتی۔

وَیَا مَنْ لَّا یَضِیْعُ لَدَیْهِ اَجْرُ الْمُحْسِنِیْنَ

اے وہ کہ جس کے ہاں نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں ہوتا

وَیَا مَنْ ھُوَ مُنْتَھٰی خَوْفِ الْعَابِدِیْنَ

اے وہ جو عبادت گزاروں کے خوف کی آخری منزل ہے

وَیَا مَنْ ھُوَ غَایَةُ خَشْیَةِ الْمُتَّقِیْنَ،

اور اے وہ جو پرہیزگار کے ہراس کی حد آخر ہے

ھٰذَا مَقَامُ مَنْ تَدَاوَلَتْهُ اَیْدِی الذُّنُوْبِ

یہ کھڑا ہے وہ شخص جو گناہوں کے ہاتھوں میں کھیلتا ہے

وَقَادَتْهُ اَزِمَّةُ الْخَطَایَا وَاسْتَحْوَذَ عَلَیْهِ الشَّیْطَانُ

اور خطاؤں کی باگیں جسے کھینچ رہی ہیں جسپر شیطان نے غلبہ کیا ہے

فَقَصَّرَ عَمَّآ اَمَرْتَ بِهٖ تَفْرِیْطًا،

تو اس نے تیرے حکم کی پرواہ نہ کی اور فرض پورا نہ کیا

وَّتَعَاطٰی مَا نَھَیْتَ عَنْهُ تَغْرِیْرًا

فریب خوردہ ہو کر تیری منہیات کا مرتکب ہوتا ہے

کَالْجَاھِلِ بِقُدْرَتِكَ عَلَیْهِ

گویا خود کو تیرے قبضہ قدرت میں تصور نہیں کرتا

اَوْ کَالْمُنْکِرِ فَضْلَ اِحْسَانِكَ اِلَیْهِ

یا جو احسان تو نے اس پر کیے وہ انہیں مانتا نہیں ہے

حَتّٰی اِذَا انْفَتَحَ لَهٗ بَصَرُ الْھُدٰی

مگر جب اس کی بصیرت کی آنکھ کھلی

وَ تَقَشَّعَتْ عَنْهُ سَحَآئِبُ الْعَمٰى، اَحْصٰى مَاظَلَمَ بِهٖ نَفْسَهٗ

اور اندھیرے کے بادل اس کے آگے سے ہٹے تو اس نے اپنے نفس پر کیے ہوئے ظلموں کا جائزہ لیا

وَفَكَّرَ فِيْمَا خَالَفَ بِهٖ رَبَّهٗ فَرَاٰى كَبِيْرَ عِصْيَانِهٖ كَبِيْرًا

اپنے پروردگار سے مخالفتوں پر نظر کی تو اس نے دیکھا کہ اس نے بڑے بڑے گناہ کیے

وَّجَلِيْلَ مُخَالَفَتِهٖ جَلِيْلًا، فَاَقْبَلَ نَحْوَكَ مُؤَمِّلًا لَّكَ مُسْتَحْيِيًا مِّنْكَ

اور کھلی ہوئی مخالفتیں کی ہیں پس وہ تیری طرف آیا جب کہ امیدوار ہے اور شرمسار بھی ہے

وَوَجَّهَ رَغْبَتَهٗ اِلَيْكَ ثِقَةً بِكَ فَاَمَّكَ بِطَمَعِهٖ يَقِيْنًا

وہ تیری طرف بڑھا تجھ پر اعتماد کرتے ہوئے تیری طرف جھکا ہے یقین کے ساتھ

وَّقَصَدَكَ بِخَوْفِهٖ اِخْلَاصًا. قَدْ خَلَا طَمَعُهٗ مِنْ كُلِّ مَطْمُوْعٍ فِيْهِ غَيْرِكَ

اور ڈرتا ہوا سچے دل سے تیری طرف چلا جبکہ تیرے علاوہ اسے کسی سے غرض و مطلب نہیں ہے

وَاَفْرَخَ رَوْعُهٗ مِنْ كُلِّ مَحْذُوْرٍ مِّنْهُ سِوَاكَ،

اس نے تیرے سوا ہر ایک کا خوف دل سے نکال دیا جس سے خوف کرتا تھا۔

فَمَثَلَ بَيْنَ يَدَيْكَ مُتَضَرِّعًا وَّغَمَّضَ بَصَرَهٗ اِلَى الْاَرْضِ مُتَخَشِّعًا

چنانچہ وہ تیرے سامنے عاجزانہ طور پر آ کھڑا ہے اس نے ڈر کے مارے اپنی نگاہیں زمین پر گاڑ دی ہیں۔

وَّطَاْطَاَ رَاْسَهٗ لِعِزَّتِكَ مُتَذَلِّلًا

تیری عزت کے سامنے عاجزی سے سر جھکالیا ہے

وَّاَبَثَّكَ مِنْ سِرِّهٖ مَآ اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنْهُ خُضُوْعًا

اس نے عجز سے اپنے چھپے راز تیرے آگے کھول دیئے جن کو تو اس سے زیادہ جانتا ہے

وَّعَدَّدَ مِنْ ذُنُوْبِهٖ مَآ اَنْتَ اَحْصٰى لَهَا خُشُوْعًا،

عاجزی کے ساتھ وہ اپنے گناہ گنوائے جن کو تو نے خوب شمار کیا ہوا ہے۔

وَّاسْتَغَاثَ بِكَ مِنْ عَظِيْمِ مَاوَقَعَ بِهٖ فِيْ عِلْمِكَ

وہ تجھ سے فریاد کرتا ہے اپنے بڑے بڑے گناہوں پر جو تیرے علم میں ہیں

وَقَبِيْحِ مَافَضَحَهٗ فِيْ حُكْمِكَ مِنْ ذُنُوْبٍ اَدْبَرَتْ لَذَّاتُهَا فَذَهَبَتْ

اور تیرے فیصلے میں اس کے لیے رسوا کن ہیں وہ گناہ جو اس نے کیے ان کی لذتیں جاتی رہیں

وَاَقَامَتْ تَبِعَاتِهَا فَلَزِمَتْ، لَا یُنْكِرُ یَا اِلٰهِی عَدْلَكَ

اور ان کا وبال اسکی گردن پر باقی رہ گیا ہے معبود وہ تیرے عدل سے منکر نہیں ہو گا

اِنْ عَاقَبْتَهٗ وَلَا یَسْتَعْظِمُ عَفْوَكَ اِنْ عَفَوْتَ عَنْهُ وَرَحِمْتَهٗ؛

اگر تو اسے سزا دے اور وہ تیرے عفو کو عیب نہیں سمجھے گا اگر تو اسے معاف کر دے اور ترس کھائے۔

لِاَنَّكَ الرَّبُّ الْكَرِیْمُ الَّذِیْ لَا یَتَعَاظَمُهٗ غُفْرَانُ الذَّنْبِ الْعَظِیْمِ

کیونکہ وہ رب کریم ہے جس کے لیے کسی بڑے سے بڑے گناہ کا بخشنا کچھ مشکل نہیں

اَللّٰهُمَّ فَهَاۤ اَنَا ذَا قَدْ جِئْتُكَ مُطِیْعًا لِاَمْرِكَ فِیْمَاۤ اَمَرْتَ بِهٖ مِنَ الدُّعَاۤءِ

تو اے معبود یہ میں جو تیری بارگاہ میں آیا ہوں تیرے اس حکم پر عمل کرتے ہوئے جس میں تو نے دعا کی تاکید کی ہے

مُتَنَجِّزًا وَّعْدَكَ فِیْمَا وَعَدْتَّ بِهٖ مِنَ الْاِجَابَةِ،

تیرے اس وعدے کا ایفا چاہتا ہوں جس میں تو نے قبولیت دعا کا یقین دلایا

اِذْ تَقُوْلُ ادْعُوْنِیْۤ اَسْتَجِبْ لَكُمْ

جب یہ فرمایا کہ مجھ سے دعا مانگو میں اسے قبول کروں گا

اَللّٰهُمَّ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ

اے معبود پس رحمت فرما محمدؐ اور ان کی آل پر

وَالْقَنِیْ بِمَغْفِرَتِكَ كَمَا لَقِیْتُكَ بِاِقْرَارِیْ

اور اپنی مغفرت میرے شامل حال فرما جیسے میں نے اپنے گناہوں کا اقرار کیا ہے

وَارْفَعْنِیْ عَنْ مَّصَارِعِ الذُّنُوْبِ كَمَا وَضَعْتُ لَكَ نَفْسِیْ

مجھے گناہوں کی قتل گاہ سے بچا لے جیسا کہ میں نے خود کو تیرے در پر لا ڈالا ہے

وَاسْتُرْنِیْ بِسِتْرِكَ كَمَا تَاَنَّیْتَنِیْ عَنِ الْاِنْتِقَامِ مِنِّیْ،

اپنے دامن سے میری پردہ پوشی فرما جیسے انتقام لینے میں صبر و تحمل کیا ہے۔

اَللّٰهُمَّ وَثَبِّتْ فِیْ طَاعَتِكَ نِیَّتِیْ وَاَحْكِمْ فِیْ عِبَادَتِكَ بَصِیْرَتِیْ

اے معبود میری نیت کو اپنی اطاعت میں استوار کر دے اور اپنی عبادت کو میری بصیرت میں محکم بنا دے

وَوَفِّقْنِیْ مِنَ الْاَعْمَالِ لِمَا تَغْسِلُ بِهٖ دَنَسَ الْخَطَایَا عَنِّیْ

مجھے ان اعمال کی توفیق دے جن سے تو میل کچیل دھو ڈالے میرے گناہوں کا

وَتَوَفَّنِیْ عَلٰی مِلَّتِكَ وَمِلَّتِ نَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ عَلَیْهِ السَّلَامُ اِذَا تَوَفَّیْتَنِیْ

اور جب تو مجھے اس دنیا سے اٹھائے تو اپنے دین اور اپنے نبی حضرت محمدؐ کے آئین پر اٹھانا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَتُوْبُ اِلَیْكَ فِیْ مَقَامِیْ هٰذَا

اے معبود میں اس مقام پر تیرے حضور توبہ کرتا ہوں

مِنْ كَبَآئِرِ ذُنُوْبِیْ وَصَغَآئِرِهَا وَبَوَاطِنِ سَیِّئَاتِیْ

اپنے بڑے گناہوں اور چھوٹے گناہوں سے اپنی پوشیدہ برائیوں سے،

وَظَوَاهِرِهَا وَسَوَالِفِ زَلَّاتِیْ وَحَوَادِثِهَا

پچھلی غلطیوں سے اور غلطیوں سے

تَوْبَةَ مَنْ لَّا یُحَدِّثُ نَفْسَهٗ بِمَعْصِیَةٍ وَّلَا یُضْمِرُ اَنْ یَّعُوْدَ فِیْ خَطِیْٓئَةٍ،

اس شخص کی سی توبہ جو دل میں گناہ کا خیال بھی نہ لائے اور گناہ کی طرف واپسی کا تصور بھی نہ کرے۔

وَّقَدْ قُلْتَ یَاۤ اِلٰهِیْ فِیْ مُحْكَمِ كِتَابِكَ

اے میرے معبود یقیناً تو نے اپنی محکم کتاب میں فرمایا ہے

اِنَّكَ تَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِكَ

کہ تو اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے،

وَتَعْفُوْ عَنِ السَّیِّئَاتِ وَتُحِبُّ التَّوَّابِیْنَ،

ان کے گناہ معاف کرتا ہے اور توبہ کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔

فَاقْبَلْ تَوْبَتِیْ كَمَا وَعَدْتَّ وَاعْفُ عَنْ سَیِّئَاتِیْ كَمَا ضَمِنْتَ

پس میری توبہ قبول فرما جیسے تو نے وعدہ کیا ہے۔ میرے گناہ معاف فرما جیسے تو نے ذمہ لیا ہے

وَاَوْجِبْ لِیْ مَحَبَّتَكَ كَمَا شَرَطْتَّ

اور قرارداد کے مطابق اپنی محبت میرے لیے ضروری فرمادے

وَلَكَ یَا رَبِّ شَرْطِیْۤ اَلَّاۤ اَعُوْدَ فِیْ مَكْرُوْهِكَ

پروردگار میں اقرار کرتا ہوں کہ تیری ناپسندیدہ چیزوں کی طرف رجوع نہیں کرونگا

وَضَمَانِیْۤ اَلَّاۤ اَرْجِعَ فِیْ مَذْمُوْمِكَ

اور تیری نفرت کی چیزوں کی طرف رخ نہیں کروں گا۔

وَعَهْدِیْ اَنْ اَهْجُرَ جَمِیْعَ مَعَاصِیْكَ،

یہ عہد بھی کرتا ہوں کہ تیری نافرمانیاں چھوڑ دوں گا

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ اَعْلَمُ بِمَا عَمِلْتُ فَاغْفِرْ لِیْ مَا عَلِمْتَ

اے معبود تو میرے عمل سے اچھی طرح آگاہ ہے پس جو کچھ تیرے علم میں ہے وہ معاف کر دے

وَاصْرِفْنِیْ بِقُدْرَتِكَ اِلٰی مَآ اَحْبَبْتَ،

اور اپنی قدرت سے مجھے اس عمل کی طرف موڑ دے جو تجھے پسند ہے

اَللّٰهُمَّ وَعَلَیَّ تَبِعَاتٌ قَدْ حَفِظْتُهُنَّ

اے معبود مجھ پر کتنے ہی حقوق ہیں جو مجھے یاد ہیں

وَتَبِعَاتٌ قَدْ نَسِیْتُهُنَّ وَكُلُّهُنَّ بِعَیْنِكَ الَّتِیْ لَاتَنَامُ

اور کتنے حقوق ہیں جو میں بھولا ہوں وہ سب تیری آنکھ کے سامنے ہیں جو سوتی نہیں

وَعِلْمِكَ الَّذِیْ لَایَنْسٰی، فَعَوِّضْ مِنْهَآ اَهْلَهَا

تیرے علم میں ہیں جو بھولتا نہیں۔ پس وہ میری طرف سے حقداروں کو پہنچادے

وَاحْطُطْ عَنِّیْ وِزْرَهَا وَخَفِّفْ عَنِّیْ ثِقْلَهَا

مجھ پر سے ان کا بوجھ اتار دے، ان کا بار مجھ سے ہلکا کر دے

وَاعْصِمْنِیْ مِنْ اَنْ اُقَارِفَ مِثْلَهَا،

اور پھر مجھ کو ایسے گناہوں سے محفوظ فرما

اَللّٰهُمَّ وَاِنَّهٗ لَاوَفَآءَ لِیْ بِالتَّوْبَةِ اِلَّا بِعِصْمَتِكَ

اے معبود میں توبہ پر قائم نہیں رہ سکتا مگر تیری حفاظت و نگہبانی کے ساتھ

وَلَا اسْتِمْسَاكَ بِیْ عَنِ الْخَطَایَآ اِلَّا عَنْ قُوَّتِكَ

اور میں گناہوں سے باز نہیں رہ سکتا مگر تیری دی ہوئی طاقت سے

فَقَوِّنِیْ بِقُوَّةٍ كَافِیَةٍ وَّتَوَلَّنِیْ بِعِصْمَةٍ مَّانِعَةٍ،

مجھے اس کے لیے قوت دے مجھے گناہوں سے روکنے کا ذمہ لے۔

اَللّٰهُمَّ اَیُّمَا عَبْدٍ تَابَ اِلَیْكَ وَهُوَ فِیْ عِلْمِ الْغَیْبِ عِنْدَكَ

اے معبود وہ بندہ جو تیرے حضور توبہ کر لے، تیرے علم غیب میں وہ توبہ کو توڑنے والا،

فَاسِخٌ لِّتَوْبَتِهٖ وَعَائِدٌ فِیْ ذَنْبِهٖ وَخَطِیْئَتِهٖ

اپنے گناہوں کی طرف واپس جانے اور خطاؤں کی طرف پلٹنے والا ہو

فَاِنِّیْۤ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَكُوْنَ كَذٰلِكَ،

تو تیری پناہ لیتا ہوں کہ میں ویسا بن جاؤں

فَاجْعَلْ تَوْبَتِیْ هٰذِهٖ تَوْبَةً لَّاۤ اَحْتَاجُ بَعْدَهَاۤ اِلٰی تَوْبَةٍ

پس تو میری اس توبہ کو ایسا بنا دے کہ اس کے بعد توبہ کرنے کی ضرورت نہ پڑے

تَوْبَةً مُّوْجِبَةً لِّمَحْوِ مَا سَلَفَ وَالسَّلَامَةِ فِیْمَا بَقِیَ

یہ ایسی توبہ بن جائے جس سے پچھلے گناہ مٹ جائیں اور آگے اس سے بچائے رکھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَعْتَذِرُ اِلَیْكَ مِنْ جَهْلِیْ وَاَسْتَوْهِبُكَ سُوْٓءَ فِعْلِیْ،

اے معبود میں جہالت کا عذر لاتا ہوں اور اپنے گناہوں پر بخشش طلب کرتا ہوں

فَاضْمُمْنِیْۤ اِلٰی كَنَفِ رَحْمَتِكَ تَطَوُّلًا

پس اپنے کرم سے مجھے اپنے دامن رحمت میں پناہ دے،

وَّاسْتُرْنِیْ بِسِتْرِ عَافِیَتِكَ تَفَضُّلًا،

مجھے اپنی مہربانی سے عافیت کے پردے میں چھپا لے

اَللّٰهُمَّ وَاِنِّیْۤ اَتُوْبُ اِلَیْكَ مِنْ كُلِّ مَا خَالَفَ اِرَادَتَكَ

معبود میں تیرے حضور توبہ کرتا ہوں ان باتوں سے جو تیرے ارادہ کے خلاف ہوں

اَوْ زَالَ عَنْ مَّحَبَّتِكَ مِنْ خَطَرَاتِ قَلْبِیْ

اور ان خیالوں سے جو تیری محبت سے باہر نکالتے ہوں

وَلَحَظَاتِ عَیْنِیْ وَحِكَایَاتِ لِسَانِیْ

آنکھ کے اشاروں سے اور لغو باتوں سے

تَوْبَةً تَسْلَمُ بِهَا كُلُّ جَارِحَةٍ عَلٰی حِیَالِهَا مِنْ تَبِعَاتِكَ

توبہ جس سے میرا ہر عضو اپنی جگہ پر تیری سزاؤں سے محفوظ رہے

وَتَاْمَنُ مِمَّا یَخَافُ الْمُعْتَدُوْنَ مِنْ اَلِیْمِ سَطَوَاتِكَ،

ان سخت عذابوں سے بچا رہوں جن سے سرکش لوگ بہت ڈرتے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ فَارْحَمْ وَحْدَتِي بَيْنَ يَدَيْكَ وَوَجِيبَ قَلْبِي مِنْ خَشْيَتِكَ

پس اے معبود رحم فرما کہ میں تیرے حضور تنہا ہوں، میرا دل تیرے خوف سے کانپتا ہے

وَاضْطِرَابَ أَرْكَانِي مِنْ هَيْبَتِكَ

میرے اعضاء تیرے دبدبہ سے تھراتے ہیں

فَقَدْ أَقَامَتْنِي يَا رَبِّ ذُنُوبِي مَقَامَ الْخِزْيِ بِفِنَائِكَ

پس پروردگار میرے گناہوں نے مجھے تیرے سامنے رسوائی سے کھڑا کر دیا ہے

فَإِنْ سَكَتُّ لَمْ يَنْطِقْ عَنِّي أَحَدٌ وَإِنْ شَفَعْتُ فَلَسْتُ بِأَهْلِ الشَّفَاعَةِ،

لہٰذا اگر چپ رہوں تو میری طرف سے کوئی بولنے والا نہیں، اگر وسیلہ لاؤں تو اس کے لائق نہیں ہوں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِهِ

اے معبود رحمت فرما محمد اور ان کی آل پر

وَشَفِّعْ فِي خَطَايَايَ كَرَمَكَ وَعُدْ عَلٰى سَيِّئَاتِي بِعَفْوِكَ

اور اپنے کرم کو میری خطاؤں کا سفارشی بنا اپنے فضل سے میرے گناہ معاف کر دے،

وَلَا تَجْزِنِي جَزَائِي مِنْ عُقُوبَتِكَ

جس سزا کے قابل ہوں مجھے وہ سزا نہ دے

وَابْسُطْ عَلَيَّ طَوْلَكَ وَجَلِّلْنِي بِسِتْرِكَ

اپنا دامن کرم مجھ پر پھیلا دے اور مجھے اپنے عفو سے ڈھانپ لے۔

وَافْعَلْ بِي فِعْلَ عَزِيزٍ تَضَرَّعَ إِلَيْهِ عَبْدٌ ذَلِيلٌ

مجھ سے اس با اقتدار کی طرح برتاؤ کر کہ جس کے سامنے کوئی کمتر بندہ گڑگڑائے

فَرَحِمَهُ أَوْ غَنِيٍّ تَعَرَّضَ لَهُ عَبْدٌ فَقِيرٌ فَنَعَشَهُ،

تو رحم کرتا ہے، یا اس مالدار کی طرح جس سے محتاج سوال کرے تو اسے سہارا دیتا ہے

اَللّٰهُمَّ لَا خَفِيرَ لِي مِنْكَ فَلْيَخْفُرْنِي عِزُّكَ

اے معبود تیرے عذاب سے میرے لیے کوئی پناہ نہیں، تیری عزت ہی پناہ دے گی

وَلَا شَفِيعَ لِي إِلَيْكَ فَلْيَشْفَعْ لِي فَضْلُكَ

تیرے حضور میرا کوئی شفیع نہیں پس اپنے کرم کو میرا شفیع بنا دے،

وَقَدْ اَوْجَلَتْنِیْ خَطَایَایَ فَلَیُؤْمِنِّیْ عَفْوُكَ

میرے گناہوں نے مجھے ہراساں کر دیا ہے تو تیری درگزر ہی سکون دے گی

فَمَا كُلُّ مَا نَطَقْتُ بِهٖ عَنْ جَهْلٍ مِّنِّیْ بِسُوْٓءِ اَثَرِیْ

یہ سب کچھ جو میں کہہ رہا ہوں اس لیے نہیں کہ اپنی برائیوں سے ناواقف ہوں

وَلَا نِسْیَانٍ لِّمَا سَبَقَ مِنْ ذَمِیْمِ فِعْلِیْ،

اور اپنی پچھلی بدیوں کو فراموش کیے ہوئے ہوں

لٰكِنْ لِّتَسْمَعَ سَمَآؤُكَ وَمَنْ فِیْهَا وَاَرْضُكَ

بلکہ اس کے لیے تیرا آسمان اور اس میں رہنے والے، تیری زمین

وَمَنْ عَلَیْهَا مَآ اَظْهَرْتُ لَكَ مِنَ النَّدَمِ

اور اس پر رہنے والے، میرے اظہار وندامت کو تجھ سے جو پناہ مانگی ہے اسے

وَلَجَاْتُ اِلَیْكَ فِیْهِ مِنَ التَّوْبَةِ

اور میری توبہ کو بھی سن لے

فَلَعَلَّ بَعْضَهُمْ بِرَحْمَتِكَ یَرْحَمُنِیْ لِسُوْٓءِ مَوْقِفِیْ

تا کہ تیری رحمت سے کسی کو میرے حال پر رحم اجائے،

اَوْ تُدْرِكُهُ الرِّقَّةُ عَلَیَّ لِسُوْٓءِ حَالِیْ

یا میری پریشان حالی پر اس کا دل نرم پڑے

فَیَنَالَنِیْ مِنْهُ بِدَعْوَةٍ هِیَ اَسْمَعُ لَدَیْكَ مِنْ دُعَآئِیْ

تو میرے حق میں دعا کرے جس کی دعا تیرے ہاں میری دعا سے زیادہ مقبول ہو

اَوْ شَفَاعَةٍ اَوْكَدُ عِنْدَكَ مِنْ شَفَاعَتِیْ

یا کوئی سفارش پاؤں جو تیرے ہاں میری درخواست سے زیادہ موثر ہو

تَكُوْنُ بِهَا نَجَاتِیْ مِنْ غَضَبِكَ وَفَوْزَتِیْ بِرِضَاكَ،

کہ غضب سے نجات اور تیری خوشنودی کا پروانہ لے لوں۔

اَللّٰهُمَّ اِنْ یَّكُنِ النَّدَمُ تَوْبَةً اِلَیْكَ فَاَنَا اَنْدَمُ النَّادِمِیْنَ

اے معبود اگر تیرے سامنے پشیمانی توبہ ہے تو میں پشیمان ہونے والوں میں ہوں،

وَاِنْ يَّكُنِ التَّرْكُ لِمَعْصِيَتِكَ اِنَابَةً فَاَنَا اَوَّلُ الْمُنِيْبِيْنَ،

اگر تیری نافرمانی کو چھوڑنا توبہ ہے تو میں تیرے حضور توبہ کرنے والوں میں پہلا فرد ہوں۔

وَاِنْ يَّكُنِ الِاسْتِغْفَارُ حِطَّةً لِّلذُّنُوْبِ فَاِنِّيْ لَكَ مِنَ الْمُسْتَغْفِرِيْنَ،

اگر طلب بخشش گناہوں کو مٹاتی ہے تو میں تجھ سے بخشش طلب کرنے والوں میں ہوں

اَللّٰهُمَّ فَكَمَا اَمَرْتَ بِالتَّوْبَةِ وَضَمِنْتَ الْقَبُوْلَ

اے معبود جب کہ تونے توبہ کرنے کا حکم دیا اور قبول کرنے کا ذمہ لیا،

وَحَثَثْتَ عَلَى الدُّعَآءِ وَوَعَدْتَّ الْاِجَابَةَ،

دعا مانگنے پر آمادہ کیا اور اسے پورا کرنے کا عہد دیا ہے،

فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاقْبَلْ تَوْبَتِيْ

تو رحمت فرما محمدؐ و آل محمدؐ پر اور قبول فرما میری توبہ

وَلَا تَرْجِعْنِيْ مَرْجِعَ الْخَيْبَةِ مِنْ رَّحْمَتِكَ

اپنی رحمت سے مجھے ناامیدی کے ساتھ نہ پلٹا کہ

اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ عَلَى الْمُذْنِبِيْنَ

بے شک تو گناہگاروں کی توبہ قبول کرنے والا،

وَالرَّحِيْمُ لِلْخَاطِئِيْنَ الْمُنِيْبِيْنَ

رجوع کرنے والے خطاکاروں پر مہربان ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ كَمَا هَدَيْتَنَا بِهٖ،

۔اے معبود رحمت فرما محمدؐ اور ان کی آل پر جن کے ذریعے ہمیں ہدایت دی

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ كَمَا اسْتَنْقَذْتَنَا بِهٖ

اور رحمت فرما محمدؐ اور ان کی آل پر جس طرح ان کے ذریعے گمراہی سے نکالا

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ صَلَاةً تَشْفَعُ لَنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

اور رحمت فرما محمد اور ان کی آل پر ایسی رحمت جو ہماری سفارش کرے روز قیامت

وَيَوْمَ الْفَاقَةِ اِلَيْكَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّهُوَ عَلَيْكَ يَسِيْرٌ.

جب ہم تیرے ہی محتاج ہوں گے بے شک تو ہی ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے اور یہ تیرے لیے آسان ہے

دعاء مکارم الاخلاق

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَبَلِّغْ بِاِيْمَانِيْٓ اَكْمَلَ الْاِيْمَانِ

اے معبود رحمت نازل فرما محمدؐ اور ان کی آل پر اور میرے ایمان کو سب سے اعلیٰ درجے پر پہنچا

وَاجْعَلْ يَقِيْنِيْٓ اَفْضَلَ الْيَقِيْنِ وَانْتَهِ بِنِيَّتِيْٓ اِلٰٓى اَحْسَنِ النِّيَّاتِ

میرے یقین کو بہترین یقین بنادے میری نیت کو بہترین نیتوں کی حد تک پہنچادے

وَبِعَمَلِيْٓ اِلٰٓى اَحْسَنِ الْاَعْمَالِ، اَللّٰهُمَّ وَفِّرْ بِلُطْفِكَ نِيَّتِيْ

اور میرے عمل کو بہترین اعمال کے ساتھ ملادے اے معبود اپنی مہربانی سے میری نیت کو بڑھادے

وَصَحِّحْ بِمَا عِنْدَكَ يَقِيْنِيْ وَاسْتَصْلِحْ بِقُدْرَتِكَ مَا فَسَدَ مِنِّيْ،

میرے یقین کو اپنے ہاں درست قرار دے اور جو کچھ میں نے بگاڑ دیا اسے اپنی قدرت سے بہتر بنادے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَاكْفِنِيْ مَا يَشْغَلُنِي الْاِهْتِمَامُ بِهٖ

اے معبود رحمت نازل فرما محمدؐ اور ان کی آل پر اور جس چیز کی طرف میں نے توجہ کی ہے اس میں میری مدد فرما

وَاسْتَعْمِلْنِيْ بِمَا تَسْئَلُنِيْ غَدًا عَنْهُ

مجھے اس عمل پر کاربند کردے جس کے بارے کل تو مجھ سے باز پرس کرے گا

وَاسْتَفْرِغْ اَيَّامِيْ فِيْمَا خَلَقْتَنِيْ لَهٗ،

مجھے وہ کام کرنے کی مہلت دے جس کے لیے مجھے پیدا کیا ہے

اَغْنِنِيْ وَاَوْسِعْ عَلَيَّ فِيْ رِزْقِكَ

مجھے مال عطا کر اور میرے رزق میں فراوانی کردے

وَلَا تَفْتِنِّيْ بِالنَّظَرِ وَاَعِزَّنِيْ وَلَا تَبْتَلِيَنِّيْ بِالْكِبْرِ

مجھے بے خبری میں نہ ڈال اور عزت دار بنا مجھ کو خود پسندی سے بچا

وَعَبِّدْنِيْ لَكَ وَلَا تُفْسِدْ عِبَادَتِيْ بِالْعُجْبِ

اپنا عبادت گزار بنا اور غرور سے میری عبادت ضائع نہ ہونے دے

وَاَجْرِ لِلنَّاسِ عَلٰى يَدَيَّ الْخَيْرَ وَلَا تَمْحَقْهُ بِالْمَنِّ

لوگوں کے لیے میرے ہاتھوں بھلائی کرا اور احسان جتانے سے غارت نہ ہونے دے

وَهَبْ لِیْ مَعَالِیَ الْاَخْلَاقِ وَاَعْصِمْنِیْ مِنَ الْفَخْرِ،

مجھے بلندئ اخلاق عطا فرما اور گھمنڈ کرنے سے محفوظ رکھ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ

اے معبود رحمت نازل کر محمدؐ اور ان کی آل پر

وَلَا تَرْفَعْنِیْ فِی النَّاسِ دَرَجَةً اِلَّا حَطَطْتَنِیْ عِنْدَ نَفْسِیْ مِثْلَهَا

مجھے لوگوں میں بلند مرتبہ نہ کر مگر یہ کہ میں خود کو اتنا ہی کمتر بنا دوں

وَلَا تُحْدِثْ لِیْ عِزًّا ظَاهِرًا

مجھے ظاہری طور پر بڑائی نہ دے

اِلَّا اَحْدَثْتَ لِیْ ذِلَّةً بَاطِنَةً عِنْدَ نَفْسِیْ بِقَدَرِهَا،

مگر یہ کہ مجھ کو باطنی طور پر اتنا ہی پست کر دے اپنے نفس کے نزدیک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

اے معبود رحمت نازل کر سرکار محمدؐ و آل محمد ع پر

وَّ مَتِّعْنِیْ بِهُدًی صَالِحٍ لَّا اَسْتَبْدِلُ بِهٖ

اور میری بہترین رہنمائی فرما کہ اس میں تبدیلی نہ کروں

وَطَرِیْقَةِ حَقٍّ لَّا اَزِیْغُ عَنْهَا وَنِیَّةِ رُشْدٍ لَّآ اَشُكُّ فِیْهَا،

درست روش پر رکھ کہ اس سے ہٹوں نہیں اچھی نیت عطا کر کہ اس میں شک نہ کروں

وَعَمِّرْنِیْ مَا كَانَ عُمْرِیْ بِذْلَةً فِیْ طَاعَتِكَ

مجھے اس وقت تک زندہ رکھ جب تک تیری فرمانبرداری میں رہوں

فَاِذَا كَانَ عُمْرِیْ مَرْتَعًا لِّلشَّیْطَانِ فَاقْبِضْنِیْٓ اِلَیْكَ

اور جب میری زندگی پر شیطان حاوی ہو جائے تو مجھے اپنی طرف اٹھالے

قَبْلَ اَنْ یَّسْبِقَ مَقْتُكَ اِلَیَّ اَوْ یَسْتَحْكِمَ غَضَبُكَ عَلَیَّ

اس سے پہلے کہ تو مجھ سے ناخوش ہو یا میں تیرے غضب کے تحت آجاؤں

اَللّٰهُمَّ لَا تَدَعْ خَصْلَةً تُعَابُ مِنِّیْٓ اِلَّآ اَصْلَحْتَهَا

اے معبود میرے اندر کوئی بری عادت نہ رہنے دے مگر یہ کہ تو اسے بہتر بنا دے

وَلَا عَآئِبَةً اُؤَنَّبُ بِهَآ اِلَّا حَسَّنْتَهَا

نہ کوئی عیب رہنے دے جس پر مجھے پکڑا جائے مگر یہ کہ تو اسے خوبی میں بدل دے

وَلَآ اُكْرُومَةً فِيَّ نَاقِصَةً اِلَّآ اَتْمَمْتَهَا!

اور نہ مجھے ادھورا مرتبہ دے مگر یہ کہ تو اسے کامل کر دے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اے معبود رحمت فرما سرکار محمدؐ و آل محمدؑ پر

وَّاَبْدِلْنِيْ مِنْ بِغْضَةِ اَهْلِ الشَّنَاٰنِ الْمَحَبَّةَ

اور دشمنی کرنے والوں کو محبت کرنے والے بنا دے

وَمِنْ حَسَدِ اَهْلِ الْبَغْيِ الْمَوَدَّةَ

سرکشوں کے حسد کو دوستی میں بدل دے

وَمِنْ ظِنَّةِ اَهْلِ الصَّلَاحِ الثِّقَةَ وَمِنْ عَدَاوَةِ الْاَدْنَيْنَ الْوِلَايَةَ

نیک لوگوں کی بدگمانی کو میرے لیے حسن ظن میں تبدیل کر دے جن وانس کی عداوت کو دوستی میں بدل دے

وَمِنْ عُقُوْقِ ذَوِي الْاَرْحَامِ الْمَبَرَّةَ وَمِنْ خِذْلَانِ الْاَقْرَبِيْنَ النُّصْرَةَ

مجھے رشتہ داروں کی بدسلوکی سے بچائے رکھ اور قریبی عزیزوں کی علیحدگی کو یاوری میں تبدیل کر دے

وَمِنْ حُبِّ الْمُدَارِيْنَ تَصْحِيْحَ الْمِقَةِ وَمِنْ رَّدِّ الْمُلَابِسِيْنَ كَرَمَ الْعِشْرَةِ

اچھا برتاؤ کرنے والوں کی محبت کو دفع دشمنی کا ذریعہ بنا مکاروں کی کنارہ کشی کو بہترین دوستی میں بدل دے

وَمِنْ مَّرَارَةِ خَوْفِ الظَّالِمِيْنَ حَلَاوَةَ الْاَمَنَةِ

ظالموں سے خوف کی کڑواہٹ کو امن کی مٹھاس سے تبدیل فرما دے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ

اے معبود رحمت فرما محمدؐ اور ان کی آل پر

وَاجْعَلْ لِّيْ يَدًا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنِيْ

اور مجھ کو ظلم کرنے والے پر غلبہ عطا فرما

وَلِسَانًا عَلٰى مَنْ خَاصَمَنِيْ وَظَفَرًا بِمَنْ عَانَدَنِيْ،

دشمن کے خلاف بولنے کی ہمت دے مخالف پر فتح نصیب فرما

وَهَبْ لِیْ مَکْرًا عَلٰی مَنْ کَایَدَنِیْ وَقُدْرَةً عَلٰی مَنِ اضْطَهَدَنِیْ

بری تدبیر کرنے والے کا توڑ کرنے کی قوت دے زیر کرنے والے پر مجھ کو غلبہ دے

وَتَکْذِیْبًا لِّمَنْ قَصَبَنِیْ وَسَلَامَةً مِّمَّنْ تَوَعَّدَنِیْ

عیب جوئی کرنے والے کو جھٹلانے کی ہمت دے دھمکی دینے والے سے بچائے رکھ

وَوَفِّقْنِیْ لِطَاعَةِ مَنْ سَدَّدَنِیْ وَمُتَابَعَةِ مَنْ اَرْشَدَنِیْ،

اور اطاعت کی توفیق دے سیدھی راہ پر چلانے والے کی اور راہنمائی کرنے والے کی پیروی کی ہمت دے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ

اے معبود رحمت فرما محمدؐ اور ان کی آل پر

وَسَدِّدْنِیْ لِاَنْ اُعَارِضَ مَنْ غَشَّنِیْ بِالنُّصْحِ

اور دھوکہ دینے والے شخص کی خیر خواہی کرنے میں میری مدد کر

وَاَجْزِیَ مَنْ هَجَرَنِیْ بِالْبِرِّ وَاُثِیْبَ مَنْ حَرَمَنِیْ بِالْبَذْلِ

جو دوری کرے اس سے نیکی کرنے کی ہمت دے جو محروم کرے اسپر بخشش کرنے کا حوصلہ دے

وَاُكَافِیَ مَنْ قَطَعَنِیْ بِالصِّلَةِ وَاُخَالِفَ مَنِ اغْتَابَنِیْٓ اِلٰی حُسْنِ الذِّكْرِ،

قطع تعلق کرنے والوں کے نزدیک ہونے اور غیبت کرنے والوں کو اچھائی سے یاد کرنے کی توفیق دے

وَاَنْ اَشْكُرَ الْحَسَنَةَ وَاُغْضِیَ عَنِ السَّیِّئَةِ،

نیز نیکی پر شکریہ اور بدی پر چشم پوشی کی ہمت دے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ

اے معبود رحمت کر محمدؐ اور ان کی آل پر

وَحَلِّنِیْ بِحِلْیَةِ الصّٰلِحِیْنَ وَاَلْبِسْنِیْ زِیْنَةَ الْمُتَّقِیْنَ

مجھے نیکوکاروں کے اخلاق سے اراستہ کر اور پرہیز گاروں کے اطوار کا لباس پہنا

فِیْ بَسْطِ الْعَدْلِ وَكَظْمِ الْغَیْظِ وَاِطْفَآءِ النَّآئِرَةِ

عدل کو پھیلانے میں غصے کو پینے میں جھگڑا ختم کرانے میں

وَضَمِّ اَهْلِ الْفُرْقَةِ وَاِصْلَاحِ ذَاتِ الْبَیْنِ

بکھرے ہوؤں کا اکٹھا کرنے میں دشمنوں میں صلح کرانے میں

وَاِفْشَآءِ الْعَارِفَةِ وَسِتْرِ الْعَآئِبَةِ وَلِيْنِ الْعَرِيْكَةِ

نیکی کو فروغ دینے میں عیبوں کی پردہ پوشی میں نیز نرم روی

وَخَفْضِ الْجَنَاحِ وَحُسْنِ السِّيْرَةِ وَسُكُوْنِ الرِّيْحِ

اور خاطر داری میں خوش کرداری اور کسر نفسی کرنے میں

وَطِيْبِ الْمُخَالَقَةِ وَالسَّبْقِ اِلَى الْفَضِيْلَةِ

اچھے اطوار اختیار کرنے نیکی وخوبی میں آگے رہنے

وَاِيْثَارِ التَّفَضُّلِ وَتَرْكِ التَّعْيِيْرِ

اور زیادہ بخشش کرنے کی توفیق دے کسی کو شرمندہ کرنے

وَالْاِفْضَالِ عَلٰى غَيْرِ الْمُسْتَحِقِّ وَالْقَوْلِ بِالْحَقِّ وَاِنْ عَزَّ

اور غیر مستحق کو دینے سے بچا اور سچی بات کہنے کی ہمت دے اگرچہ یہ مشکل ہو

وَاسْتِقْلَالِ الْخَيْرِ وَاِنْ كَثُرَ مِنْ قَوْلِيْ وَفِعْلِيْ،

اپنی نیکی کو کم تر سمجھوں اگرچہ وہ زیادہ ہوں میرے قول و فعل میں

وَاَكْمِلْ ذٰلِكَ لِيْ بِدَوَامِ الطَّاعَةِ وَلُزُوْمِ الْجَمَاعَةِ

تو بھی میری نیکی میں اضافہ کر کہ ہمیشہ تیری اطاعت کروں امت اسلامی کے ساتھ

وَرَفْضِ اَهْلِ الْبِدَعِ وَمُسْتَعْمِلِي الرَّاْيِ الْمُخْتَرَعِ،

اہل بدعت سے الگ ہو جاؤں اور نئی باتیں گھڑنے والوں سے بے تعلق ہوں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ

اے معبود رحمت فرما محمدؐ اور ان کی آل پر

وَاجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِكَ عَلَيَّ اِذَا كَبِرْتُ وَاَقْوٰى قُوَّتِكَ فِيَّ اِذَا نَصِبْتُ،

اور قرار دے میرے لیے وسیع رزق جب میں بوڑھا ہو جاؤں زیادہ طاقت دے جب میں ناتواں ہو جاؤں

وَلَا تَبْتَلِيَنِّيْ بِالْكَسَلِ عَنْ عِبَادَتِكَ وَلَا الْعَمٰى عَنْ سَبِيْلِكَ

اور مجھے اپنی عبادت میں سست نہ ہونے دے اور مجھ کو راہ راست سے گمراہ نہ ہونے دے

وَلَا بِالتَّعَرُّضِ لِخِلَافِ مَحَبَّتِكَ وَلَا مُجَامَعَةِ مَنْ تَفَرَّقَ عَنْكَ

تا کہ تیری محبت کے خلاف کام نہ کروں جو تجھ سے دور ہو اس سے نہ ملوں

وَلَا مُفَارَقَةِ مَنِ اجْتَمَعَ اِلَيْكَ،

اور جو تیرے قریب ہو اس سے دوری نہ کروں

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْٓ اُصُوْلُ بِكَ عِنْدَ الضَّرُوْرَةِ

اے معبود مجھے ایسا بنا کہ ضرورت کے وقت تیری طرف آؤں

وَاَسْئَلُكَ عِنْدَ الْحَاجَّةِ وَاَتَضَرَّعُ اِلَيْكَ عِنْدَ الْمَسْكَنَةِ

اپنی حاجت تجھ سے طلب کروں بے چارگی میں تیرے آگے زاری کروں

وَلَا تَفْتِنِّيْ بِالْاِسْتِعَانَةِ بِغَيْرِكَ اِذَا اضْطُرِرْتُ

اور مجھ کو اپنے سوا کسی سے مدد مانگنے کی الجھن میں نہ ڈال جب مجھے پریشانی ہو

وَلَا بِالْخُضُوْعِ بِسُؤَالِ غَيْرِكَ اِذَا افْتَقَرْتُ

حاجت کے وقت اپنے سوا کسی سے سوال کی ذلت نہ دکھا

وَلَا بِالتَّضَرُّعِ اِلٰى مَنْ دُوْنَكَ اِذَا رَهِبْتُ

خوف کی حالت میں اپنے سوا کسی کے آگے زاری نہ کرنے دے

فَاَسْتَحِقَّ بِذٰلِكَ خِذْلَانَكَ وَمَنْعَكَ

کہ اس طرح کہیں تیری بے توجہی تیری نعمت کی بندش

وَاِعْرَاضَكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اور تیری بے رخی کا سزاوار نہ بن جاؤں اے سب سے زیادہ رحم والے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ فِيْ رُوْعِيْ

اے معبود ایسا کر کہ شیطان میرے دل میں جو جھوٹی

مِنَ التَّمَنِّيْ وَالتَّظَنِّيْ وَالْحَسَدِ ذِكْرًا لِّعَظَمَتِكَ

آرزوئیں بدگمانیاں اور حسد پیدا کرتا ہے وہ تیری بڑائی کی یاد

وَتَفَكُّرًا فِيْ قُدْرَتِكَ وَتَدْبِيْرًا عَلٰى عَدُوِّكَ،

تیری قدرت میں غور اور تیرے دشمن کے خلاف اقدام کا ذریعہ بن جائے

وَمَآ اَجْرٰى عَلٰى لِسَانِيْ مِنْ لَّفْظَةِ فُحْشٍ اَوْ هَجْرٍ

اور میری زبان پر جو دشنام و گالی آئے یا فضول بات

أَوْ شَتْمِ عِرْضٍ أَوْ شَهَادَةِ بَاطِلٍ

یا بدگوئی یا جھوٹی گواہی

أَوِ اغْتِيَابِ مُؤْمِنٍ غَآئِبٍ أَوْ سَبِّ حَاضِرٍ

یا کسی غیر حاضر مومن کی غیبت یا کسی حاضر کے لیے گالی زبان آئے

وَّمَآ أَشْبَهَ ذٰلِكَ نُطْقًا بِالْحَمْدِ لَكَ

اور ایسی کوئی اور بات کروں تو اس کے بجائے تیری حمد کرنے لگوں

وَإِغْرَاقًا فِي الثَّنَآءِ عَلَيْكَ وَذَهَابًا فِي تَمْجِيدِكَ

تیری تعریف میں مگن ہو جاؤں تیری بزرگی بیان کروں

وَشُكْرًا لِّنِعْمَتِكَ وَاعْتِرَافًا بِإِحْسَانِكَ وَإِحْصَآءً لِّمِنَنِكَ

اور نعمتوں پر شکر بجالاؤں تیری مہربانیوں کا اقرار کروں اور تیرے احسان گناؤں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ

اے معبود رحمت نازل کر محمدؐ اور ان کی آل پر

وَلَآ أُظْلَمَنَّ وَأَنْتَ مُطِيقٌ لِّلدَّفْعِ عَنِّيْ

اور لوگ مجھ پر ستم نہ کریں کہ تو ان کو مجھ سے دور کر سکتا ہے

وَلَآ أَظْلِمَنَّ وَأَنْتَ الْقَادِرُ عَلَى الْقَبْضِ مِنِّيْ

میں بے انصافی نہ کروں کہ مجھے اس سے روک سکتا ہے۔

وَلَآ أَضِلَّنَّ وَقَدْ أَمْكَنَتْكَ هِدَايَتِيْ

میں گمراہی میں نہ پڑوں کہ تو مجھے ہدایت دے سکتا ہے

وَلَآ أَفْتَقِرَنَّ وَمِنْ عِنْدِكَ وُسْعِيْ

میں محتاج نہ رہوں کہ تو کشادگی دے سکتا ہے

وَلَآ أَطْغَيَنَّ وَمِنْ عِنْدِكَ وُجْدِيْ،

میں سرکشی نہ کروں کہ مجھے سب کچھ تو نے دیا ہے

اَللّٰهُمَّ إِلٰى مَغْفِرَتِكَ وَفَدْتُّ وَإِلٰى عَفْوِكَ قَصَدْتُّ

اے معبود بخشش کی خواہش لے کر آیا ہوں معافی لینے کو حاضر ہوا ہوں

وَاِلٰی تَجَاوُزِكَ اشْتَقْتُ وَبِفَضْلِكَ وَثِقْتُ

تیری طرف سے درگزر چاہتا ہوں تیرے کرم پر بھروسہ رکھتا ہوں

وَلَيْسَ عِنْدِیْ مَا يُوجِبُ لِیْ مَغْفِرَتَكَ

اور میرے پاس کوئی ذریعہ نہیں کہ جس سے تو مجھے بخشے

وَلَا فِیْ عَمَلِیْ مَا اَسْتَحِقُّ بِهٖ عَفْوَكَ

میرا عمل ایسا نہیں کہ تو مجھے معافی دے

وَمَالِیْ بَعْدَ اَنْ حَكَمْتُ عَلٰی نَفْسِیْۤ اِلَّا فَضْلُكَ

اور جب میں خود کو قابل سزا سمجھتا ہوں تو پھر تیرے فضل ہی کا سہارا ہے

فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَتَفَضَّلْ عَلَیَّ،

پس رحمت فرما محمدؐ اور ان کی آل پر اور مجھ پر اپنا فضل و کرم کر

اَللّٰهُمَّ وَاَنْطِقْنِیْ بِالْهُدٰی وَاَلْهِمْنِی التَّقْوٰی

اور اے معبود میری زبان کو ہدایت سے گویا فرما مجھے پرہیز گاری سکھا دے

وَوَفِّقْنِیْ لِلَّتِیْ هِیَ اَزْكٰی وَاسْتَعْمِلْنِیْ بِمَا هُوَ اَرْضٰی،

مجھے اس کام کی توفیق دے جو پسندیدہ ہے اور اس عمل کی ہمت دے جس پر تو راضی ہو

اَللّٰهُمَّ اسْلُكْ بِیَ الطَّرِيْقَةَ الْمُثْلٰی وَاجْعَلْنِیْ عَلٰی مِلَّتِكَ اَمُوْتُ وَاَحْيَا

اے معبود مجھ کو سیدھی راہ پر ڈال دے مجھے اپنے دین پر رکھ کہ اسی میں مروں اور جیوں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ

اے معبود رحمت فرما محمدؐ اور ان کی آل پر

وَمَتِّعْنِیْ بِالْاِقْتِصَادِ وَاجْعَلْنِیْ مِنْ اَهْلِ السَّدَادِ

اور مجھے میانہ روی کی توفیق دے مجھے ان لوگوں میں رکھ جو نیک کردار

وَمِنْ اَدِلَّةِ الرَّشَادِ وَمِنْ صَالِحِی الْعِبَادِ

ہدایت کے رہنما اور لوگوں میں سب سے زیادہ خوش اطوار ہیں

وَارْزُقْنِیْ فَوْزَ الْمَعَادِ وَسَلَامَةَ الْمِرْصَادِ،

نیز مجھے آخرت میں کامیابی اور قیامت میں امن عطا کر

اَللّٰهُمَّ خُذْ لِنَفْسِكَ مِنْ نَّفْسِيْ مَا يُخَلِّصُهَا

اے معبود میرے نفس میں سے وہ حصہ لے لے جو پاکیزہ و خالص ہے

وَاَبْقِ لِنَفْسِيْ مِنْ نَّفْسِيْ مَا يُصْلِحُهَا فَاِنَّ نَفْسِيْ هَالِكَةٌ اَوْ تَعْصِمَهَا،

اور میرے لیے نفس کا وہ حصہ رہنے دے جو اسے سنوارے میرا نفس خرابی میں پڑنے والا ہے مگر تو اسے بچانے والا ہے

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ عُدَّتِيْ اِنْ حَزِنْتُ وَاَنْتَ مُنْتَجَعِيْ اِنْ حُرِمْتُ

معبود تو میرا آسرا ہے اگر مجھے غم آئے تو مجھے دینے والا ہے اگر میں محروم رہ جاؤں

وَبِكَ اسْتِغَاثَتِيْ اِنْ كُرِثْتُ

تجھ سے فریاد کرتا ہوں اگر مصیبت آئے

وَعِنْدَكَ مِمَّا فَاتَ خَلَفٌ وَّلِمَا فَسَدَ صَلَاحٌ

اور تو دیتا ہے اسکی بجائے جو کچھ ضائع ہو جائے اور تو بناتا ہے وہ کام جو بگڑ جائے

وَّفِيْمَا اَنْكَرْتَ تَغْيِيْرٌ، فَامْنُنْ عَلَيَّ قَبْلَ الْبَلَاۤءِ بِالْعَافِيَةِ

اور جو ناپسندیدہ ہو اسے بدل دیتا ہے پس احسان فرما مجھ پر کہ بلا آنے سے پہلے امان دے

وَقَبْلَ الطَّلَبِ بِالْجِدَّةِ وَقَبْلَ الضَّلَالِ بِالرَّشَادِ

مانگنے سے پہلے عطا کر دے گمراہی سے پہلے ہدایت بخش دے

وَاكْفِنِيْ مُؤْنَةَ مَعَرَّةِ الْعِبَادِ

لوگوں کے سامنے شرمندگی سے بچائے رکھ

وَهَبْ لِيْ اَمْنَ يَوْمِ الْمَعَادِ وَامْنِحْنِيْ حُسْنَ الْاِرْشَادِ،

قیامت کے دن آسائش عطا فرما اور بہترین رہبری سے بہرہ ور کر دے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ

اے معبود رحمت فرما محمدؐ اور ان کی آل پر

وَادْرَاْ عَنِّيْ بِلُطْفِكَ وَاغْذُنِيْ بِنِعْمَتِكَ وَاَصْلِحْنِيْ بِكَرَمِكَ

اور اپنے کرم سے میری تکلیف دور کر اپنی نعمتوں سے رزق دے اپنی مہربانی سے بھلائی کر

وَدَاوِنِيْ بِصُنْعِكَ وَاَظِلَّنِيْ فِيْ ذَرَاكَ وَجَلِّلْنِيْ رِضَاكَ

اپنی توجہ سے شفا عطا کر اپنے بلند مقام کے سائے میں رکھ اپنی رضا کا لباس پہنا

وَوَفِّقْنِیْ اِذَا اشْتَكَلَتْ عَلَیَّ الْاُمُوْرُ لِاَهْدَاهَا

اور مشکل کاموں میں مجھے صحیح راہ اختیار کرنے کی توفیق دے

وَاِذَا تَشَابَهَتِ الْاَعْمَالُ لِاَزْكَاهَا

جب اعمال میں شک ہو تو ان میں بہترین عمل کی ہمت دے

وَاِذَا تَنَاقَضَتِ الْمِلَلُ لِاَرْضَاهَا،

اور اگر گروہوں کے اختلاف میں بہترین گروہ کے ساتھ رکھ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ

اے معبود رحمت نازل فرما محمدؐ اور ان کی آل پر

وَتَوِّجْنِیْ بِالْكِفَايَةِ وَسُمْنِیْ حُسْنَ الْوِلَايَةِ وَهَبْ لِیْ صِدْقَ الْهِدَايَةِ

اور مجھے کفایت کی عزت دے مجھے اچھی دوستداری عطا کر مجھے بہترین ہدایت سے بہرہ یاب فرما

وَلَا تَفْتِنِّیْ بِالسَّعَةِ وَامْنَحْنِیْ حُسْنَ الدَّعَةِ

مجھے وسعت رزق سے نہ آزما مجھے آسانی و سہولت دے

وَلَا تَجْعَلْ عَيْشِیْ كَدًّا كَدًّا وَّلَا تَرُدَّ دُعَآئِیْ عَلَیَّ رَدًّا

اور میری زندگی کو سخت و دشوار نہ بنا میری دعا کو عدم قبول سے میری طرف نہ پلٹا

فَاِنِّیْ لَآ اَجْعَلُ لَكَ ضِدًّا وَّلَآ اَدْعُوْ مَعَكَ نِدًّا

کیونکہ میں کسی کو تیرا مقابل نہیں ٹھہراتا اور تیرے ساتھ کسی اور کو نہیں پکارتا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَامْنَعْنِیْ مِنَ السَّرَفِ

اے معبود رحمت فرما محمدؐ اور ان کی آل پر اور مجھے فضول خرچی سے روکے رکھ

وَحَصِّنْ رِزْقِیْ مِنَ التَّلَفِ وَوَفِّرْ مَلَكَتِیْ بِالْبَرَكَةِ فِيْهِ

میرے رزق کو ضائع ہونے سے محفوظ فرما میری ملکیتی چیزوں میں برکت عطا کر

وَاَصِبْ بِیْ سَبِيْلَ الْهِدَايَةِ لِلْبِرِّ فِيْمَآ اُنْفِقُ مِنْهُ،

اور مجھے راہ ہدایت پر چلا تاکہ اپنے مال کو تیرے نام پر خرچ کروں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ

اے معبود رحمت نازل فرما محمدؐ اور ان کی آل پر

وَاكْفِنِيْ مَؤُنَةَ الْاِكْتِسَابِ وَارْزُقْنِيْ مِنْ غَيْرِ احْتِسَابٍ

اور مجھے روزی کمانے میں سختی سے بچا مجھے بے حساب رزق عنایت فرما

فَلَآ اَشْتَغِلَ عَنْ عِبَادَتِكَ بِالطَّلَبِ

کہ اس کی طلب میں تیری عبادت کو نہ بھول جاؤں

وَلَآ اَحْتَمِلَ اِصْرَ تَبِعَاتِ الْمَكْسَبِ،

اور نہ حصول مال کی سختیوں میں گھرا رہوں

اَللّٰهُمَّ فَاَطْلِبْنِي بِقُدْرَتِكَ مَآ اَطْلُبُ

اے معبود جس چیز کی مجھے طلب ہے وہ اپنی قدرت سے مجھے عطا کر

وَاَجِرْنِيْ بِعِزَّتِكَ مِمَّآ اَرْهَبُ،

اور جس چیز سے ڈرتا ہوں اس سے اپنے غلبے کے ساتھ پناہ دے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ

اے معبود رحمت فرما محمدؐ اور ان کی آل پر

وَصُنْ وَجْهِيْ بِالْيَسَارِ وَلَا تَبْتَذِلْ جَاهِيْ بِالْاِقْتَارِ

اور فراخی دے کر میری عزت کو بچا اور تنگدستی سے میری آبرو کو بٹہ نہ لگنے دے

فَاَسْتَرْزِقَ اَهْلَ رِزْقِكَ وَاَسْتَعْطِيَ شِرَارَ خَلْقِكَ

کہ تیرے رزق خوروں سے مانگوں اور تیری مخلوق میں برے لوگوں سے مانگوں

فَاَفْتَتِنَ بِحَمْدِ مَنْ اَعْطَانِيْ وَاُبْتَلٰى بِذَمِّ مَنْ مَنَعَنِيْ

تو دینے والے کی تعریف کرنے اور نہ دینے والے کی برائی کرنے میں پھنسا رہوں

وَاَنْتَ مِنْ دُوْنِهِمْ وَلِيُّ الْاِعْطَآءِ وَالْمَنْعِ،

۔جب کہ تو دینے اور نہ دینے میں ان سے زیادہ بااختیار ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ

اے معبود رحمت فرما محمدؐ اور ان کی آل پر

وَارْزُقْنِيْ صِحَّةً فِيْ عِبَادَةٍ وَفَرَاغًا فِيْ زَهَادَةٍ

اور مجھے نصیب کر عبادت میں صحت وسلامتی زہد و قناعت میں خوشحالی

وَعِلْمًا فِیْ اِسْتِعْمَالٍ وَّوَرَعًا فِیْ اِجْمَالٍ، اَللّٰھُمَّ اخْتِمْ بِعَفْوِكَ اَجَلِیْ

علم کے عمل کی ہمت اور امور دنیا میں پرہیز گاری عطا فرما۔ اے معبود میری زندگی کا خاتمہ بخشش پر کر

وَحَقِّقْ فِیْ رَجَآءِ رَحْمَتِكَ اَمَلِیْ وَسَھِّلْ اِلٰی بُلُوْغِ رِضَاكَ سُبُلِیْ

میری آرزو اپنی رحمت کی طرف لگا دے اپنی رضا تک پہنچنے کی راہیں آسان بنا دے

وَحَسِّنْ فِیْ جَمِیْعِ اَحْوَالِیْ عَمَلِیْ

اور میرے تمام اعمال میں بہتری پیدا کر دے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ

اے معبود رحمت فرما محمدؐ اور ان کی آل پر

وَنَبِّھْنِیْ لِذِكْرِكَ فِیْ اَوْقَاتِ الْغَفْلَةِ

اور غفلت کی گھڑیوں میں مجھے اپنے ذکر کے لیے ہوشیار بنا

وَاسْتَعْمِلْنِیْ بِطَاعَتِكَ فِیْ اَيَّامِ الْمُھْلَةِ

اور زندگی کے ایام میں مجھے اپنی فرمابرداری میں لگا،

وَانْھَجْ لِیْ اِلٰی مَحَبَّتِكَ سَبِیْلًا سَھْلَةً اَكْمِلْ لِیْ بِھَا خَیْرَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ

مجھے اپنی محبت کی طرف آسان راستے پر چلا اور اس سے مجھے دنیا و آخرت کی بھلائی عطا کر۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ

اے معبود رحمت فرما محمدؐ اور ان کی آل پر

كَاَفْضَلِ مَا صَلَّیْتَ عَلٰی اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ قَبْلَهٗ

بہترین رحمت جو تو نے ان سے پہلے اپنی مخلوق میں سے کسی ایک پر فرمائی

وَاَنْتَ مُصَلٍّ عَلٰی اَحَدٍ بَعْدَهٗ

اور جو ان کے بعد کسی پر فرمائی ہے

وَاٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً

اور ہمیں بھلائی نصیب کر دنیا میں اور بھلائی عطا کر آخرت میں

وَّقِنِیْ بِرَحْمَتِكَ عَذَابَ النَّارِ.

اور مجھے اپنی رحمت کے ساتھ آتشِ جہنم سے بچائے رکھ

دعائے جوشن کبیر

اس دعا کا آغاز ماہِ رمضان میں پڑھنا مستحب ہے۔علامہ مجلسی نے زاد المعاد میں شب قدر کے اعمال میں اس کا ذکر کیا ہے اس دعا کی ایک سو فصلیں ہیں اور ہر فصل میں اللہ تعالیٰ کے دس اسماء ہیں اور ضروری ہے کہ ہر فصل کے آخر میں کہے:

سُبْحَانَكَ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، اَلْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۱۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ،

اے معبود میں مانگتا ہوں تجھ سے تیرے نام سے

يَا اَللهُ، يَا رَحْمٰنُ، يَا رَحِيْمُ، يَا كَرِيْمُ، يَا مُقِيْمُ،

اے اللہ اے بخشنے والے اے مہربان اے کرم کرنے والے اے ٹھہرنے والے

يَا عَظِيْمُ، يَا قَدِيْمُ، يَا عَلِيْمُ، يَا حَلِيْمُ يَا حَكِيْمُ ۞

اے سب سے زیادہ علم والے اے بردبار اے حکمت والے

سُبْحَانَكَ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، اَلْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۲۔ يَا سَيِّدَ السَّادَاتِ، يَا مُجِيْبَ الدَّعَوَاتِ، يَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ،

اے سرداروں کے سردار اے دعائیں قبول کرنے والے اے درجے بلند کرنے والے

يَا وَلِيَّ الْحَسَنَاتِ، يَا غَافِرَ الْخَطِيْئَاتِ، يَا مُعْطِيَ الْمَسْئَلَاتِ،

اے نیکیوں میں مدد دینے والے اے گناہوں کے بخشنے والے اے حاجات پوری کرنے والے

يَا قَابِلَ التَّوْبَاتِ، يَا سَامِعَ الْاَصْوَاتِ،

اے توبہ قبول کرنے والے اے آرزوں کے سننے والے

يَا عَالِمَ الْخَفِيَّاتِ، يَا دَافِعَ الْبَلِيَّاتِ ۞

اے چھپی چیزوں کے جاننے والے اے بلائیں دور کرنے والے

سُبْحَانَكَ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، اَلْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

٣ ۔ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ، يَا خَيْرَ الْفَاتِحِيْنَ، يَا خَيْرَ النَّاصِرِيْنَ،

اے بخشنے والوں میں بہتر اے فتح کرنے والوں میں بہتر اے مدد کرنے والوں میں بہتر

يَا خَيْرَ الْحَاكِمِيْنَ، يَا خَيْرَ الرَّازِقِيْنَ، يَا خَيْرَ الْوَارِثِيْنَ،

اے حاکموں میں بہتر اے رزق دینے والوں میں بہتر اے وارثوں میں بہتر

يَا خَيْرَ الْحَامِدِيْنَ، يَا خَيْرَ الذَّاكِرِيْنَ،

اے ذکر کرنے والوں میں بہتر

يَا خَيْرَ الْمُنْزِلِيْنَ، يَا خَيْرَ الْمُحْسِنِيْنَ۞

اے میزبانوں میں بہتر اے احسان کرنے والوں میں بہتر

سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

٤ ۔ يَا مَنْ لَّهُ الْعِزَّةُ وَالْجَمَالُ، يَا مَنْ لَّهُ الْقُدْرَةُ وَالْكَمَالُ،

اے وہ جس کے لیے عزت اور جمال ہے اے وہ جس کے لیے قدرت اور کمال ہے

يَا مَنْ لَّهُ الْمُلْكُ وَالْجَلَالُ، يَا مَنْ هُوَ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ،

اے وہ جس کے لیے ملک و جلال ہے اے وہ جو بڑائی والا بلند تر ہے

يَا مُنْشِئَ السَّحَابِ الثِّقَالِ، يَا مَنْ هُوَ شَدِيْدُ الْمِحَالِ،

اے بھرے بادلوں کے پیدا کرنے والے اے وہ سخت قوت والا ہے

يَا مَنْ هُوَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ، يَا مَنْ هُوَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ،

اے وہ جو تیز تر حساب کرنے والا ہے اے وہ جو سخت عذاب دینے والا ہے

يَا مَنْ عِنْدَهٗ حُسْنُ الثَّوَابِ، يَا مَنْ عِنْدَهٗٓ اُمُّ الْكِتَابِ۞

اے وہ جس کے ہاں بہترین ثواب ہے اے وہ جس کے پاس لوح محفوظ ہے

سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

٥ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ، يَا حَنَّانُ،

اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام سے اے محبت کرنے والے

يَا مَنَّانُ، يَا دَيَّانُ، يَا بُرْهَانُ، يَا سُلْطَانُ،

اے احسان کرنے والے بدلہ دینے والے اے دلیل روشن اے صاحب سلطنت

يَا رِضْوَانُ، يَا غُفْرَانُ، يَا سُبْحَانُ، يَا مُسْتَعَانُ، يَا ذَا الْمَنِّ وَالْبَيَانِ ۞

اے راضی ہونے والے اے بخشنے والے اے پاکیزگی والے اے مدد کرنے والے اے صاحب احسان وبیان

سُبْحَانَكَ يَا لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

٦۔ يَا مَنْ تَوَاضَعَ كُلُّ شَيْءٍ لِعَظَمَتِهِ،

اے وہ جس کی عظمت کے آگے ہر چیز جھکی ہوئی ہیں

يَا مَنِ اسْتَسْلَمَ كُلُّ شَيْءٍ لِقُدْرَتِهِ،

اے وہ جس کی قدرت کے سامنے ہر شئی سرنگوں ہے

يَا مَنْ ذَلَّ كُلُّ شَيْءٍ لِعِزَّتِهِ، يَا مَنْ خَضَعَ كُلُّ شَيْءٍ لِهَيْبَتِهِ،

اے وہ جس کی بڑائی کے سامنے ہر چیز پست ہے اے وہ جس کے خوف سے ہر چیز دبی ہوئی ہے

يَا مَنِ انْقَادَ كُلُّ شَيْءٍ مِنْ خَشْيَتِهِ،

اے وہ جس کے ڈر سے ہر چیز فرمانبردار بنی ہوئی ہے

يَا مَنْ تَشَقَّقَتِ الْجِبَالُ مِنْ مَخَافَتِهِ

اے وہ جس کے خوف سے پہاڑ پھٹ جاتے ہیں

يَا مَنْ قَامَتِ السَّمَاوَاتُ بِأَمْرِهِ، يَا مَنِ اسْتَقَرَّتِ الْأَرَضُونَ بِإِذْنِهِ

اے وہ جس کے حکم سے آسمان کھڑے ہوگئے اے وہ جس کے اذن سے زمینیں ٹھیری ہوئی ہیں

يَا مَنْ يُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهِ، يَا مَنْ لَا يَعْتَدِي عَلَىٰ أَهْلِ مَمْلَكَتِهِ ۞

اے وہ کہ کڑکتی بجلی جس کی تسبیح خواں ہے اے وہ جو اپنے زیر حکومت لوگوں پر ظلم نہیں کرتا

سُبْحَانَكَ يَا لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

٧۔ يَا غَافِرَ الْخَطَايَا، يَا كَاشِفَ الْبَلَايَا، يَا مُنْتَهَى الرَّجَايَا،

اے گناہوں کے بخشنے والے اے بلائیں دور کرنے والے اے امیدوں کے آخری مقام

يَا مُجْزِلَ الْعَطَايَا، يَا وَاهِبَ الْهَدَايَا، يَا رَازِقَ الْبَرَايَا،

اے بہت عطاؤں والے اے تحفے عطا کرنے والے اے مخلوق کو رزق دینے والے

يَا قَاضِيَ الْمَنَايَا، يَا سَامِعَ الشَّكَايَا،

اے تمنائیں پوری کرنے والے اے شکایتیں سننے والے

يَا بَاعِثَ الْبَرَايَا، يَا مُطْلِقَ الْأُسَارٰى ۞

اے مخلوق کو زندہ کرنے والے اے قیدیوں کو آزاد کرنے والے

سُبْحَانَكَ يَا لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ، اَلْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۸۔ يَا ذَا الْحَمْدِ وَالثَّنَاۤءِ، يَا ذَا الْفَخْرِ وَالْبَهَاۤءِ، يَا ذَا الْمَجْدِ وَالسَّنَاۤءِ،

اے تعریف وثناوالے اے فخر وخوبی والے اے بزرگی وبلندی والے

يَا ذَا الْعَهْدِ وَالْوَفَاۤءِ، يَا ذَا الْعَفْوِ وَالرِّضَاۤءِ، يَا ذَا الْمَنِّ وَالْعَطَاۤءِ،

اے عہد اور وفاوالے اے معافی دینے والے اور راضی ہونے والے اے عطاو بخشش والے

يَا ذَا الْفَصْلِ وَالْقَضَاۤءِ، يَا ذَا الْعِزِّ وَالْبَقَاۤءِ،

اے فیصلے اور انصاف والے اے عزت اور بقاوالے

يَا ذَا الْجُوْدِ وَالسَّخَاۤءِ، يَا ذَا الْاٰلَاۤءِ وَالنَّعْمَاۤءِ ۞

اے عطاو سخاوت والے اے رحمتوں اور نعمتوں والے

سُبْحَانَكَ يَا لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ، اَلْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۹۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ، يَا مَانِعُ، يَا دَافِعُ، يَا رَافِعُ، يَا صَانِعُ

معبود میں سوال کرتا ہوں تیرے نام سے اے روکنے والے اے ہٹانے والے اے بلند کرنے والے اے بنانے والے

يَا نَافِعُ، يَا سَامِعُ، يَا جَامِعُ، يَا شَافِعُ، يَا وَاسِعُ، يَا مُوْسِعُ ۞

اے نفع والے اے سننے والے اے جمع کرنے والے اے شافع اے کشادگی والے اے وسعت دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ، اَلْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۱۰۔ يَا صَانِعَ كُلِّ مَصْنُوعٍ، يَّا خَالِقَ كُلِّ مَخْلُوقٍ، يَّا رَازِقَ كُلِّ مَرْزُوقٍ،

اے ہر مصنوع کے صانع اے ہر مخلوق کے خالق اے ہر رزق پانے والے کے رازق

يَّا مَالِكَ كُلِّ مَمْلُوكٍ، يَّا كَاشِفَ كُلِّ مَكْرُوبٍ، يَّا فَارِجَ كُلِّ مَهْمُومٍ،

اے ہر مملوک کے مالک اے ہر دکھی کا دکھ دور کرنے والے اے ہر پریشان کی پریشانی ہٹانے والے

يَّا رَاحِمَ كُلِّ مَرْحُومٍ، يَّا نَاصِرَ كُلِّ مَخْذُولٍ،

اے ہر رحم کیے گئے پر رحم کرنے والے اے ہر بے سہارا کے مددگار

يَّا سَاتِرَ كُلِّ مَعْيُوبٍ، يَّا مَلْجَا كُلِّ مَطْرُودٍ ۞

اے ہر برائی پر پلّو ڈالنے والے اے ہر راندے گئے کی پناہ گاہ

سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، اَلْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۱۱۔ يَا عُدَّتِىْ عِنْدَ شِدَّتِىْ، يَا رَجَآئِىْ عِنْدَ مُصِيْبَتِىْ

اے سختی کے وقت میرے سرمایہ مصیبت میں میری امید گاہ

يَا مُوْنِسِىْ عِنْدَ وَحْشَتِىْ، يَا صَاحِبِىْ عِنْدَ غُرْبَتِىْ،

اے وحشت کے وقت میرے ہمدم اے میری تنہائی میں میرے ساتھی

يَا وَلِيِّىْ عِنْدَ نِعْمَتِىْ، يَا غِيَاثِىْ عِنْدَ كُرْبَتِىْ،

اے نعمت میں میری کفایت کرنے والے اے دکھ درد میں میرے مددگار

يَا دَلِيْلِىْ عِنْدَ حَيْرَتِىْ، يَا غِنَآئِىْ عِنْدَ افْتِقَارِىْ،

اے حیرت کے وقت میرے رہنما اے محتاجی کے وقت میرے سرمایہ

يَا مَلْجَآئِىْ عِنْدَ اضْطِرَارِىْ، يَا مُعِيْنِىْ عِنْدَ مَفْزَعِىْ ۞

اے بے قراری کے وقت میری پناہ گاہ اے فریاد کے ہنگام میرے مددگار

سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، اَلْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۱۲۔ يَا عَلَّامَ الْغُيُوْبِ، يَا غَفَّارَ الذُّنُوْبِ، يَا سَتَّارَ الْعُيُوْبِ،

اے ہر غیب کے جاننے والے اے گناہوں کے بخشنے والے اے عیبوں کے چھپانے والے

يَا كَاشِفَ الْكُرُوْبِ، يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ، يَا طَبِيْبَ الْقُلُوْبِ،

اے مصیبتیں دور کرنے والے اے دلوں کو پلٹنے والے اے دلوں کے معالج

يَا مُنَوِّرَ الْقُلُوْبِ، يَا اَنِيْسَ الْقُلُوْبِ،

اے دلوں کے روشن کرنے والے اے دلوں کے ہمدم

يَا مُفَرِّجَ الْهُمُوْمِ، يَا مُنَفِّسَ الْغُمُوْمِ ۞

اے غموں کی گرہ کھولنے والے اے غموں کو دور کرنے والے

سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، اَلْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۱۳۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ، يَا جَلِيْلُ، يَا جَمِيْلُ، يَا وَكِيْلُ،

اے معبود میں سوال کرتا ہوں تیرے نام سے اے جلال والے اے جمال والے اے کارساز

يَا كَفِيْلُ، يَا دَلِيْلُ، يَا قَبِيْلُ، يَا مُدِيْلُ،

اے سرپرست اے رہنما اے قبول کرنے والے اے رواں کرنے والے

يَا مُنِيْلُ، يَا مُقِيْلُ، يَا مُحِيْلُ ۞

اے بخشنے والے اے معاف کرنے والے اے جگہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، اَلْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۱۴۔ يَا دَلِيْلَ الْمُتَحَيِّرِيْنَ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ،

اے سرگردانوں کے رہنما اے پکارنے والوں کی مدد کرنے والے

يَا صَرِيْخَ الْمُسْتَصْرِخِيْنَ، يَا جَارَ الْمُسْتَجِيْرِيْنَ،

اے فریادیوں کی فریاد کو پہنچنے والے اے پناہ طلب کرنے والوں کی پناہ

يَآ اَمَانَ الْخَآئِفِيْنَ، يَا عَوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ،

اے ڈرنے والوں کی ڈھارس اے مومنوں کے مددگار

يَا رَاحِمَ الْمَسَاكِيْنَ، يَا مَلْجَاَ الْعَاصِيْنَ،

اے بے چاروں پر رحم کرنے والے اے گنہگاروں کی پناہ

يَا غَافِرَ الْمُذْنِبِينَ، يَا مُجِيبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّينَ ۞

اے خطاکاروں کے بخشنے والے اے بے قراروں کی دعا قبول کرنے والے

سُبْحَانَكَ يَا لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۱۵۔ يَا ذَا الْجُودِ وَالْإِحْسَانِ، يَا ذَا الْفَضْلِ وَالْإِمْتِنَانِ،

اے صاحب جود واحسان اے صاحب فضل ومنت

يَا ذَا الْأَمْنِ وَالْأَمَانِ، يَا ذَا الْقُدْسِ وَالسُّبْحَانِ،

اے صاحب امن وامان اے طہارت وپاکیزگی والے

يَا ذَا الْحِكْمَةِ وَالْبَيَانِ، يَا ذَا الرَّحْمَةِ وَالرِّضْوَانِ،

اے حکمت وبیان والے اے رحمت ورضا والے

يَا ذَا الْحُجَّةِ وَالْبُرْهَانِ، يَا ذَا الْعَظَمَةِ وَالسُّلْطَانِ

اے حجت اور روشن دلیل والے اے عظمت وسلطنت والے

يَا ذَا الرَّأْفَةِ وَالْمُسْتَعَانِ، يَا ذَا الْعَفْوِ وَالْغُفْرَانِ ۞

اے مہربانی کرنے اور مدد دینے والے اے معافی دینے والے اور بخشنے والے

سُبْحَانَكَ يَا لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۱۶۔ يَا مَنْ هُوَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ، يَا مَنْ هُوَ إِلٰهُ كُلِّ شَيْءٍ،

اے وہ جو ہر چیز کا پروردگار ہے اے وہ جو ہر شئ کا معبود ہے

يَا مَنْ هُوَ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ، يَا مَنْ هُوَ صَانِعُ كُلِّ شَيْءٍ،

اے وہ جو ہر چیز کا خالق ہے اے وہ جو ہر چیز کا بنانے والا ہے

يَا مَنْ هُوَ قَبْلَ كُلِّ شَيْءٍ، يَا مَنْ هُوَ بَعْدَ كُلِّ شَيْءٍ،

اے وہ جو ہر شئ سے پہلے تھا اے وہ جو ہر شئ کے بعد رہے گا

يَا مَنْ هُوَ فَوْقَ كُلِّ شَيْءٍ، يَا مَنْ هُوَ عَالِمٌ بِكُلِّ شَيْءٍ

اے وہ جو ہر شئ سے بلند ہے اے وہ جو ہر چیز کا جاننے والا ہے

يَا مَنْ هُوَ قَادِرٌ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ يَا مَنْ هُوَ يَبْقٰى وَيَفْنٰى كُلُّ شَيْءٍ ۞

اے وہ جو ہر چیز پر قادر ہے اے وہ جو باقی رہے گا جب ہر چیز فنا ہو جائے گی۔

سُبْحَانَكَ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، اَلْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۱۷۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ، يَا مُؤْمِنُ، يَا مُهَيْمِنُ،

معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام سے اے امن دینے والے اے نگہبان

يَا مُكَوِّنُ، يَا مُلَقِّنُ، يَا مُبَيِّنُ، يَا مُهَوِّنُ،

اے پیدا کرنے والے اے تلقین کرنے والے اے ظاہر کرنے والے اے آسان کرنے والے

يَا مُمَكِّنُ، يَا مُزَيِّنُ، يَا مُعْلِنُ، يَا مُقَسِّمُ ۞

مکان دینے والے اے زینت دینے والے اے اعلان کرنے والے اے باٹنے والے

سُبْحَانَكَ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، اَلْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۱۸۔ يَا مَنْ هُوَ فِيْ مُلْكِهِ مُقِيْمٌ، يَا مَنْ هُوَ فِيْ سُلْطَانِهِ قَدِيْمٌ،

اے وہ جو اپنے اقتدار پر قائم ہے اے وہ جو اپنی سلطنت میں قدیم ہے

يَا مَنْ هُوَ فِيْ جَلَالِهِ عَظِيْمٌ، يَا مَنْ هُوَ عَلٰى عِبَادِهِ رَحِيْمٌ،

اے وہ جو اپنی شان میں بلند تر ہے اے وہ جو اپنے بندوں پر مہربان ہے

يَا مَنْ هُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ، يَا مَنْ هُوَ بِمَنْ عَصَاهُ حَلِيْمٌ،

اے وہ جو ہر چیز کا جاننے والا ہے اے وہ جو نافرمان سے نرمی کرتا ہے

يَا مَنْ هُوَ بِمَنْ رَجَاهُ كَرِيْمٌ، يَا مَنْ هُوَ فِيْ صُنْعِهِ حَكِيْمٌ،

اے وہ جو امیدوار پر کرم کرتا ہے اے وہ جو اپنی صنعت میں حکمت والا ہے

يَا مَنْ هُوَ فِيْ حِكْمَتِهِ لَطِيْفٌ، يَا مَنْ هُوَ فِيْ لُطْفِهِ قَدِيْمٌ ۞

اے وہ جو اپنی حکمت میں باریک بین ہے اے وہ جس کا احسان قدیمی ہے

سُبْحَانَكَ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، اَلْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۱۹۔ یَا مَنْ لَّا یُرْجٰی اِلَّا فَضْلُهٗ، یَا مَنْ لَّا یُسْئَلُ اِلَّا عَفْوُهٗ،

اے وہ جس سے اس کے فضل کی امید کی جاتی ہے اے وہ جس سے بخشش کا سوال کیا جاتا ہے

یَا مَنْ لَّا یُنْظَرُ اِلَّا بِرُّهٗ، یَا مَنْ لَّا یُخَافُ اِلَّا عَدْلُهٗ،

اے وہ جس سے بھلائی کی آس ہے اے وہ جس کے عدل سے خوف آتا ہے

یَا مَنْ لَّا یَدُوْمُ اِلَّا مُلْكُهٗ، یَا مَنْ لَّا سُلْطَانَ اِلَّا سُلْطَانُهٗ،

اے وہ جس کی حکومت ہمیشہ رہے گی اے وہ جس سلطنت کے سوا کوئی سلطنت نہیں ہے

یَا مَنْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ رَّحْمَتُهٗ، یَا مَنْ سَبَقَتْ رَحْمَتُهٗ غَضَبَهٗ،

اے وہ جس کی رحمت ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے اے وہ جس کی رحمت اس کے غضب سے آگے ہے

یَا مَنْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَیْءٍ عِلْمُهٗ، یَا مَنْ لَّیْسَ اَحَدٌ مِّثْلَهٗ.

اے وہ جس کا علم ہر چیز پر حاوی ہے اے وہ جس کا سا کوئی نہیں ہے

سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، اَلْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریاد رس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۲۰۔ یَا فَارِجَ الْهَمِّ، یَا كَاشِفَ الْغَمِّ، یَا غَافِرَ الذَّنْبِ،

اے اندیشے ہٹا دینے والے اے غم دور کرنے والے اے گناہ معاف کرنے والے

یَا قَابِلَ التَّوْبِ، یَا خَالِقَ الْخَلْقِ، یَا صَادِقَ الْوَعْدِ،

اے توبہ قبول کرنے والے اے مخلوقات کے خالق اے وعدے کے سچے

یَا مُوْفِیَ الْعَهْدِ، یَا عَالِمَ السِّرِّ، یَا فَالِقَ الْحَبِّ، یَا رَازِقَ الْاَنَامِ ۞

اے عہد پورا کرنے والے اے راز کے جاننے والے اے دانے کو چیرنے والے اے لوگوں کے رازق

سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، اَلْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریاد رس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۲۱۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ، یَا عَلِیُّ،

اے معبود میں تجھ سے تیرے نام سے سوال کرتا ہوں اے بلند

یَا وَفِیُّ، یَا غَنِیُّ، یَا مَلِیُّ، یَا حَفِیُّ، یَا رَضِیُّ،

اے وفادار اے بے نیاز اے مہربان اے احسان کرنے والے اے پسندیدہ

یَا زَكِيُّ، يَا بَدِيُّ، يَا قَوِيُّ، يَا وَلِيُّ ۞

اے پاکیزہ اے ابتدا کرنے والے اے قوت والے اے حاکم

سُبْحَانَكَ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۲۲۔ يَا مَنْ اَظْهَرَ الْجَمِيلَ، يَا مَنْ سَتَرَ الْقَبِيحَ،

اے وہ جس نے نیکی کو ظاہر کیا اے وہ جس نے بدی کو ڈھانپا

يَا مَنْ لَّمْ يُؤَاخِذْ بِالْجَرِيرَةِ، يَا مَنْ لَّمْ يَهْتِكِ السِّتْرَ، يَا عَظِيمَ الْعَفْوِ،

اے وہ جس نے جرم پر گرفت نہیں فرمائی اے وہ جس نے پردہ فاش نہیں کیا اے بہت معاف کرنے والے

يَا حَسَنَ التَّجَاوُزِ، يَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ، يَا بَاسِطَ الْيَدَيْنِ بِالرَّحْمَةِ،

اے بہترین درگزر کرنے والے اے وسیع مغفرت کرنے والے اے دونوں ہاتھوں سے رحمت کرنے والے

يَا صَاحِبَ كُلِّ نَجْوٰى، يَا مُنْتَهٰى كُلِّ شَكْوٰى ۞

اے ہر سرگوشی کے مالک اے شکایت کو سننے والے

سُبْحَانَكَ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۲۳۔ يَا ذَا النِّعْمَةِ السَّابِغَةِ، يَا ذَا الرَّحْمَةِ الْوَاسِعَةِ

اے کامل نعمت کے مالک اے وسیع رحمت والے

يَا ذَا الْمِنَّةِ السَّابِقَةِ، يَا ذَا الْحِكْمَةِ الْبَالِغَةِ،

اے احسان میں پہل کرنے والے اے بھرپور حکمت والے

يَا ذَا الْقُدْرَةِ الْكَامِلَةِ، يَا ذَا الْحُجَّةِ الْقَاطِعَهِ،

اے کامل قدرت والے اے قاطع دلیل والے

يَا ذَا الْكَرَامَةِ الظَّاهِرَةِ، يَا ذَا الْعِزَّةِ الدَّآئِمَةِ،

اے کھلی ہوئی بزرگی والے اے ہمیشہ کی عزت والے

يَا ذَا الْقُوَّةِ الْمَتِيْنَةِ، يَا ذَا الْعَظَمَةِ الْمَنِيعَةِ ۞

اے مضبوط قوت والے اے سب سے زیادہ عظمت والے

سُبۡحَانَكَ يَالَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنۡتَ، اَلۡغَوۡثَ اَلۡغَوۡثَ خَلِّصۡنَا مِنَ النَّارِ يَارَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۲۴۔ يَا بَدِيۡعَ السَّمٰاوَاتِ، يَا جَاعِلَ الظُّلُمَاتِ،

اے آسمانوں کے بنانے والے اے تاریکیوں کو وجود میں لانے والے

يَا رَاحِمَ الۡعَبَرَاتِ، يَا مُقِيۡلَ الۡعَثَرَاتِ،

اے آنسوؤں پر رحم کرنے والے اے لغزشوں کے معاف کرنے والے

يَا سَاتِرَ الۡعَوۡرَاتِ، يَا مُحۡيِيَ الۡاَمۡوَاتِ،

اے عیبوں کے چھپانے والے مردوں کو زندہ کرنے والے

يَا مُنۡزِلَ الۡاٰيَاتِ، يَا مُضَعِّفَ الۡحَسَنَاتِ،

آیات کے نازل کرنے والے اے نیکیوں کو دوچند کرنے والے

يَا مَاحِيَ السَّيِّئَاتِ، يَا شَدِيۡدَ النَّقِمَاتِ ۞

اے گناہوں کے مٹانے والے اے سخت بدلہ لینے والے

سُبۡحَانَكَ يَالَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنۡتَ، اَلۡغَوۡثَ اَلۡغَوۡثَ خَلِّصۡنَا مِنَ النَّارِ يَارَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۲۵۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيۡٓ اَسۡئَلُكَ بِاِسۡمِكَ، يَا مُصَوِّرُ، يَا مُقَدِّرُ،

اے معبود میں تجھ سے تیرے ہی نام سے سوال کرتا ہوں اے صورت ساز اے اندازہ کرنے والے

يَا مُدَبِّرُ، يَا مُطَهِّرُ، يَا مُنَوِّرُ، يَا مُيَسِّرُ،

اے تدبیر کرنے والے اے پاک کرنے والے اے روشن کرنے والے اے آسان کرنے والے

يَا مُبَشِّرُ، يَا مُنۡذِرُ، يَا مُقَدِّمُ، يَا مُؤَخِّرُ ۞

اے بشارت دینے والے اے ڈرانے والے اے سب سے پہلے اے سب سے آخری

سُبۡحَانَكَ يَالَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنۡتَ، اَلۡغَوۡثَ اَلۡغَوۡثَ خَلِّصۡنَا مِنَ النَّارِ يَارَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۲۶۔ يَا رَبَّ الۡبَيۡتِ الۡحَرَامِ، يَا رَبَّ الشَّهۡرِ الۡحَرَامِ،

اے مقدس گھر کے رب اے مقدس مہینے کے رب

يَا رَبَّ الْبَلَدِ الْحَرَامِ، يَا رَبَّ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ، يَا رَبَّ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ،

اے محترم شہر کے رب اے رکن ومقام کے رب اے معشر محترم کے رب

يَا رَبَّ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، يَا رَبَّ الْحِلِّ وَالْحَرَامِ، يَا رَبَّ النُّوْرِ وَالظَّلَامِ

اے مسجد محترم کے رب اے حِل وحَرامِ کے رب اے روشنی وتاریکیوں کے رب

يَا رَبَّ التَّحِيَّةِ وَالسَّلَامِ، يَا رَبَّ الْقُدْرَةِ فِي الْاَنَامِ ۞

اے درود وسلام کے رب اے لوگوں میں توانائی پیدا کرنے والے

سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۲۷۔ يَآ اَحْكَمَ الْحَاكِمِيْنَ، يَآ اَعْدَلَ الْعَادِلِيْنَ،

اے حاکموں میں بڑے حاکم اے عادلوں میں زیادہ عادل،

يَآ اَصْدَقَ الصَّادِقِيْنَ، يَآ اَطْهَرَ الطَّاهِرِيْنَ،

اے سچوں میں زیادہ سچے، پاکوں میں پاک تر،

يَآ اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ، يَآ اَسْرَعَ الْحَاسِبِيْنَ،

اے خالقوں میں بہترین خالق اے حساب کرنے والوں میں زیادہ تیز

يَآ اَسْمَعَ السَّامِعِيْنَ، يَآ اَبْصَرَ النَّاظِرِيْنَ،

اے سننے والوں میں زیادہ سننے والے اے دیکھنے والوں میں زیادہ دیکھنے والے

يَآ اَشْفَعَ الشَّافِعِيْنَ، يَآ اَكْرَمَ الْاَكْرَمِيْنَ ۞

اے شفاعت کرنے والوں میں زیادہ شفیع اے بزرگوں میں بڑے بزرگ

سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۲۸۔ يَا عِمَادَ مَنْ لَّا عِمَادَ لَهٗ يَا سَنَدَ مَنْ لَّا سَنَدَ لَهٗ

اے اس کی ٹیک جس کی کوئی ٹیک نہیں اے اس کے سہارے جس کا کوئی سہارا نہیں

يَا ذُخْرَ مَنْ لَّا ذُخْرَ لَهٗ، يَا حِرْزَ مَنْ لَّا حِرْزَ لَهٗ

اے اس کے سرمایہ جس کا کوئی سرمایہ نہیں اس کی پناہ جس کی کوئی پناہ نہیں

يَا غِيَاثَ مَنْ لَّا غِيَاثَ لَهٗ، يَا فَخْرَ مَنْ لَّا فَخْرَ لَهٗ،

اس کے فریادرس جس کا کوئی فریادرس نہیں اے اسکی بڑائی جس کی کوئی بڑائی نہیں

يَا عِزَّ مَنْ لَّا عِزَّ لَهٗ، يَا مُعِيْنَ مَنْ لَّا مُعِيْنَ لَهٗ،

اے اس کی عزت جس کے لیے عزت نہیں اے اسکے مددگار جسکا کوئی مددگار نہیں

يَآ اَنِيْسَ مَنْ لَّآ اَنِيْسَ لَهٗ، يَآ اَمَانَ مَنْ لَّآ اَمَانَ لَهٗ ۞

اے اس کے ساتھی جس کا کوئی ساتھی نہیں اے اس کی پناہ جس کی کوئی پناہ نہیں

سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، اَلْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۲۹۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ، يَا عَاصِمُ، يَا قَآئِمُ،

اے معبود میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے نام سے اے پناہ دینے والے اے پائیدار

يَا دَآئِمُ، يَا رَاحِمُ، يَا سَالِمُ، يَا حَاكِمُ،

اے ہمیشگی والے، رحم کرنے والے اے بے عیب اے حکومت کے مالک

يَا عَالِمُ، يَا قَاسِمُ، يَا قَابِضُ، يَا بَاسِطُ ۞

اے علم والے اے تقسیم کرنے والے اے بند کرنے والے اے کھولنے والے

سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، اَلْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۳۰۔ يَا عَاصِمَ مَنِ اسْتَعْصَمَهٗ، يَا رَاحِمَ مَنِ اسْتَرْحَمَهٗ،

اے اس کے نگہدار جو نگہداری چاہے، رحم کرنے والے اس پر جو رحم کا طالب ہو

يَا غَافِرَ مَنِ اسْتَغْفَرَهٗ، يَا نَاصِرَ مَنِ اسْتَنْصَرَهٗ،

اے بخشنے والے اسکے جو طالب بخشش ہو اے نصرت کرنے والے اس کی جو نصرت چاہے

يَا حَافِظَ مَنِ اسْتَحْفَظَهٗ، يَا مُكْرِمَ مَنِ اسْتَكْرَمَهٗ،

اے حفاظت کرنے والے اس کی جو حفاظت کا طالب ہو بڑائی دینے والے اس کو جو بڑائی طلب کرے

يَا مُرْشِدَ مَنِ اسْتَرْشَدَهٗ، يَا صَرِيْخَ مَنِ اسْتَصْرَخَهٗ،

اے رہنمائی کرنے والے اس کی جو رہنمائی چاہے اے دادرس اس کے جو دادرسی کا طالب ہو

يَا مُعِيْنَ مَنِ اسْتَعَانَهٗ، يَا مُغِيْثَ مَنِ اسْتَغَاثَهٗ ۞

اے مددگار اس کے جو مدد طلب کرے اے فریادرس اس کے جو فریاد کرے

سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، اَلْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۳۱۔ يَا عَزِيْزًا لَّا يُضَامُ، يَا لَطِيْفًا لَّا يُرَامُ، يَا قَيُّوْمًا لَّا يَنَامُ،

اے وہ غالب جو ظلم نہیں کرتا اے وہ باریک جو نظرانداز نہیں ہوتا اے وہ نگہبان جو سوتا نہیں

يَا دَآئِمًا لَّا يَفُوْتُ، يَا حَيًّا لَّا يَمُوْتُ، يَا مَلِكًا لَّا يَزُوْلُ، يَا بَاقِيًا لَّا يَفْنٰى

اے وہ جاوداں جو مرتا نہیں اے وہ زندہ جسے موت نہیں اے وہ بادشاہ جسے زوال نہیں، وہ باقی جو فانی نہیں

يَا عَالِمًا لَّا يَجْهَلُ، يَا صَمَدًا لَّا يُطْعَمُ، يَا قَوِيًّا لَّا يَضْعُفُ ۞

اے وہ عالم جس میں جہل نہیں اے وہ بے نیاز جو کھاتا نہین اے وہ قوی جسے ضعف نہیں

سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، اَلْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۳۲۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ، يَا اَحَدُ

معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام سے اے یکتا ،

يَا وَاحِدُ، يَا شَاهِدُ، يَا مَاجِدُ، يَا حَامِدُ،

اے یگانہ، اے حاضر، اے بزرگوار، اے تعریف والے

يَا رَاشِدُ، يَا بَاعِثُ، يَا وَارِثُ، يَا ضَآرُّ، يَا نَافِعُ ۞

اے رہنما اے کھڑا کرنے والے اے ورثہ والے اے خسارہ دینے والے اے نفع دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، اَلْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۳۳۔ يَآ اَعْظَمَ مِنْ كُلِّ عَظِيْمٍ، يَآ اَكْرَمَ مِنْ كُلِّ كَرِيْمٍ،

اے سب بڑوں کے بڑے اے سب بزرگوں سے بزرگ تر

يَآ اَرْحَمَ مِنْ كُلِّ رَحِيْمٍ، يَآ اَعْلَمَ مِنْ كُلِّ عَلِيْمٍ،

اے سب مہربانوں سے مہربان اے ہر عالم سے بڑے عالم

يَآ اَحْكَمَ مِنْ كُلِّ حَكِيْمٍ يَآ اَقْدَمَ مِنْ كُلِّ قَدِيْمٍ،

اے ہر حکیم سے بڑے حکمت والے اے ہر قدیم سے قدیم تر

يَآ اَكْبَرَ مِنْ كُلِّ كَبِيْرٍ، يَآ اَلْطَفَ مِنْ كُلِّ لَطِيْفٍ،

اے ہر بزرگ سے بزرگ تر اے ہر لطیف سے زیادہ لطف

يَآ اَجَلَّ مِنْ كُلِّ جَلِيْلٍ، يَآ اَعَزَّ مِنْ كُلِّ عَزِيْزٍ ۞

اے ہر جلال والے سے زیادہ جلال والے اے ہر زبردست سے زیادہ زبردست

سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، اَلْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۳۴۔ يَا كَرِيْمَ الصَّفْحِ، يَا عَظِيْمَ الْمَنِّ، يَا كَثِيْرَ الْخَيْرِ،

اے بہتر درگزر کرنے والے اے بڑے احسان کرنے والے اے زیادہ خیر والے

يَا قَدِيْمَ الْفَضْلِ، يَا دَآئِمَ اللُّطْفِ، يَا لَطِيْفَ الصُّنْعِ،

اے قدیم فضل والے اے ہمیشہ کے لطف والے اے خوب تر صنعت والے

يَا مُنَفِّسَ الْكَرْبِ يَا كَاشِفَ الضُّرِّ يَا مَالِكَ الْمُلْكِ يَا قَاضِيَ الْحَقِّ ۞

اے سختی دور کرنے والے اے دکھ دور کرنے والے اے ہر ملک کے مالک اے حق کا فیصلہ دینے والے

سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، اَلْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۳۵۔ يَا مَنْ هُوَ فِيْ عَهْدِهٖ وَفِيٌّ، يَا مَنْ هُوَ فِيْ وَفَآئِهٖ قَوِيٌّ،

اے وہ جو اپنے عہد کو پورا کرنے والا ہے اے وہ جو اپنی وفا میں قوی ہے

يَا مَنْ هُوَ فِيْ قُوَّتِهٖ عَلِيٌّ، يَا مَنْ هُوَ فِيْ عُلُوِّهٖ قَرِيْبٌ،

اے وہ جو اپنی قوت میں بلند ہے اے وہ جو اپنی بلندی میں قریب ہے

يَا مَنْ هُوَ فِيْ قُرْبِهٖ لَطِيْفٌ، يَا مَنْ هُوَ فِيْ لُطْفِهٖ شَرِيْفٌ،

اے وہ جو اپنے قرب میں مہربان ہے اے وہ جو اپنے لطف میں بلند تر ہے

يَا مَنْ هُوَ فِيْ شَرَفِهٖ عَزِيْزٌ، يَا مَنْ هُوَ فِيْ عِزِّهٖ عَظِيْمٌ

اے وہ جو اپنی بلندی میں عزت دار ہے اے وہ جو اپنی عزت میں عظیم ہے

يَا مَنْ هُوَ فِيْ عَظَمَتِهٖ مَجِيْدٌ، يَا مَنْ هُوَ فِيْ مَجْدِهٖ حَمِيْدٌ ۞

اے وہ جو اپنی عظمت میں بلند مرتبہ ہے اے وہ جو اپنے مرتبے میں تعریف والا ہے

سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، اَلْغَوْثَ اَلْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۳۶۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ، يَا كَافِيْ، يَا شَافِيْ، يَا وَافِيْ،

اے معبود میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے نام سے اے کفایت کرنے والے اے شفا دینے والے اے وفادار

يَا مُعَافِيْ، يَا هَادِيْ، يَا دَاعِيْ، يَا قَاضِيْ،

اے عافیت دینے والے اے ہدایت دینے والے اے بلانے والے اے فیصلہ کرنے والے

يَا رَاضِيْ، يَا عَالِيْ، يَا بَاقِيْ ۞

اے خوشنودی والے اے بلندی والے اے باقی رہنے والے

سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، اَلْغَوْثَ اَلْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۳۷۔ يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ خَاضِعٌ لَّهٗ، يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ خَاشِعٌ لَّهٗ،

اے وہ جس کے آگے ہر چیز جھکتی ہے اے وہ جس کے آگے ہر چیز خوف زدہ ہے

يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ كَائِنٌ لَّهٗ، يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ مَّوْجُوْدٌ بِهٖ،

اے وہ جس سے ہر چیز کو وجود ملا ہے اے وہ جس کے ذریعے ہر چیز موجود ہوئی ہے

يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ مُّنِيْبٌ اِلَيْهِ، يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ خَآئِفٌ مِّنْهُ،

اے وہ جس کی طرف ہر چیز کی بازگشت ہے اے وہ جس سے ہر چیز ڈرتی ہے

يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ قَآئِمٌ بِهٖ، يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ صَآئِرٌ اِلَيْهِ،

اے وہ جس کے ذریعے ہر چیز باقی ہے اے وہ جس کی طرف ہر چیز لوٹتی ہے

يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ يُّسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ، يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ۞

اے وہ کہ ہر چیز جس کی حمد میں مصروف ہے اے وہ جس کے جلوے کے سوا ہر چیز ناپید ہو جائے گی

سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، اَلْغَوْثَ اَلْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۳۸۔ يَا مَنْ لَّا مَفَرَّ اِلَّآ اِلَيْهِ، يَا مَنْ لَّا مَفْزَعَ اِلَّآ اِلَيْهِ،

اے وہ جس کے سوا کوئی جائے فرار نہیں، جس کے سوا کوئی جائے پناہ نہیں،

يَا مَنْ لَّا مَقْصَدَ اِلَّآ اِلَيْهِ، يَا مَنْ لَّا مَنْجَا مِنْهُ اِلَّآ اِلَيْهِ،

جسکے سوا کوئی مقام قصد نہیں جس سے خلاصی ممکن نہیں لیکن اسی کی طرف سے

يَا مَنْ لَّا يُرْغَبُ اِلَّآ اِلَيْهِ، يَا مَنْ لَّا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِهِ،

اے وہ جس کے سوا کسی کی رغبت نہیں ہو سکتی اے وہ کہ نہیں ہے حرکت و قوت مگر اسی سے

يَا مَنْ لَّا يُسْتَعَانُ اِلَّا بِهِ، يَا مَنْ لَّا يُتَوَكَّلُ اِلَّا عَلَيْهِ،

اے وہ جس کے سوا کہیں سے مدد نہیں مل سکتی اے وہ جس کے سوا کسی پر بھروسہ نہیں ہو سکتا

يَا مَنْ لَّا يُرْجٰى اِلَّا هُوَ، يَا مَنْ لَّا يُعْبَدُ اِلَّا هُوَ ۞

اے وہ جس کے سوا کسی سے امید نہیں ہو سکتی اے وہ جس کے سوا کسی کی عبادت نہیں ہو سکتی

سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، اَلْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۳۹۔ يَا خَيْرَ الْمَرْهُوبِيْنَ، يَا خَيْرَ الْمَرْغُوبِيْنَ،

اے بہترین ڈرانے والے اے بہترین لبھانے والے

يَا خَيْرَ الْمَطْلُوبِيْنَ، يَا خَيْرَ الْمَسْئُولِيْنَ،

اے بہترین طلب کیے جانے والے، اے بہترین سوال کیے جانے والے

يَا خَيْرَ الْمَقْصُودِيْنَ، يَا خَيْرَ الْمَذْكُورِيْنَ،

بہترین قصد کیے جانے والے، اے بہترین ذکر کیے جانے والے

يَا خَيْرَ الْمَشْكُورِيْنَ، يَا خَيْرَ الْمَحْبُوبِيْنَ،

اے بہترین شکر کیے جانے والے اے بہترین محبت کیے جانے والے

يَا خَيْرَ الْمَدْعُوِّيْنَ، يَا خَيْرَ الْمُسْتَاْنِسِيْنَ ۞

اے بہترین بہترین پکارے جانے والے اے بہترین انس کیے جانے والے

سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، اَلْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۴۰۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ، يَا غَافِرُ،

اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام سے اے معاف کرنے والے

يَا سَاتِرُ، يَا قَادِرُ، يَا قَاهِرُ، يَا فَاطِرُ، يَا كَاسِرُ

اے ڈھانپنے والے، اے قدرت والے، اے غلبہ والے، اے پیدا کرنے والے، اے توڑنے والے

يَا جَابِرُ، يَا ذَاكِرُ، يَا نَاظِرُ، يَا نَاصِرُ ۞

اے جوڑنے والے اے ذکر کرنے والے اے دیکھنے والے اے مدد کرنے والے

سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، اَلْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریاد رس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۴۱۔ يَا مَنْ خَلَقَ فَسَوّٰی، يَا مَنْ قَدَّرَ فَهَدٰی،

اے وہ جس نے پیدا کیا پھر درست کیا اے وہ جس نے اندازہ ٹھیرایا پھر ہدایت دی

يَا مَنْ يَّكْشِفُ الْبَلْوٰی، يَا مَنْ يَّسْمَعُ النَّجْوٰی،

اے وہ جو بلائیں دور کرتا ہے اے وہ جو سرگوشیاں سنتا ہے

يَا مَنْ يَّنْقِذُ الْغَرْقٰی، يَا مَنْ يُّنْجِي الْهَلْكٰی،

اے وہ جو ڈوبنے والوں کو بچاتا ہے اے وہ جو ہلاکتوں سے نجات دیتا ہے

يَا مَنْ يَّشْفِي الْمَرْضٰی، يَا مَنْ اَضْحَكَ وَاَبْكٰی،

اے وہ جو مریضوں کو شفا دیتا ہے اے وہ جو روتوں کو ہنساتا ہے

يَا مَنْ اَمَاتَ وَاَحْيٰی، يَا مَنْ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰی ۞

اے وہ جو مارتا ہے اور زندہ کرتا ہے اے وہ جس نے جوڑے بنائے نر اور مادہ کے

سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، اَلْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریاد رس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۴۲۔ يَا مَنْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ سَبِيْلُهٗ، يَا مَنْ فِي الْاٰفَاقِ اٰيَاتُهٗ،

اے وہ جس نے خاک و آب میں راستے بنائے وہ جس نے فضا میں اپنی نشانیاں بنائیں

يَا مَنْ فِي الْاٰيَاتِ بُرْهَانُهٗ، يَا مَنْ فِي الْمَمَاتِ قُدْرَتُهٗ،

وہ جس کی نشانیوں میں قول دلیل ہے اے وہ کہ موت میں جسکی قدرت ظاہر ہے

يَا مَنْ فِي الْقُبُورِ عِبْرَتُهُ، يَا مَنْ فِي الْقِيَامَةِ مُلْكُهُ،

وہ جس نے قبروں میں عبرت رکھی ہے اے وہ قیامت میں جس کی بادشاہت ہے

يَا مَنْ فِي الْحِسَابِ هَيْبَتُهُ، يَا مَنْ فِي الْمِيزَانِ قَضَآؤُهُ،

اے وہ حساب میں جس کی ہیبت ہے اے وہ میزان عمل میں جس کی منصفی ہے

يَا مَنْ فِي الْجَنَّةِ ثَوَابُهُ، يَا مَنْ فِي النَّارِ عِقَابُهُ ۞

اے وہ جس کی طرف سے ثواب جنت ہے اے وہ کہ جس کا عذاب دوزخ ہے

سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۴۳۔ يَا مَنْ اِلَيْهِ يَهْرَبُ الْخَآئِفُونَ، يَا مَنْ اِلَيْهِ يَفْزَعُ الْمُذْنِبُونَ،

اے وہ کہ خوف زدہ جس کی طرف بھاگتے ہیں اے وہ کہ گنہگار جس کی پناہ لیتے ہیں

يَا مَنْ اِلَيْهِ يَقْصِدُ الْمُنِيبُونَ، يَا مَنْ اِلَيْهِ يَرْغَبُ الزَّاهِدُونَ

وہ کہ توبہ کرنے والے جسکا قصد کرتے ہیں وہ کہ جس کی طرف پرہیز گار رغبت کرتے ہیں

يَا مَنْ اِلَيْهِ يَلْجَأُ الْمُتَحَيِّرُونَ، يَا مَنْ بِهِ يَسْتَانِسُ الْمُرِيدُونَ،

وہ کہ پریشان لوگ جس کی پناہ چاہتے ہیں وہ کہ ارادہ کرنے والے جس سے مانوس ہیں

يَا مَنْ بِهِ يَفْتَخِرُ الْمُحِبُّونَ، يَا مَنْ فِي عَفْوِهِ يَطْمَعُ الْخَاطِئُونَ

وہ جس پر محب لوگ فخر کرتے ہیں وہ کہ خطاکار جس کے عفو کی خواہش رکھتے ہیں

يَا مَنْ اِلَيْهِ يَسْكُنُ الْمُوقِنُونَ، يَا مَنْ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُونَ ۞

،وہ جس کے ہاں یقین والے سکون پاتے ہیں اے وہ کہ توکل کرنے والے جس پر توکل کرتے ہیں

سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۴۴۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيٓ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ، يَا حَبِيبُ

اے معبود میں سوال کرتا ہوں تیرے نام سے اے محبوب

يَا طَبِيبُ، يَا قَرِيبُ، يَا رَقِيبُ، يَا حَسِيبُ،

اے چارہ گر اے نزدیک تر اے نگہدار اے حساب رکھنے والے

یَا مُهِیبُ، یَا مُثِیبُ، یَا مُجِیبُ، یَا خَبِیرُ، یَا بَصِیرُ ۞

اے ہیبت والے اے ثواب دینے والے اے قبول کرنے والے اے باخبر اے بینا

سُبْحَانَكَ یَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ

تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے رب

۴۵۔ یَا اَقْرَبَ مِنْ كُلِّ قَرِیْبٍ، یَا اَحَبَّ مِنْ كُلِّ حَبِیْبٍ

اے ہر قریب سے زیادہ قریب اے ہر محب سے زیادہ محبت کرنے والے

یَا اَبْصَرَ مِنْ كُلِّ بَصِیْرٍ، یَا اَخْبَرَ مِنْ كُلِّ خَبِیْرٍ،

اور مجھے زہر کے گھونٹ پلانے پر آمادہ ہے لیکن تو ہی تھا جس نے بڑی سختیوں کے مقابل

وعَجۡزِيۡ عَنِ الۡاِنۡتِصَارِ مِمَّنۡ قَصَدَنِيۡ بِمُحَارَبَتِهٖ ،

میری کمزوری اور مجھ سے مقابلہ کرنے کا قصد رکھنے والوں کے سامنے

وَ وَحۡدَتِيۡ فِيۡ كَثِيۡرٍ مِّمَّنۡ نَّاوَانِيۡ وَ اَرۡصَدَ لِيۡ

میری ناطاقتی اور مجھ پر یورش کرنے والوں کے درمیان میری تنہائی کو دیکھا

فِيۡمَا لَمۡ اُعۡمِلۡ فِكۡرِيۡ فِي الۡاَرۡصَادِ لَهُمۡ بِمِثۡلِهٖ

جو مجھے ایسی تکلیف دینا چاہتے ہیں جس کا سامنا کرنے کا میں نے سوچا بھی نہ تھا

فَاَيَّدۡتَّنِيۡ بِقُوَّتِكَ وَ شَدَدۡتَّ اَزۡرِيۡ بِنُصۡرَتِكَ

پس تو نے اپنی قوت سے میری حمایت کی اور اپنی نصرت سے مجھے سہارا دیا

وَفَلَلْتَ لِي حَدَّهُ، وَخَذَلْتَهُ بَعْدَ جَمْعِ عَدِيدِهِ

اور میرے دشمن کی تلوار کو کند کر دیا اور تو نے انہیں رسوا کر دیا جبکہ وہ اپنی تعداد

وَحَشْدِهِ وَاَعْلَيْتَ كَعْبِي عَلَيْهِ،

اور سامان کے ساتھ جمع تھے تو نے مجھے دشمن پر غالب کیا

وَوَجَّهْتَ مَا سَدَّدَ اِلَيَّ مِنْ مَكَائِدِهِ اِلَيْهِ، وَرَدَدْتَّهُ عَلَيْهِ،

اور اس نے میرے لیے مکروفریب کے جو جال بنے تھے تو نے میری جگہ ان میں اسی کو پھنسادیا

وَلَمْ يَشْفِ غَلِيلَهُ، وَلَمْ تَبْرُدْ حَزَازَاتُ غَيْظِهِ،

تو نہ اس کی تشنگی دور ہوئی نہ اس کے غصے کی آگ ٹھنڈی ہوئی

وَقَدْ عَضَّ عَلَيَّ اَنَامِلَهُ، وَاَدْبَرَ مُوَلِّيًا قَدْ اَخْفَقَتْ سَرَايَاهُ،

اور افسوس کے ساتھ اس نے اپنی انگلیاں چبالیں اور وہ پست ہو گیا جب اس کے جھنڈے گر پڑے

فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا يُغْلَبُ،

پس حمد تیرے ہی لیے ہے اے پروردگار کہ تو وہ توانا ہے جسے شکست نہیں ہوتی

وَذِي اَنَاةٍ لَّا يَعْجَلُ، صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اور تو وہ بردبار ہے جو جلدی نہیں کرتا رحمت فرما محمدؐ اور آل محمدؐ پر

وَّاجْعَلْنِي لِنَعْمَائِكَ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ وَلِاٰلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ.

اور مجھے اپنی نعمتوں کا شکر ادا کرنے والوں میں اور اپنے احسانوں کا ذکر کرنے والوں میں قرار دے

اِلٰهِي وَكَمْ مِنْ بَاغٍ بَغَانِي بِمَكَائِدِهِ، وَنَصَبَ لِي اَشْرَاكَ مَصَائِدِهِ،

اے معبود کسی سرکش نے میرے خلاف مکر سے مجھ پر زیادتی کی اور مجھے پھانسنے کے لیے جال بچھایا

وَوَكَّلَ بِي تَفَقُّدَ رِعَايَتِهِ، وَاَضْبَاَ اِلَيَّ اِضْبَاءَ السَّبُعِ لِطَرِيْدَتِهِ،

اور مجھے اپنی فرصت کے سپرد کر دیا اور اس طرح تاک لگائی جیسے درندہ

اِنْتِظَارًا لِانْتِهَازِ فُرْصَتِهِ، وَهُوَ يُظْهِرُ بَشَاشَةَ الْمَلَقِ،

اپنے بھاگے ہوئے شکار کو پکڑے جانے تک دیکھتا رہتا ہے حالانکہ یہ شخص مجھ سے ملنے میں خوشگوار

وَيَبْسُطُ وَجْهًا غَيْرَ طَلِقٍ فَلَمَّا رَاَيْتَ دَغَلَ سَرِيْرَتِهِ

اور کشادہ رو ہے اور اصل میں بدنیت ہے پس جب تو نے اس کی بدباطنی کو

وَقُبْحَ مَا انْطَوٰى عَلَيْهِ لِشَرِيْكِهٖ فِيْ مِلَّتِهٖ ،

اور اپنی ملت کے ایک فرد کے لیے اس کی خباثت کو دیکھا

وَاَصْبَحَ مُجْلِبًا لِّيْ فِيْ بَغْيِهٖ اَرْكَسْتَهٗ لِاُمِّ رَاْسِهٖ ،

یعنی میرے لیے اسے ستم گار پایا تو اسے تو نے سر کے بل زمین پر پھینک دیا

وَاَتَيْتَ بُنْيَانَهٗ مِنْ اَسَاسِهٖ ، فَصَرَعْتَهٗ فِيْ زُبْيَتِهٖ

اور اس کی ساختگی کو جڑ سے اکھاڑ ڈالا پس تو نے اسے اسی کے کھودے ہوئے کنویں میں دھکیلا

وَرَدَّيْتَهٗ فِيْ مَهْوٰى حُفْرَتِهٖ ،

اور اسی کے کھودے ہوئے گڑھے میں پھینکا

وَجَعَلْتَ خَدَّهٗ طَبَقًا لِّتُرَابِ رِجْلِهٖ ،

اور تو نے اس کے منہ پر اسی کے پاؤں کی خاک ڈالی

وَشَغَلْتَهٗ فِيْ بَدَنِهٖ وَرِزْقِهٖ ، وَرَمَيْتَهٗ بِحَجَرِهٖ ،

اور اسے اس کے بدن اور رزق میں گم کر دیا اسے اسی کے پتھر سے مارا

وَخَنَقْتَهٗ بِوَتَرِهٖ ، وَذَكَّيْتَهٗ بِمَشَاقِصِهٖ ،

اور اس کی گردن اسی کی کمان سے چھیدی اس کا سر اسی کی تلوار سے اڑایا

وَكَبَبْتَهٗ لِمَنْخَرِهٖ ، وَرَدَدْتَّ كَيْدَهٗ فِيْ نَحْرِهٖ ،

اور اسے منہ کے بل گرایا اس کا مکر اسی کی گردن میں ڈالا

وَرَبَقْتَهٗ بِنَدَامَتِهٖ ، وَفَسَاْتَهٗ بِحَسْرَتِهٖ

اور پشیمانی کی زنجیر اس کے گلے میں ڈالی اس کی حسرت سے اسے فنا کیا

فَاسْتَخْذَاَ وَتَضَآءَلَ بَعْدَ نَخْوَتِهٖ

پس وہ میرا دشمن اکڑباز ذلیل ہوا

وَانْقَمَعَ بَعْدَ اسْتِطَالَتِهٖ ذَلِيْلًا مَّاْسُوْرًا فِيْ رِبْقِ حِبَالَتِهٖ

اور گھٹنوں کے بل گرا اور سرکشی اور تندی کے بعد رسوا ہوا اور اپنے مکر و فریب کی رسیوں میں جکڑا گیا

الَّتِيْ كَانَ يُؤَمِّلُ اَنْ يَّرَانِيْ فِيْهَا يَوْمَ سَطْوَتِهٖ ،

یہ وہ پھندا ہے جس میں وہ مجھے اپنی سلطانی میں دیکھنا چاہتا تھا

وَقَدْ كِدْتُ يَا رَبِّ لَوْلَا رَحْمَتُكَ اَنْ يَّحُلَّ بِيْ مَاحَلَّ بِسَاحَتِهٖ ،

اور اے پروردگار اگر تیری رحمت مجھ پر نہ ہوتی تو قریب تھا کہ میرے ساتھ وہی ہوتا جو اسکے ساتھ ہوا

فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا يُغْلَبُ ،

پس حمد تیرے ہی لیے ہے اے پروردگار کہ تو وہ توانا ہے جسے شکست نہیں ہوتی

وَذِيْ اَنَاةٍ لَّا يَعْجَلُ ، صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

اور تو وہ بردبار ہے جو جلدی نہیں کرتا رحمت فرما محمدؐ اور آل محمدؐ پر

وَّاجْعَلْنِيْ لِنَعْمَائِكَ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ وَلِاٰلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ .

اور مجھے اپنی نعمتوں کا شکر ادا کرنے والوں میں اور اپنے احسانوں کا ذکر کرنے والوں میں قرار دے

اِلٰهِيْ وَكَمْ مِّنْ حَاسِدٍ شَرِقَ بِحَسْرَتِهٖ

خدایا میرے کئی حاسد حسرت سے گلوگیر ہوئے

وَعَدُوٍّ شَجِيَ بِغَيْظِهٖ ، وَسَلَقَنِيْ بِحَدِّ لِسَانِهٖ ،

اور دشمن غصے میں جل بھن گئے اور تیری زبان سے مجھے اذیت دی

وَوَخَزَنِيْ بِمُوْقِ عَيْنِهٖ ،

اور مجھے اپنی آنکھوں کی پلکوں سے زخم جگر لگائے

وَجَعَلَنِيْ غَرَضًا لِّمَرَامِيْهِ وَقَلَّدَنِيْ خِلَالًا لَّمْ تَزَلْ فِيْهِ ،

اور مجھے اپنی نفرت کے تیروں کا نشانہ بنایا میرے گلے میں پھندا ڈالا

نَادَيْتُكَ يَا رَبِّ مُسْتَجِيْرًا بِكَ ، وَاثِقًا بِسُرْعَةِ اِجَابَتِكَ

تو اے پروردگار میں نے تجھے لگاتار پکارا کہ تیری پناہ لوں جو یقینی ہے کہ تو جلد قبولیت کرنے والا ہے

مُتَوَكِّلًا عَلٰى مَالَمْ اَزَلْ اَتَعَرَّفُهٗ مِنْ حُسْنِ دِفَاعِكَ ،

میرا بھروسہ تیرے حسن دفاع پر رہا ہے جس کی مجھے پہلے ہی معرفت ہے

عَالِمًا اَنَّهٗ لَا يُضْطَهَدُ مَنْ اٰوٰى اِلٰى ظِلِّ كَنَفِكَ ،

میں جانتا ہوں کہ جو تیرے سایہ رحمت میں آجائے تو تو اس کی پردہ دری نہیں کرتا

وَلَنْ تَقْرَعَ الْحَوَادِثُ مَنْ لَّجَاَ اِلٰى مَعْقِلِ الْاِنْتِصَارِ بِكَ

اور جو تجھ سے مدد مانگتا رہے مصائب اس کی سرکوبی نہیں کرسکتے

فَحَصَّنْتَنِیْ مِنْ بَاْسِهٖ بِقُدْرَتِكَ،
پس تو اپنی قدرت سے تو مجھے دشمن کی اذیت سے محفوظ فرما

فَلَكَ الْحَمْدُ یَا رَبِّ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا یُغْلَبُ،
پس حمد تیرے ہی لیے ہے اے پروردگار کہ تو وہ توانا ہے جسے شکست نہیں ہوتی

وَذِیْ اَنَاةٍ لَّا یَعْجَلُ، صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ
اور تو وہ بردبار ہے جو جلدی نہیں کرتا رحمت فرما محمدؐ اور آل محمدؐ پر

وَّاجْعَلْنِیْ لِنَعْمَآئِكَ مِنَ الشَّاكِرِیْنَ وَلِاٰلَآئِكَ مِنَ الذَّاكِرِیْنَ.
اور مجھے اپنی نعمتوں کا شکر ادا کرنے والوں میں اور اپنے احسانوں کا ذکر کرنے والوں میں قرار دے

اِلٰهِیْ وَكَمْ مِّنْ سَحَائِبِ مَكْرُوْهٍ جَلَّیْتَهَا
خدایا کتنے ہی خطرناک بادلوں کو تو نے میرے سر سے ہٹایا

وَسَمَآءِ نِعْمَةٍ مَّطَرْتَهَا وَجَدَاوِلَ كَرَامَةٍ اَجْرَیْتَهَا،
اور نعمتوں کے آسمان سے مجھ پر مینہ برسایا اور عزت و آبرو کی نہریں جاری کیں

وَاَعْیُنِ اَحْدَاثٍ طَمَسْتَهَا، وَنَاشِئَةِ رَحْمَةٍ نَشَرْتَهَا،
اور سختیوں کے سرچشموں کو ناپید کر دیا اور رحمت کا سایہ پھیلا دیا

وَجُنَّةِ عَافِیَةٍ اَلْبَسْتَهَا، وَغَوَامِرِ كُرُبَاتٍ كَشَفْتَهَا،
اور عافیت کی زرہ پہنا دی اور دکھوں کے بھنور توڑ کر رکھ دیے

وَاُمُوْرٍ جَارِیَةٍ قَدَّرْتَهَا، لَمْ تُعْجِزْكَ اِذْ طَلَبْتَهَا،
اور جو کچھ ہو رہا تھا اسے قابو کر لیا جو تو کرنا چاہے اس سے عاجز نہیں

وَلَمْ تَمْتَنِعْ مِنْكَ اِذْ اَرَدْتَّهَا،
اور جس کا تو ارادہ کرے اس میں تجھے دشواری نہیں

فَلَكَ الْحَمْدُ یَا رَبِّ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا یُغْلَبُ،
پس حمد تیرے ہی لیے ہے اے پروردگار کہ تو وہ توانا ہے جسے شکست نہیں ہوتی

وَذِیْ اَنَاةٍ لَّا یَعْجَلُ، صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ
اور تو وہ بردبار ہے جو جلدی نہیں کرتا رحمت فرما محمدؐ اور آل محمدؐ پر

وَّاجْعَلْنِیْ لِنَعْمَآئِكَ مِنَ الشَّاكِرِیْنَ وَلِاٰلَآئِكَ مِنَ الذَّاكِرِیْنَ.

اور مجھے اپنی نعمتوں کا شکر ادا کرنے والوں میں اور اپنے احسانوں کا ذکر کرنے والوں میں قرار دے

اِلٰهِیْ وَكَمْ مِّنْ ظَنٍّ حَسَنٍ حَقَّقْتَ، وَمِنْ كَسْرِ اِمْلَاقٍ جَبَرْتَ،

اے اللہ تو نے بہت سی خوش خیالیوں کو حقیقت بنا دیا اور میری تنگدستی کو دور فرما دیا

وَمِنْ مَسْكَنَةٍ فَادِحَةٍ حَوَّلْتَ، وَمِنْ صَرْعَةٍ مُّهْلِكَةٍ نَّعَشْتَ،

اور میری بے چارگی کو مجھ سے دور کر دیا اور مار ڈالنے والے تھپیڑوں سے امن دیا

وَمِنْ مَّشَقَّةٍ اَرَحْتَ، لَا تُسْئَلُ عَمَّا تَفْعَلُ وَهُمْ يُسْئَلُوْنَ،

اور کٹھنائی کی بجائے راحت دی جو تو کرے میرے دشمن اس پر تجھے کچھ کہہ نہیں سکتے مگر وہ تیرے جوابدہ ہیں

وَلَا يَنْقُصُكَ مَآ اَنْفَقْتَ، وَلَقَدْ سُئِلْتَ فَاَعْطَيْتَ،

عطا و بخشش سے تیرا خزانہ کم نہیں ہوتا جب بھی تجھ سے مانگا گیا تب تو نے عطا کیا

وَلَمْ تُسْئَلْ فَابْتَدَاْتَ، وَاسْتُمِيْحَ بَابُ فَضْلِكَ فَمَآ اَكْدَيْتَ،

اور سوال نہ کیا گیا تب بھی تو نے دیا اور تیری درگاہ عالی سے جو طلب کیا گیا تو نے اس سے دریغ نہ کیا

اَبَيْتَ اِلَّآ اِنْعَامًا وَّامْتِنَانًا، وَّاِلَّا تَطَوُّلًا

نہ ہی دیر کی مگر یہ کہ نعمت دی اور احسان کیا اور بہت زیادہ دیا

يَّا رَبِّ وَاِحْسَانًا، وَّاَبَيْتُ اِلَّا انْتِهَاكًا لِّحُرُمَاتِكَ،

اے پروردگار تو نے خوب دیا اور میں نے تو تیری حرمتوں کو توڑا

وَاجْتِرَآءً عَلٰى مَعَاصِيْكَ، وَتَعَدِّيًا لِّحُدُوْدِكَ،

اور تیری نافرمانی کرنے میں جرات کی اور تیری حدوں سے تجاوز کیا

وَغَفْلَةً عَنْ وَّعِيْدِكَ، وَطَاعَةً لِّعَدُوِّيْ وَعَدُوِّكَ،

اور تیرے ڈراوے سے بے پروائی کی اور اپنے اور تیرے دشمن کی اطاعت کی

لَمْ يَمْنَعْكَ يَآ اِلٰهِيْ وَنَاصِرِيْ

لیکن اے میرے پروردگار و مددگار تو نے نہیں روکا

اِخْلَالِيْ بِالشُّكْرِ عَنْ اِتْمَامِ اِحْسَانِكَ،

میری ناشکری پر اپنے احسان کو مجھ سے

وَلَا حَجَزَنِیْ ذٰلِكَ عَنِ ارْتِكَابِ مَسَاخِطِكَ.

اور یہ عنایتیں میری نافرمانیوں میں آڑے نہیں آئی ہے

اَللّٰهُمَّ وَهٰذَا مَقَامُ عَبْدٍ ذَلِیْلٍ اِعْتَرَفَ لَكَ بِالتَّوْحِیْدِ

اے معبود یہ حال ہے تیرے اس ذلیل بندے کا جو تیری توحید کو مانتا ہے

وَاَقَرَّ عَلٰی نَفْسِهٖ بِالتَّقْصِیْرِ

اور خود کو تیرے حق کی ادائیگی میں قصوروار گردانتا ہے

فِیْ اَدَآءِ حَقِّكَ وَشَهِدَ لَكَ بِسُبُوْغِ نِعْمَتِكَ عَلَیْهِ،

تیرے حق کی ادائیگی میں اور گواہی دیتا ہے کہ تو نے اس پر نعمتوں کی بارش فرمائی

وَجَمِیْلِ عَادَتِكَ عِنْدَهٗ، وَاِحْسَانِكَ اِلَیْهِ، فَهَبْ لِیْ یَآ اِلٰهِیْ وَسَیِّدِیْ

اور اس کے ساتھ اچھا برتاؤ کیا اور اس پر تیرا احسان ہی احسان ہے پس اے میرے معبود اور اے میرے آقا

مِنْ فَضْلِكَ مَآ اُرِیْدُهٗ اِلٰی رَحْمَتِكَ،

مجھے اپنے فضل سے وہ رحمت نصیب فرما جس کا میں خواہاں ہوں

وَاَتَّخِذُهٗ سُلَّمًا اَعْرُجُ فِیْهِ اِلٰی مَرْضَاتِكَ،

تاکہ میں اسے زینہ بنا کر تیری رضاؤں تک پہنچوں

وَاٰمَنُ بِهٖ مِنْ سَخَطِكَ، بِعِزَّتِكَ وَطَوْلِكَ

اور تیری ناراضگی سے بچ سکوں تجھے واسطہ ہے اپنی عزت و سخاوت

وَبِحَقِّ نَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ،

اور اپنے نبی مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہ کا

فَلَكَ الْحَمْدُ یَا رَبِّ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا یُغْلَبُ،

پس حمد تیرے ہی لیے ہے اے پروردگار کہ تو وہ توانا ہے جسے شکست نہیں ہوتی

وَذِیْ اَنَاةٍ لَّا یَعْجَلُ، صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اور تو وہ بردبار ہے جو جلدی نہیں کرتا رحمت فرما محمدؐ اور آل محمدؐ پر

وَّاجْعَلْنِیْ لِنَعْمَآئِكَ مِنَ الشَّاكِرِیْنَ وَلِاٰلَآئِكَ مِنَ الذَّاكِرِیْنَ.

اور مجھے اپنی نعمتوں کا شکر ادا کرنے والوں میں اور اپنے احسانوں کا ذکر کرنے والوں میں قرار دے

اِلٰهِیْ وَكَمْ مِّنْ عَبْدٍ اَمْسٰی وَاَصْبَحَ فِیْ كَرْبِ الْمَوْتِ

اے معبود بہت سے لوگ ہیں جو صبح اور شام کرتے ہیں موت کے شکنجے میں

وَحَشْرَجَةِ الصَّدْرِ ،

جبکہ دم سینے میں رک جاتا ہے

وَالنَّظَرِ اِلٰی مَا تَقْشَعِرُّ مِنْهُ الْجُلُوْدُ

اور آنکھیں وہ چیز دیکھتی ہیں جس سے بدن کانپ اٹھیں

وَتَفْزَعُ لَهُ الْقُلُوْبُ ، وَاَنَا فِیْ عَافِیَةٍ مِّنْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ ،

اور دل گھبراہٹ میں پڑ جائیں اور میں ان حالتوں سے امن میں رہا ہوں

فَلَكَ الْحَمْدُ یَا رَبِّ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا یُغْلَبُ ،

پس حمد تیرے ہی لیے ہے اے پروردگار کہ تو وہ توانا ہے جسے شکست نہیں ہوتی

وَذِیْ اَنَاةٍ لَّا یَعْجَلُ ، صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اور تو وہ بردبار ہے جو جلدی نہیں کرتا رحمت فرما محمدؐ اور آل محمدؐ پر

وَّاجْعَلْنِیْ لِنَعْمَائِكَ مِنَ الشَّاكِرِیْنَ وَلِاٰلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِیْنَ .

اور مجھے اپنی نعمتوں کا شکر ادا کرنے والوں میں اور اپنے احسانوں کا ذکر کرنے والوں میں قرار دے

اِلٰهِیْ وَكَمْ مِّنْ عَبْدٍ اَمْسٰی وَاَصْبَحَ

اے معبود بہت ایسے بندے ہیں جو صبح اور شام کرتے ہیں

سَقِیْمًا مُّوْجِعًا فِیْ اَنَّةٍ وَّعَوِیْلٍ یَّتَقَلَّبُ فِیْ غَمِّهٖ

بیماری اور درد میں آہ وزاری کے ساتھ اور غم سے بے قرار ہوتے ہیں

لَا یَجِدُ مَحِیْصًا وَّلَا یُسِیْغُ طَعَامًا وَّلَا شَرَابًا

نہ کوئی چارہ رکھتے ہیں نہ انہیں کھانے پینے کا مزا بھلا لگتا ہے

وَّاَنَا فِیْ صِحَّةٍ مِّنَ الْبَدَنِ وَسَلَامَةٍ مِّنَ الْعَیْشِ

لیکن میں جسمانی لحاظ سے تندرست اور زندگی کے لحاظ سے آرام میں ہوں

كُلُّ ذٰلِكَ مِنْكَ ،

اور یہ سب تیرا ہی کرم ہے

فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا يُغْلَبُ،

پس حمد تیرے ہی لیے ہے اے پروردگار کہ تو وہ توانا ہے جسے شکست نہیں ہوتی

وَذِيْ اَنَاةٍ لَّا يَعْجَلُ، صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اور تو وہ بردبار ہے جو جلدی نہیں کرتا رحمت نازل فرما محمدؐ اور آل محمدؐ پر

وَّاجْعَلْنِيْ لِنَعْمَائِكَ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ وَلِاٰلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ.

اور مجھے اپنی نعمتوں کا شکر ادا کرنے والوں میں اور اپنے احسانوں کا ذکر کرنے والوں میں قرار دے

اِلٰهِيْ وَكَمْ مِّنْ عَبْدٍ اَمْسٰى وَاَصْبَحَ

اے معبود بہت ایسے بندے ہیں جو صبح اور شام کرتے ہیں

خَائِفًا مَّرْعُوْبًا مُّشْفِقًا وَّجِلًا هَارِبًا

جو ڈرے ہوئے دبے ہوئے سہمے ہوئے کانپے ہوئے بھاگے ہوئے

طَرِيْدًا مُّنْجَحِرًا فِيْ مَضِيْقٍ وَّمَخْبَاةٍ مِّنَ الْمَخَابِيْ

دھتکارے ہوئے تنگ کوٹھڑی میں گھسے ہوئے اور اوٹ میں چھپے ہوئے ہیں

قَدْ ضَاقَتْ عَلَيْهِ الْاَرْضُ بِرُحْبِهَا

کہ یہ زمین اپنی وسعتوں کے باوجود ان کے لیے تنگ ہے

لَا يَجِدُ حِيْلَةً وَّلَا مَنْجًى، وَلَا مَاْوًى،

نہ ان کا کوئی وسیلہ ہے نہ نجات کا ذریعہ اور نہ پناہ کی جگہ ہے

وَاَنَا فِيْ اَمْنٍ وَّطُمَانِيْنَةٍ وَّعَافِيَةٍ مِّنْ ذٰلِكَ كُلِّهِ،

جبکہ میں ان باتوں سے امن چین سے اور آرام و آسائش میں ہوں

فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ مِّنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا يُغْلَبُ،

پس حمد تیرے ہی لیے ہے اے پروردگار کہ تو وہ توانا ہے جسے شکست نہیں ہوتی

وَذِيْ اَنَاةٍ لَّا يَعْجَلُ، صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اور تو وہ بردبار ہے جو جلدی نہیں کرتا رحمت فرما محمدؐ اور آل محمدؐ پر

وَّاجْعَلْنِيْ لِنَعْمَائِكَ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ وَلِاٰلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ.

اور مجھے اپنی نعمتوں کا شکر ادا کرنے والوں میں اور اپنے احسانوں کا ذکر کرنے والوں میں قرار دے

اِلٰهِیْ وَسَیِّدِیْ وَکَمْ مِّنْ عَبْدٍ اَمْسٰی وَاَصْبَحَ

اے معبود بہت لوگ ایسے ہیں جو صبح اور شام کرتے ہیں

مَغْلُوْلاً مُّکَبَّلاً فِی الْحَدِیْدِ بِاَیْدِی الْعُدَاۃِ

جب دشمنوں کے ہاتھوں کڑیوں اور بیڑیوں میں جکڑے ہیں

لَا یَرْحَمُوْنَهٗ، فَقِیْدًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَوَلَدِهٖ

کہ ان پر رحم نہیں کیا جاتا وہ اپنے زن و فرزند سے جدا

مُنْقَطِعًا عَنْ اِخْوَانِهٖ وَبَلَدِهٖ یَتَوَقَّعُ کُلَّ سَاعَةٍ

قید تنہائی میں ہیں اپنے شہر اور بھائیوں سے دور ہر لحہ اس خیال میں ہیں

بِاَیِّ قِتْلَةٍ یُّقْتَلُ وَبِاَیِّ مُثْلَةٍ یُمَثَّلُ بِهٖ،

کہ کس طرح انہیں قتل کیا جائے گا اور کس کس طرح ان کے جوڑ کاٹے جائیں گے

وَاَنَا فِیْ عَافِیَةٍ مِّنْ ذٰلِكَ کُلِّهٖ،

اور میں ان سب سختیوں سے محفوظ و مامون ہوں

فَلَكَ الْحَمْدُ یَا رَبِّ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا یُغْلَبُ،

پس حمد تیرے ہی لیے ہے اے پروردگار کہ تو وہ توانا ہے جسے شکست نہیں ہوتی

وَذِیْ اَنَاۃٍ لَّا یَعْجَلُ، صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اور تو وہ بردبار ہے جو جلدی نہیں کرتا رحمت فرما محمدؐ اور آل محمدؐ پر

وَّاجْعَلْنِیْ لِنَعْمَآئِكَ مِنَ الشَّاکِرِیْنَ وَلِاٰلَآئِكَ مِنَ الذَّاکِرِیْنَ.

اور مجھے اپنی نعمتوں کا شکر ادا کرنے والوں میں اور اپنے احسانوں کا ذکر کرنے والوں میں قرار دے

اِلٰهِیْ وَکَمْ مِّنْ عَبْدٍ اَمْسٰی وَاَصْبَحَ

اے معبود بہت لوگ ایسے ہیں جنہوں نے صبح اور شام کی

یُقَاسِی الْحَرْبَ وَمُبَاشَرَۃَ الْقِتَالِ بِنَفْسِهٖ

حالت جنگ اور میدان جدال قتال میں

قَدْ غَشِیَتْهُ الْاَعْدَآءُ مِنْ کُلِّ جَانِبٍ

جب ان پر دشمن چھائے ہوئے ہیں اور ہر طرف سے

بِالسُّيُوْفِ وَالرِّمَاحِ وَاٰلَةِ الْحَرْبِ،

شمشیر اور نیزے اور دیگر اسلحہ کے وار ہو رہے ہیں

يَتَقَعْقَعُ فِي الْحَدِيْدِ قَدْ بَلَغَ مَجْهُوْدَهٗ لَا يَعْرِفُ حِيْلَةً،

ان کی ہمت ٹوٹ چکی ہے وہ نہیں جانتے کہ اب کیا کریں

وَّلَا يَجِدُ مَهْرَبًا قَدْ اُدْنِفَ بِالْجِرَاحَاتِ،

کوئی جگہ نہیں جہاں بھاگ کے چلے جائیں وہ زخموں سے چور ہیں

اَوْ مُتَشَحِّطًا بِدَمِهٖ تَحْتَ السَّنَابِكِ وَالْاَرْجُلِ، يَتَمَنّٰى شَرْبَةً مِّنْ مَّآءٍ

یا اپنے خون میں غلطاں گھوڑوں کے سموں کی مار میں بے بس پڑے ہیں وہ ایک گھونٹ پانی کو ترس رہے ہیں

اَوْ نَظْرَةً اِلٰى اَهْلِهٖ وَوَلَدِهٖ لَا يَقْدِرُ عَلَيْهَا، وَاَنَا فِيْ عَافِيَةٍ مِّنْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ،

یا اپنے زن و فرزند کو ایک نظر دیکھنے کے خواہاں ہیں اتنی طاقت نہیں رکھتے اور میں ان سب دکھوں سے بچا ہوا ہوں

فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا يُغْلَبُ،

پس حمد تیرے ہی لیے ہے اے پروردگار کہ تو وہ توانا ہے جسے شکست نہیں ہوتی

وَذِيْٓ اَنَاةٍ لَّا يَعْجَلُ، صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اور تو وہ بردبار ہے جو جلدی نہیں کرتا رحمت فرما محمدؐ اور آل محمدؐ پر

وَّاجْعَلْنِيْ لِنَعْمَآئِكَ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ وَلِاٰلَآئِكَ مِنَ الذّٰكِرِيْنَ.

اور مجھے اپنی نعمتوں کا شکر ادا کرنے والوں میں اور اپنے احسانوں کا ذکر کرنے والوں میں قرار دے

اِلٰهِيْ وَكَمْ مِّنْ عَبْدٍ اَمْسٰى وَاَصْبَحَ

اے معبود بہت لوگ ایسے ہیں جنہوں نے صبح اور شام کی

فِيْ ظُلُمَاتِ الْبِحَارِ وَعَوَاصِفِ الرِّيَاحِ

سمندروں کی تاریکیوں اور بلاخیز طوفان ہائے باد باران میں

وَالْاَهْوَالِ وَالْاَمْوَاجِ، يَتَوَقَّعُ الْغَرَقَ وَالْهَلَاكَ،

اور نہ بپھری ہوئی موجوں کے خطرے میں جب انہیں ڈوب کے مر جانے کا خوف ہو

لَا يَقْدِرُ عَلٰى حِيْلَةٍ، اَوْ مُبْتَلًى بِصَاعِقَةٍ

وہ اس سے بچ نکلنے کا کوئی راستہ نہیں پاتے یا وہ کڑکتی چمکتی بجلیوں میں گھرے ہیں

اَوْ هَدْمٍ اَوْ حَرْقٍ اَوْ شَرْقٍ اَوْ خَسْفٍ اَوْ مَسْخٍ

یا بے موت مرنے یا جل بجھنے یا دم گھٹنے یا زمین میں دھنسنے یا صورت بگڑنے

اَوْ قَذْفٍ، وَّاَنَا فِیْ عَافِیَةٍ مِّنْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ،

یا بیماری کے حال میں ہیں اور میں ان ساری تکلیفوں سے امن میں ہوں

فَلَكَ الْحَمْدُ یَا رَبِّ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا یُغْلَبُ،

پس حمد تیرے ہی لیے ہے اے پروردگار کہ تو وہ توانا ہے جسے شکست نہیں ہوتی

وَ ذِیْ اَنَاةٍ لَّا یَعْجَلُ، صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اور تو وہ بردبار ہے جو جلدی نہیں کرتا رحمت فرما محمدؐ اور آل محمدؐ پر

وَّاجْعَلْنِیْ لِنَعْمَآئِكَ مِنَ الشَّاكِرِیْنَ وَلِاٰلَآئِكَ مِنَ الذَّاكِرِیْنَ.

اور مجھے اپنی نعمتوں کا شکر ادا کرنے والوں میں اور اپنے احسانوں کا ذکر کرنے والوں میں قرار دے

اِلٰهِیْ وَكَمْ مِّنْ عَبْدٍ اَمْسٰی وَاَصْبَحَ مُسَافِرًا شَاخِصًا عَنْ اَهْلِهٖ وَوَلَدِهٖ،

اے معبود بہت لوگ ایسے ہیں جنہوں نے صبح اور شام کی حالت سفر میں اپنے زن و فرزند سے دور

مُتَحَیِّرًا فِی الْمَفَاوِزِ، تَآئِهًا مَّعَ الْوُحُوْشِ وَالْبَهَآئِمِ

بیابانوں میں راستہ بھولے ہوئے ہیں وہ وحشی درندوں چوپایوں

وَالْهَوَآمِّ، وَحِیْدًا فَرِیْدًا لَا یَعْرِفُ حِیْلَةً

اور کاٹنے والے کیڑے مکوڑوں میں یکہ و تنہا پریشان ہیں جہاں ان کا کوئی چارہ نہیں

وَّلَا یَهْتَدِیْ سَبِیْلًا، اَوْ مُتَاَذِّیًا بِبَرْدٍ اَوْ حَرٍّ

اور نہ انہیں کوئی راہ سوجھتی ہے یا سردی میں ٹھٹرتے یا گرمی میں جلتے ہیں

اَوْ جُوْعٍ اَوْ عُرْیٍ اَوْ غَیْرِهٖ مِنَ الشَّدَآئِدِ

یا بھوک یا عریانی وغیرہ ایسی سختیوں میں گرفتار ہیں

مِمَّآ اَنَا مِنْهُ خِلْوٌ فِیْ عَافِیَةٍ مِّنْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ،

جن سے میں ایک طرف آرام میں ہوں ان سب دکھوں سے

فَلَكَ الْحَمْدُ یَا رَبِّ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا یُغْلَبُ،

پس حمد تیرے ہی لیے ہے اے پروردگار کہ تو وہ توانا ہے جسے شکست نہیں ہوتی

وَذِی اَنَاۃٍ لَّا یَعْجَلُ، صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اور تو وہ بردبار ہے جو جلدی نہیں کرتا رحمت فرما محمدؐ اور آل محمدؐ پر

وَّاجْعَلْنِیْ لِنَعْمَآئِکَ مِنَ الشَّاکِرِیْنَ وَلِاٰلَآئِکَ مِنَ الذَّاکِرِیْنَ.

اور مجھے اپنی نعمتوں کا شکر ادا کرنے والوں میں اور اپنے احسانوں کا ذکر کرنے والوں میں قرار دے

اِلٰھِیْ وَسَیِّدِیْ وَکَمْ مِّنْ عَبْدٍ اَمْسٰی وَاَصْبَحَ

میرے معبود اور میرے آقا بہت لوگ ایسے ہیں جنہوں نے شام اور صبح کرتے ہیں

فَقِیْرًا عَآئِلًا عَارِیًا مُّمْلِقًا مُّخْفِقًا مَّھْجُوْرًا جَآئِعًا ظَمْاٰنَ،

جبکہ وہ محتاج بے خرچ بے لباس بے نوا سرنگوں گوشہ گیر خالی پیٹ پیاسے ہیں

یَنْتَظِرُ مَنْ یَّعُوْدُ عَلَیْہِ بِفَضْلٍ،

وہ دیکھتے ہیں کہ کون آتا ہے جو ہمیں خیرات دے

اَوْ عَبْدٍ وَّجِیْہٍ عِنْدَکَ ھُوَ اَوْجَہُ مِنِّیْ عِنْدَکَ

یا ایسا آبرومند بندہ جو تیرے ہاں مجھ سے زیادہ عزت دار ہے

وَاَشَدُّ عِبَادَۃً لَّکَ، مَغْلُوْلًا مَّقْھُوْرًا

اور تیری عبادت و فرمانبرداری میں بڑھا ہوا ہے وہ حقارت کی قید میں ہے

قَدْ حُمِّلَ ثِقْلًا مِّنْ تَعَبِ الْعَنَآءِ

اس نے تکلیفوں کا بوجھ کندھوں پر اٹھا رکھا ہے

وَشِدَّۃِ الْعُبُوْدِیَّۃِ، وَکُلْفَۃِ الرِّقِّ، وَثِقْلِ الضَّرِیْبَۃِ،

اور غلامی کی سختی اور بندگی کی تکلیف اور تلوار کا زخم کھائے ہوئے

اَوْ مُبْتَلًی بِبَلَآءٍ شَدِیْدٍ لَّا قِبَلَ لَہٗ اِلَّا بِمَنِّکَ عَلَیْہِ

یا بڑی مصیبت میں گرفتار ہے کہ جن کو سہہ نہیں سکتا سوائے اس مدد کے جو تو کرے

وَاَنَا الْمَخْدُوْمُ الْمُنَعَّمُ الْمُعَافَی الْمُکَرَّمُ فِیْ عَافِیَۃٍ مِّمَّا ھُوَ فِیْہِ

اور مجھے خدمتگار نعمتیں عافیت اور عزت حاصل ہے ان چیزوں سے امان میں ہوں

فَلَکَ الْحَمْدُ عَلٰی ذٰلِکَ کُلِّہٖ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا یُغْلَبُ،

پس حمد تیرے ہی لیے ہے اے پروردگار کہ تو وہ توانا ہے جسے شکست نہیں ہوتی

وَ ذِی اَنَاۃٍ لَّا یَعْجَلُ، صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

اور تو وہ بردبار ہے جو جلدی نہیں کرتا رحمت فرما محمدؐ اور آل محمدؐ پر

وَّ اجْعَلْنِیْ لِنَعْمَآئِكَ مِنَ الشَّاكِرِیْنَ وَ لِاٰلَآئِكَ مِنَ الذَّاكِرِیْنَ.

اور مجھے اپنی نعمتوں کا شکر ادا کرنے والوں میں اور اپنے احسانوں کا ذکر کرنے والوں میں قرار دے

اِلٰهِیْ وَ سَیِّدِیْ وَ كَمْ مِّنْ عَبْدٍ اَمْسٰی وَ اَصْبَحَ

اے معبود میرے مولا بہت سے ایسے ہیں جنہوں نے صبح اور شام کی

عَلِیْلًا مَّرِیْضًا سَقِیْمًا مُّدْنِفًا عَلٰی فُرُشِ الْعِلَّةِ

جب وہ بیمار مریض کمزور و بد حال ہیں بستر علالت پر

وَ فِیْ لِبَاسِهَا یَتَقَلَّبُ یَمِیْنًا وَّ شِمَالًا لَّا یَعْرِفُ شَیْئًا مِّنْ لَّذَّةِ الطَّعَامِ

بیماروں کے لباس میں دائیں بائیں کروٹیں بدل رہے ہیں ان کو نہ کھانے کی کسی چیز کا مزہ نصیب ہے

وَ لَا مِنْ لَّذَّةِ الشَّرَابِ، یَنْظُرُ اِلٰی نَفْسِهٖ حَسْرَةً

اور نہ پینے کی کوئی چیز کا - وہ اپنے آپ پر حسرت کی نظر ڈالتے ہیں

لَّا یَسْتَطِیْعُ لَهَا ضُرًّا وَّ لَا نَفْعًا

کہ وہ خود کو کچھ فائدہ نقصان پہنچانے پر قادر نہیں

وَّ اَنَا خِلْوٌ مِّنْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ بِجُوْدِكَ وَ كَرَمِكَ

اور میں ان تمام دکھوں سے امن میں ہوں یہ تیرا اکرم اور تیری نوازش ہے

فَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا یُغْلَبُ،

پس نہیں کوئی معبود سوائے تیرے تو پاک ہے کہ وہ توانا ہے جسے شکست نہیں ہوتی

وَ ذِیْ اَنَاۃٍ لَّا یَعْجَلُ، صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

اور تو وہ بردبار ہے جو جلدی نہیں کرتا رحمت فرما محمدؐ و آل محمدؐ پر

وَّ اجْعَلْنِیْ لَكَ مِنَ الْعَابِدِیْنَ، وَ لِنَعْمَآئِكَ مِنَ الشَّاكِرِیْنَ،

اور قرار دے مجھ کو اپنے عابدوں میں اور اور مجھ کو اپنی نعمتوں کا شکر کرنے والوں میں

وَ لِاٰلَآئِكَ مِنَ الذَّاكِرِیْنَ، وَ ارْحَمْنِیْ بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ.

اور اپنے احسانوں کو یاد رکھنے والوں میں قرار دے اور اپنی رحمت سے مجھ پر رحم فرما اے سب سے زیادہ رحم والے

مَوْلَایَ وَسَیِّدِیْ وَکَمْ مِّنْ عَبْدٍ اَمْسٰی وَاَصْبَحَ وَقَدْ دَنَا یَوْمُہٗ مِنْ حَتْفِہٖ

اے میرے مولا اور آقا بہت سے بندے ہیں جنہوں نے صبح اور شام کی جبکہ ان کی موت کا وقت قریب آ گیا ہے

وَاَحْدَقَ بِہٖ مَلَکُ الْمَوْتِ فِیْٓ اَعْوَانِہٖ یُعَالِجُ سَکَرَاتِ الْمَوْتِ وَحِیَاضَہٗ،

اور فرشتہ موت نے اپنے ساتھیوں سمیت انہیں گھیر رکھا ہے وہ موت کی غشیوں میں جان کنی کی سختیوں میں پڑے ہیں

تَدُوْرُ عَیْنَاہُ یَمِیْنًا وَّ شِمَالًا یَّنْظُرُ اِلٰٓی اَحِبَّآئِہٖ وَاَوِدَّآئِہٖ وَاَخِلَّآئِہٖ

وہ دائیں بائیں نظریں گھما گھما کر اپنے دوستوں مہربانوں اور ساتھیوں کو دیکھتے ہیں

قَدْ مُنِعَ مِنَ الْکَلَامِ، وَحُجِبَ عَنِ الْخِطَابِ، یَنْظُرُ اِلٰی نَفْسِہٖ حَسْرَۃً

جبکہ وہ بولنے سے قاصر اور گفتگو کرنے سے عاجز ہیں وہ اپنے نفس پر حسرت کی نگاہ ڈالتے ہیں

لَّا یَسْتَطِیْعُ لَھَا ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا

جس کے نفع ونقصان پر قدرت نہیں رکھتے

وَّاَنَا خِلْوٌ مِّنْ ذٰلِکَ کُلِّہٖ بِجُوْدِکَ وَکَرَمِکَ

اور میں ان دکھوں سے امن میں ہوں یہ تیرا اکرم اور تیری نوازش ہے

فَلَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا یُغْلَبُ،

پس نہیں کوئی معبود سوائے تیرے تو پاک ہے کہ وہ توانا ہے جسے شکست نہیں ہوتی

وَذِیْ اَنَاۃٍ لَّا یَعْجَلُ، صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اور تو وہ بردبار ہے جو جلدی نہیں کرتا رحمت فرما محمدؐ و آل محمدؐ پر

وَّاجْعَلْنِیْ لَکَ مِنَ الْعَابِدِیْنَ، وَلِنَعْمَآئِکَ مِنَ الشَّاکِرِیْنَ،

اور قرار دے مجھ کو اپنے عابدوں میں اور اور مجھ کو اپنی نعمتوں کا شکر کرنے والوں میں

وَلِاٰلَآئِکَ مِنَ الذَّاکِرِیْنَ، وَارْحَمْنِیْ بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ.

اور اپنے احسانوں کو یاد رکھنے والوں میں قرار دے اور اپنی رحمت سے مجھ پر رحم فرما اے سب سے زیادہ رحم والے

مَوْلَایَ وَسَیِّدِیْ وَکَمْ مِّنْ عَبْدٍ اَمْسٰی وَاَصْبَحَ

اے میرے مولا اور میرے آقا بہت لوگ ایسے ہیں جنہوں نے صبح اور شام کی

فِیْ مَضَآئِقِ الْحُبُوْسِ وَالسُّجُوْنِ وَکُرَبِھَا وَذُلِّھَا

جب وہ زندانوں اور قیدیوں کی تنگیوں میں وہاں کی تکلیفوں اور ذلتوں کے ساتھ

وَحَدِيدِهَا يَتَدَاوَلُهُ أَعْوَانُهَا وَزَبَانِيَتُهَا

بیڑیوں میں جکڑے ایک سے دوسرے سخت گیر نگران کے حوالے کیے جاتے ہیں

فَلَا يَدْرِي أَيُّ حَالٍ يُفْعَلُ بِهِ، وَأَيُّ مُثْلَةٍ يُمَثَّلُ بِهِ،

پس نہیں جانتے کہ ان کا حال کیا ہو گا اور ان کا کون کون سا جوڑ کاٹا جائے گا

فَهُوَ فِي ضُرٍّ مِّنَ الْعَيْشِ وَضَنْكٍ مِّنَ الْحَيَاةِ

تو وہ گزران میں تنگ اور زندگی میں سختی کا سامنا کرتے ہیں

يَنْظُرُ إِلَى نَفْسِهِ حَسْرَةً لَّا يَسْتَطِيعُ لَهَا ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا

وہ اپنے نفس پر حسرت کی نگاہ ڈالتے ہیں کہ جس کے نفع و نقصان پر قدرت نہیں رکھتے

وَّأَنَا خِلْوٌ مِّنْ ذٰلِكَ كُلِّهِ بِجُودِكَ وَكَرَمِكَ

اور میں ان دکھوں سے امن میں ہوں یہ تیرا کرم اور تیری نوازش ہے

فَلَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا يُغْلَبُ،

پس نہیں کوئی معبود سوائے تیرے تو پاک ہے کہ وہ توانا ہے جسے شکست نہیں ہوتی

وَذِي أَنَاةٍ لَّا يَعْجَلُ، صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ

اور تو وہ بردبار ہے جو جلدی نہیں کرتا رحمت فرما محمدؐ و آل محمدؐ پر

وَّاجْعَلْنِي لَكَ مِنَ الْعَابِدِينَ، وَلِنَعْمَائِكَ مِنَ الشَّاكِرِينَ،

اور قرار دے مجھ کو اپنے عابدوں میں اور اور مجھ کو اپنی نعمتوں کا شکر کرنے والوں میں

وَلِآلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِينَ، وَارْحَمْنِي بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ.

اور اپنے احسانوں کو یاد رکھنے والوں میں قرار دے اور اپنی رحمت سے مجھ پر رحم فرما اے سب سے زیادہ رحم والے

سَيِّدِي وَمَوْلَايَ وَكَمْ مِّنْ عَبْدٍ أَمْسٰى وَأَصْبَحَ

اے میرے سردار اور میرے مولا بہت لوگ ایسے ہیں جنھوں نے صبح اور شام کی

قَدِ اسْتَمَرَّ عَلَيْهِ الْقَضَاءُ، وَأَحْدَقَ بِهِ الْبَلَاءُ

جن پر شدنی وارد ہو چکی ہے اور بلاؤں نے انہیں گھیرا ہوا ہے

وَفَارَقَ أَوِدَّائَهُ وَأَحِبَّائَهُ وَأَخِلَّائَهُ،

اور وہ اپنے دوستوں مہربانوں اور ساتھیوں سے جدا ہیں

وَ اَمْسٰی اَسِیْرًا حَقِیْرًا ذَلِیْلًا فِیْٓ اَیْدِی الْکُفَّارِ

اور انہوں نے کافروں کے ہاتھوں قیدی ناپسندیدہ اور خوار ہو کر شام کی ہے

وَ الْاَعْدَآءِ یَتَدَاوَلُوْنَهٗ یَمِیْنًا وَّ شِمَالًا

اور دشمن ان کو دائیں بائیں کھینچتے ہیں

قَدْ حُصِرَ فِی الْمَطَامِیْرِ، وَ ثُقِّلَ بِالْحَدِیْدِ،

جب وہ کال کوٹھڑیوں میں بند ہیں اور بیڑیاں لگی ہوئی ہیں

لَا یَرٰی شَیْئًا مِّنْ ضِیَآءِ الدُّنْیَا وَ لَا مِنْ رَوْحِهَا،

وہ زمین پر پھیلے ہوئے اجالے کو نہیں دیکھ پاتے اور نہ کوئی خوشبو سونگھتے ہیں

یَنْظُرُ اِلٰی نَفْسِهٖ حَسْرَةً لَّا یَسْتَطِیْعُ لَهَا ضَرًّا وَّ لَا نَفْعًا

وہ اپنے نفس پر حسرت کی نگاہ ڈالتے ہیں جس کے نفع و نقصان پر قدرت نہیں رکھتے

وَّ اَنَا خِلْوٌ مِّنْ ذٰلِكَ کُلِّهٖ بِجُوْدِكَ وَ کَرَمِكَ

اور میں ان دکھوں سے امن میں ہوں یہ تیرا کرم اور تیری نوازش ہے

فَلَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا یُغْلَبُ،

پس نہیں کوئی معبود سوائے تیرے تو پاک ہے کہ وہ توانا ہے جسے شکست نہیں ہوتی

وَ ذِیْ اَنَاةٍ لَّا یَعْجَلُ، صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

اور تو وہ بردبار ہے جو جلدی نہیں کرتا رحمت نازل فرما محمدؐ و آل محمدؐ پر

وَّ اجْعَلْنِیْ لَكَ مِنَ الْعَابِدِیْنَ، وَ لِنَعْمَآئِكَ مِنَ الشَّاکِرِیْنَ،

اور قرار دے مجھ کو اپنے عابدوں میں اور اور مجھ کو اپنی نعمتوں کا شکر کرنے والوں میں

وَ لِاٰلَآئِكَ مِنَ الذَّاکِرِیْنَ، وَ ارْحَمْنِیْ بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ.

اور اپنے احسانوں کو یاد رکھنے والوں میں قرار دے اور اپنی رحمت سے مجھ پر رحم فرما اے سب سے زیادہ رحم والے

وَ عِزَّتِكَ یَا کَرِیْمُ لَاَطْلُبَنَّ مِمَّا لَدَیْكَ،

واسطہ ہے تیری عزت کا اے کریم میں طلب کرتا ہوں جو تیرے پاس ہے

وَ لَاُلِحَّنَّ عَلَیْكَ، وَ لَاَمُدَّنَّ یَدِیْ نَحْوَكَ مَعَ جُرْمِهَآ اِلَیْكَ

اور بار بار مانگتا ہوں اور تیرے آگے ہاتھ پھیلاتا ہوں اگرچہ تیرے ہاں مجرم ہے

يَا رَبِّ فَبِمَنْ اَعُوْذُ، وَبِمَنْ اَلُوْذُ،

اے پروردگار پھر کس کی پناہ لوں اور کس سے عرض کروں

لَا اَحَدَ لِيْ اِلَّا اَنْتَ، اَفَتَرُدُّنِيْ وَاَنْتَ مُعَوَّلِيْ وَعَلَيْكَ مُتَّكَلِيْ

میرا کوئی نہیں سوائے تیرے کیا تو مجھے ہنکا دے گا جب تو ہی میرا تکیہ ہے اور تجھی پر میرا بھروسہ ہے

اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ الَّذِيْ وَضَعْتَهٗ عَلَى السَّمَآءِ

میں تیرے اس نام کے ذریعے سوال کرتا ہوں جسے تو نے آسمانوں پر رکھا

فَاسْتَقَلَّتْ وَعَلَى الْاَرْضِ فَاسْتَقَرَّتْ، وَعَلَى الْجِبَالِ فَرَسَتْ

تو وہ مستقل ہو گئے اور زمین پر رکھا تو قائم ہو گئی اور پہاڑوں پر رکھا تو وہ اپنی جگہ جم گئے

وَعَلَى اللَّيْلِ فَاَظْلَمَ وَعَلَى النَّهَارِ فَاسْتَنَارَ،

اور رات پر رکھا تو کالی ہو گئی اور دن پر رکھا تو چمک اٹھا ہے

اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَقْضِيَ لِيْ حَوَآئِجِيْ كُلَّهَا،

تو رحمت فرما محمدؐ و آل محمدؐ پر اور یہ کہ میری تمام حاجتیں پوری کر دے

وَتَغْفِرَ لِيْ ذُنُوْبِيْ كُلَّهَا صَغِيْرَهَا وَكَبِيْرَهَا، وَتُوَسِّعَ عَلَيَّ مِنَ الرِّزْقِ

اور میرے سبھی گناہ معاف فرما دے چھوٹے بھی اور بڑے بھی اور میرے رزق میں فراخی فرما

مَا تُبَلِّغُنِيْ بِهٖ شَرَفَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ.

کہ جس سے مجھے دنیا و آخرت میں عزت حاصل ہو اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

مَوْلَايَ بِكَ اسْتَعَنْتُ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَعِنِّيْ،

میرے مولا میں تجھی سے مدد مانگتا ہوں پس رحمت فرما محمدؐ و آل محمدؐ پر اور میری مدد کر

وَبِكَ اسْتَجَرْتُ فَاَجِرْنِيْ،

میں تیری پناہ لیتا ہوں پس مجھے پناہ دے

وَاَغْنِنِيْ بِطَاعَتِكَ عَنْ طَاعَةِ عِبَادِكَ،

اپنی اطاعت کے ذریعے مجھے اپنے بندوں کی اطاعت سے بے نیاز کر دے

وَبِمَسْئَلَتِكَ عَنْ مَّسْئَلَةِ خَلْقِكَ،

اپنا سوالی بنا کر لوگوں کا سوالی بننے سے بچا لے

وَانْقُلْنِيْ مِنْ ذُلِّ الْفَقْرِ اِلٰی عِزِّ الْغِنٰی،

اور فقر کی ذلت سے نکال کر بے نیازی کی عزت دے

وَمِنْ ذُلِّ الْمَعَاصِيْ اِلٰی عِزِّ الطَّاعَةِ

اور نافرمانی کی ذلت کے بجائے فرمانبرداری کی عزت دے

فَقَدْ فَضَّلْتَنِيْ عَلٰی كَثِيْرٍ مِّنْ خَلْقِكَ

تو نے مجھے اپنے کثیر بندوں پر جو بڑائی دی ہے

جُوْدًا مِّنْكَ وَكَرَمًا، لَّا بِاسْتِحْقَاقٍ مِّنِّيْ.

وہ محض تیرا فضل وکرم ہے نہ یہ کہ میں اس کا حقدار تھا

اِلٰهِيْ فَلَكَ الْحَمْدُ عَلٰی ذٰلِكَ كُلِّهِ

اے معبود تیرے ہی لیے حمد ہے کہ تو نے یہ مہربانیاں فرمائیں

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

رحمت فرما محمدؐ و آل محمدؐ پر

وَّاجْعَلْنِيْ لِنَعْمَآئِكَ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ، وَلِاٰلَآئِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ .

اور مجھے اپنی نعمتوں کے شکر گزاروں میں سے اور اپنے احسانوں کو یاد رکھنے والوں میں قرار دے

پھر سجدے میں جائے اور پڑھے:

سَجَدَ وَجْهِيَ الذَّلِيْلُ لِوَجْهِكَ الْعَزِيْزِ الْجَلِيْلِ،

سجدہ کیا میرے کمتر چہرے نے تیری ذات عزیز و جلیل کو سجدہ کیا

سَجَدَ وَجْهِيَ الْبَالِي الْفَانِيْ لِوَجْهِكَ الدَّآئِمِ الْبَاقِيْ،

میرے فانی و پست چہرے نے تیری ہمیشہ قائم رہنے والی ذات کو سجدہ کیا

سَجَدَ وَجْهِيَ الْفَقِيْرُ لِوَجْهِكَ الْغَنِيِّ الْكَبِيْرِ

میرے محتاج چہرے نے تیری بے نیاز و بلند ذات کو سجدہ کیا

سَجَدَ وَجْهِيْ وَسَمْعِيْ وَبَصَرِيْ وَلَحْمِيْ وَدَمِيْ وَجِلْدِيْ وَعَظْمِيْ

سجدہ کیا میرے چہرے کان آنکھ گوشت خون چمڑے اور ہڈی نے

وَمَا اَقَلَّتِ الْاَرْضُ مِنِّیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

اور میرا جو کچھ روئے زمین پر ہے اس نے عالمین کے رب کو

اَللّٰهُمَّ عُدْ عَلٰی جَهْلِیْ بِحِلْمِكَ،

خدایا میری جہالت کو بردباری سے ڈھانپ لے

وَعَلٰی فَقْرِیْ بِغِنَاكَ، وَعَلٰی ذُلِّیْ بِعِزِّكَ وَسُلْطَانِكَ

میری محتاجی پر اپنی دولت برسادے میری پستی کو اپنی بلندی و اختیاری سے دور فرما

وَعَلٰی ضَعْفِیْ بِقُوَّتِكَ، وَعَلٰی خَوْفِیْ بِاَمْنِكَ

میری کمزوری اپنی قوت سے دور کردے اور میرے خوف کو اپنے امن سے مٹادے

وَعَلٰی ذُنُوْبِیْ وَخَطَایَایَ بِعَفْوِكَ وَرَحْمَتِكَ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ.

اور میری خطاؤں اور گناہوں کو اپنی رحمت سے بخش دے اے رحم والے اے مہربان

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَدْرَءُ بِكَ فِیْ نَحْرِ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ،

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں فلاں بن فلاں کے حملوں سے

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهٖ فَاكْفِنِیْهِ بِمَا كَفَیْتَ بِهٖ

اور اسکے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں پس اس سے میری کفایت کر جیسے

اَنْبِیَآئَكَ وَاَوْلِیَآئَكَ مِنْ خَلْقِكَ

اپنے انبیاء اور اولیاء کی اپنی مخلوق سے

وَصَالِحِیْ عِبَادِكَ مِنْ فَرَاعِنَةِ خَلْقِكَ

اپنے نیک بندوں کی کفایت فرمائی اپنی مخلوق میں سے سرکشوں

وَطُغَاةِ عُدَاتِكَ، وَشَرِّ جَمِیْعِ خَلْقِكَ

اور شریروں سے جو تیرے دشمن تھے اور ساری مخلوق کے شر سے

بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ، اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ،

اپنی رحمت کے ساتھ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے

وَّحَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ.

اور کافی ہے ہمارے لیے اللہ جو بہترین کارساز ہے

امام جعفر صادقؑ ماہ رمضان کے آخری عشرے کی ہر رات یہ دعا پڑھتے تھے:

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ قُلْتَ فِیْ کِتَابِکَ الْمُنْزَلِ شَھْرُ رَمَضَانَ

اے معبود تو نے اپنی نازل کردہ کتاب میں فرمایا ہے کہ رمضان وہ مہینہ ہے

الَّذِیْٓ اُنْزِلَ فِیْهِ الْقُرْاٰنُ ھُدًی لِّلنَّاسِ وَبَیِّنَاتٍ مِّنَ الْھُدٰی وَالْفُرْقَانِ

جس میں قرآن کریم نازل کیا گیا جو لوگوں کے لیے ہدایت ہے اور اس میں ہدایت کی دلیلیں اور حق و باطل کا امتیاز ہے

فَعَظَّمْتَ حُرْمَةَ شَھْرِ رَمَضَانَ بِمَآ اَنْزَلْتَ فِیْهِ مِنَ الْقُرْاٰنِ

پس تو نے ماہ رمضان کو اس بات سے بڑائی دی کہ اس میں قرآن کریم کا نزول فرمایا

وَخَصَصْتَهٗ بِلَیْلَةِ الْقَدْرِ وَجَعَلْتَھَا خَیْرًا مِّنْ اَلْفِ شَھْرٍ.

اور اسے شب قدر کے لیے خاص کیا اور اس رات کو ہزار مہینوں سے بہتر قرار دیا

اَللّٰھُمَّ وَھٰذِهٖ اَیَّامُ شَھْرِ رَمَضَانَ قَدِ انْقَضَتْ وَلَیَالِیْهِ قَدْ تَصَرَّمَتْ،

اے معبود یہ ماہ رمضان مبارک کے دن ہیں کہ جو گزرے جا رہے ہیں اور اس کی راتیں ہیں جو بیت رہی ہیں

وَقَدْ صِرْتُ یَآ اِلٰھِیْ مِنْهُ اِلٰی مَآ اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ

اے میرے اللہ ان شب و روز میں میری جو حالت رہی تو اسے مجھ سے زیادہ جانتا ہے

وَاَحْصٰی لِعَدَدِهٖ مِنَ الْخَلْقِ اَجْمَعِیْنَ

اور تمام لوگوں سے بڑھ کر تو اس کا حساب رکھتا ہے

فَاَسْئَلُکَ بِمَا سَئَلَکَ بِهٖ مَلَآئِکَتُکَ الْمُقَرَّبُوْنَ،

پس سوال کرتا ہوں جس کے ذریعے تجھ سے تیرے مقرب فرشتے سوال کرتے ہیں

وَاَنْبِیَاؤُکَ الْمُرْسَلُوْنَ، وَعِبَادُکَ الصَّالِحُوْنَ

اور تیرے بھیجے ہوئے انبیاء اور تیرے نیک بندے سوال کرتے ہیں

اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

کہ رحمت نازل فرما سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر

وَّاَنْ تَفُكَّ رَقَبَتِيْ مِنَ النَّارِ، وَتُدْخِلَنِي الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِكَ،

اور یہ کہ مجھے جہنم کی آگ سے رہائی عطا کر اور مجھے جنت میں داخل فرما اپنی رحمت سے

وَاَنْ تَتَفَضَّلَ عَلَيَّ بِعَفْوِكَ وَكَرَمِكَ،

نیز یہ کہ مجھ پر فضل کر اپنی درگزر اور احسان سے

وَتَتَقَبَّلَ تَقَرُّبِيْ، وَتَسْتَجِيْبَ دُعَآئِيْ،

میرے قرب حاصل کرنے کو قبول فرما اور میری دعا کو قبولیت بخش

وَتَمُنَّ عَلَيَّ بِالْاَمْنِ يَوْمَ الْخَوْفِ مِنْ كُلِّ هَوْلٍ

اور مجھ پر احسان کرتے ہوئے اس خوف کے دن ہر دہشت سے محفوظ رکھ

اَعْدَدْتَّهُ لِيَوْمِ الْقِيَامَةِ.

جو تو نے روز قیامت کے لیے تیار کی ہوئی ہے

اِلٰهِيْ وَاَعُوْذُ بِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ،

اے اللہ میں پناہ لیتا ہوں تیری ذات کریم کی

وَبِجَلَالِكَ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّنْقَضِيَ اَيَّامُ شَهْرِ رَمَضَانَ

اور تیرے بزرگ تر جلال کی اس سے کہ جب ماہ رمضان المبارک کے دن

وَلَيَالِيْهِ وَلَكَ قِبَلِيْ تَبِعَةٌ اَوْ ذَنْبٌ تُؤَاخِذُنِيْ بِهٖ،

اور راتیں گزر جائیں تو میرے ذمے کوئی جوابدہی ہو یا کوئی گناہ جس پر تو میری گرفت

اَوْ خَطِيْئَةٌ تُرِيْدُ اَنْ تَقْتَصَّهَا مِنِّيْ لَمْ تَغْفِرْهَا لِيْ

یا کوئی لغزش ہو جس کی سزا تو مجھے دینا چاہتا ہو اور اس کی معافی نہ دی ہو

سَيِّدِيْ سَيِّدِيْ سَيِّدِيْ اَسْئَلُكَ

میرے مالک میرے آقا میرے سردار میں سوال کرتا ہوں

يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اِذْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

اے کہ نہیں کوئی معبود مگر تو ہی ہے

اِنْ كُنْتَ رَضِيْتَ عَنِّيْ فِيْ هٰذَا الشَّهْرِ

کہ اگر تو اس مہینے میں مجھ سے راضی ہو گیا ہے

فَازْدَدْ عَنِّیْ رِضًا، وَّاِنْ لَّمْ تَکُنْ رَّضِیْتَ عَنِّیْ

تو میرے لیے اپنی خوشنودی میں اضافہ فرما اور اگر تو مجھ سے راضی نہیں ہوا

فَمِنَ الْاٰنَ فَارْضَ عَنِّیْ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ،

تو اب اس گھڑی مجھ سے راضی ہو جا اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

یَا اَللّٰہُ یَآ اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا مَنْ لَّمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ

اے اللہ اے یکتا اے بے نیاز اے وہ جس نے نہ جنا ہے اور نہ جنا گیا

وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ.

اور نہ کوئی اس کا ہمسر ہے

اور یہ بہت زیادہ کہے:

یَا مُلَیِّنَ الْحَدِیْدِ لِدَاوُدَ عَلَیْہِ السَّلَامُ،

اے حضرت داؤد علیہ السلام کے لیے لوہے کو نرم کرنے والے

یَا کَاشِفَ الضُّرِّ وَالْکُرَبِ الْعِظَامِ عَنْ اَیُّوْبَ عَلَیْہِ السَّلَامُ

اے حضرت ایوب علیہ السلام کے دکھ اور تکلیفیں ہٹا دینے والے

اَیْ مُفَرِّجَ ھَمِّ یَعْقُوْبَ عَلَیْہِ السَّلَامُ،

اے یعقوب علیہ السلام کی بے تابی دور کرنے والے

اَیْ مُنَفِّسَ غَمِّ یُوْسُفَ عَلَیْہِ السَّلَامُ،

اے یوسف علیہ السلام کا رنج مٹا دینے والے

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا اَنْتَ اَھْلُہٗ

رحمت نازل فرما سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر جیسا کہ تو اس کا اہل ہے

اَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ،

کہ ان سب پر اپنی طرف سے رحمت نازل کرے

وَافْعَلْ بِیْ مَآ اَنْتَ اَھْلُہٗ، وَلَا تَفْعَلْ بِیْ مَآ اَنَا اَھْلُہٗ.

اور میرے ساتھ وہ سلوک کر جو تیرے شایان ہے اور وہ سلوک نہ کر کہ جو میرے لائق ہے

اکیسویں شب کی دعا:

یَا مُوْلِجَ اللَّیْلِ فِی النَّهَارِ، وَمُوْلِجَ النَّهَارِ فِی اللَّیْلِ،

اے رات کو دن میں داخل کرنے والے اور دن کو رات میں داخل کرنے والے

وَمُخْرِجَ الْحَیِّ مِنَ الْمَیِّتِ، وَمُخْرِجَ الْمَیِّتِ مِنَ الْحَیِّ،

اے زندہ کو مردہ میں سے نکالنے والے اور مردہ کو زندہ میں سے نکالنے والے

یَا رَازِقَ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ، یَّآ اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ،

اے جسے چاہے بغیر حساب کے رزق دینے والے اے اللہ اے رحمان

یَآ اَللّٰهُ یَا رَحِیْمُ، یَآ اَللّٰهُ یَآ اَللّٰهُ یَآ اَللّٰهُ

اے اللہ اے رحیم اے اللہ اے اللہ اے اللہ

لَكَ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی، وَالْاَمْثَالُ الْعُلْیَا، وَالْكِبْرِیَآءُ وَالْاٰلَآءُ

تیرے ہی لیے ہیں اچھے نام بلند ترین نمونے اور تیرے لیے ہیں بڑائیاں اور مہربانیاں

اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ،

سوالی ہوں تیرا کہ رحمت نازل فرما سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر

وَّاَنْ تَجْعَلَ اسْمِیْ فِیْ هٰذِهِ اللَّیْلَةِ فِی السُّعَدَآءِ،

اور یہ کہ آج کی رات میں میرا نام نیکوکاروں میں شمار کر

وَرُوْحِیْ مَعَ الشُّهَدَآءِ، وَاِحْسَانِیْ فِیْ عِلِّیِّیْنَ، وَاِسَآئَتِیْ مَغْفُوْرَةً،

میری روح کو شہیدوں کے ساتھ قرار دے میری اطاعت کو مقام علیین پر پہنچادے میری بدی کو معاف شدہ قرار دے

وَّاَنْ تَهَبَ لِیْ یَقِیْنًا تُبَاشِرُ بِهٖ قَلْبِیْ، وَاِیْمَانًا یُّذْهِبُ الشَّكَّ عَنِّیْ،

اور یہ کہ مجھے وہ یقین عطا کر جو میرے دل میں بسا ہو اور وہ ایمان دے کہ جو شک کو مجھ سے دور کر دے

وَتُرْضِیَنِیْ بِمَا قَسَمْتَ لِیْ،

اور مجھے راضی بنا اس پر جو حصہ تو نے مجھے دیا ہے

وَاٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً، وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً،

اور ہمیں دنیا میں بہترین زندگی دے اور آخرت میں خوش ترین اجر عطا کر

وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ الْحَرِيْقِ،

اور ہمیں جلانے والی آگ کی سختی سے بچا

وَارْزُقْنِیْ فِیْهَا ذِکْرَكَ وَشُکْرَكَ وَالرَّغْبَةَ اِلَیْكَ،

اور اس مہینے میں توفیق دے کہ تیرے ذکر کی تیرے شکر کی تیری طرف توجہ رکھوں

وَالْاِنَابَةَ وَالتَّوْفِیْقَ لِمَا وَفَّقْتَ لَهٗ

اور تیرے حضور توبہ کروں اور مجھے توفیق دے اس عمل کی جس کی توفیق دی

مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ عَلَیْهِ وَعَلَیْهِمُ السَّلَامُ.

تو نے محمدؐ اور آل محمدؑ کو سلام ہو آنحضرتؐ پر اور ان کی آل پر

بائیسویں شب کی دعا یہ ہے:

یَا سَالِخَ النَّهَارِ مِنَ اللَّیْلِ فَاِذَا نَحْنُ مُظْلِمُوْنَ،

اے وہ جو دن کو رات پر سے کھینچ لے جاتا ہے تو ہم تاریکی میں گھر جاتے ہیں

وَمُجْرِیَ الشَّمْسِ لِمُسْتَقَرِّهَا بِتَقْدِیْرِكَ

اور تو اپنے اندازے سے سورج کو اس کے راستے پر چلا دیتا ہے

یَا عَزِیْزُ یَا عَلِیْمُ، وَمُقَدِّرَ الْقَمَرِ مَنَازِلَ حَتّٰی

اے زبردست اے دانا تو نے چاند کی منزلیں ٹھیرائیں کہ

عَادَ کَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِیْمِ، یَا نُوْرَ کُلِّ نُوْرٍ،

وہ گھٹتے گھٹتے کھجور کی پرانی سوکھی شاخ جیسا رہ جاتا ہے اے ہر روشنی کی روشنی

وَّمُنْتَهٰی کُلِّ رَغْبَةٍ، وَّوَلِیَّ کُلِّ نِعْمَةٍ،

اے ہر چاہت کے مرکز و محور اور ہر نعمت کے مالک

یَآ اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ، یَآ اَللّٰهُ یَا قُدُّوْسُ، یَآ اَحَدُ یَا وَاحِدُ

اے اللہ اے رحمان اے اللہ اے پاکیزہ اے یکتا اے یگانہ

یَا فَرْدُ، یَآ اَللّٰهُ یَآ اَللّٰهُ یَآ اَللّٰهُ، لَكَ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی،

اے تنہا اے اللہ اے اللہ اے اللہ تیرے ہی لیے ہیں اچھے نام

وَالْاَمْثَالُ الْعُلْيَا، وَالْكِبْرِيَآءُ وَالْاٰلَآءُ،

بلند ترین نمونے اور تیرے ہی لیے ہیں بڑائیاں اور مہربانیاں

اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاَهْلِ بَيْتِهٖ

تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ رحمت نازل فرما سرکار محمدؐ اور ان کے اہلبیت پر

وَاَنْ تَجْعَلَ اسْمِيْ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ فِي السُّعَدَآءِ،

اور یہ کہ آج کی رات میں میرا نام نیکوکاروں میں شمار کر

وَرُوْحِيْ مَعَ الشُّهَدَآءِ، وَاِحْسَانِيْ فِيْ عِلِّيِّيْنَ، وَاِسَآئَتِيْ مَغْفُوْرَةً،

میری روح کو شہیدوں کے ساتھ قرار دے میری اطاعت کو مقام علیین میں پہنچا اور میری برائی کو معاف شدہ قرار دے

وَّاَنْ تَهَبَ لِيْ يَقِيْنًا تُبَاشِرُ بِهٖ قَلْبِيْ، وَاِيْمَانًا يُّذْهِبُ الشَّكَّ عَنِّيْ،

اور یہ کہ مجھے وہ یقین عطا کر جو میرے دل میں بسا رہے اور وہ ایمان دے کہ جو شک کو مجھ سے دور کر دے

وَتُرْضِيَنِيْ بِمَا قَسَمْتَ لِيْ،

اور مجھے راضی بنا اس پر جو حصہ تو نے مجھے دیا ہے

وَاٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً، وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً،

اور ہمیں دنیا میں بہترین زندگی دے اور آخرت میں خوش ترین اجر عطا کر

وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ الْحَرِيْقِ،

اور ہمیں جلانے والی آگ کی سختی سے بچا

وَارْزُقْنِيْ فِيْهَا ذِكْرَكَ وَشُكْرَكَ وَالرَّغْبَةَ اِلَيْكَ،

اور اس مہینے میں توفیق دے کہ تیرے ذکر کی تیرے شکر کی تیری طرف توجہ کی

وَالْاِنَابَةَ وَالتَّوْفِيْقَ لِمَا وَفَّقْتَ لَهٗ

اور تیرے حضور توبہ کروں اور مجھے توفیق دے اس عمل کی جس کی توفیق دی

مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ.

تو نے محمدؐ اور آل محمدؐ کو سلام ہو آنحضرتؐ پر اور ان کی آل پر

ماہ رمضان کی تیئیسویں شب کی دعا یہ ہے:

یَا رَبِّ لَیْلَةَ الْقَدْرِ وَجَاعِلَهَا خَیْرًا مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ،

اے شب قدر کے پروردگار اور اس کو ہزار مہینوں سے بہتر قرار دینے والے

وَّرَبَّ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَالْجِبَالِ وَالْبِحَارِ

اے رات اور دن کے رب اے پہاڑوں اور دریاؤں

وَالظُّلَمِ وَالْاَنْوَارِ وَالْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ،

تاریکیوں اور روشنیوں اور زمین اور آسمان کے رب

یَا بَارِئُ یَا مُصَوِّرُ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ،

اے پیدا کرنے والے اے صورت گر اے محبت والے اے احسان والے

یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا اَللّٰهُ یَا قَیُّوْمُ یَا اَللّٰهُ یَا بَدِیْعُ،

اے اللہ اے رحمان اے اللہ اے نگہبان اے اللہ اے پیدا کرنے والے

یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ، لَكَ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی،

اے اللہ اے اللہ اے اللہ تیرے ہی لیے ہیں اچھے نام

وَالْاَمْثَالُ الْعُلْیَا، وَالْكِبْرِیَآءُ وَالْاٰلَآءُ،

بلند ترین نمونے اور تیرے ہی لیے ہیں بڑائیاں اور مہربانیاں

اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَهْلِ بَیْتِهٖ

تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ رحمت نازل فرما سرکار محمدؐ اور ان کے اہلبیت پر

وَّاَنْ تَجْعَلَ اسْمِیْ فِیْ هٰذِهِ اللَّیْلَةِ فِی السُّعَدَآءِ،

اور یہ کہ آج کی رات میں میرا نام نیکوکاروں میں شمار کر

وَرُوْحِیْ مَعَ الشُّهَدَآءِ، وَاِحْسَانِیْ فِیْ عِلِّیِّیْنَ،

میری روح کو شہیدوں کے ساتھ قرار دے میری اطاعت کو مقام علیین میں پہنچا

وَاِسَآئَتِیْ مَغْفُوْرَةً،

اور میری برائی کو معاف شدہ قرار دے

وَّاَنْ تَهَبَ لِيْ يَقِيْنًا تُبَاشِرُ بِهٖ قَلْبِيْ،

اور یہ کہ مجھے وہ یقین عطا کر جو میرے دل میں بسا رہے

وَاِيْمَانًا يُّذْهِبُ الشَّكَّ عَنِّيْ،

اور وہ ایمان دے کہ جو شک کو مجھ سے دور کر دے

وَتُرْضِيَنِيْ بِمَا قَسَمْتَ لِيْ،

اور مجھے راضی بنا اس پر جو حصہ تو نے مجھے دیا ہے

وَاٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً، وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً،

اور ہمیں دنیا میں بہترین زندگی دے اور آخرت میں خوش ترین اجر عطا کر

وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ الْحَرِيْقِ،

اور ہمیں جلانے والی آگ کی سختی سے بچا

وَارْزُقْنِيْ فِيْهَا ذِكْرَكَ وَشُكْرَكَ وَالرَّغْبَةَ اِلَيْكَ،

اور اس مہینے میں توفیق دے کہ تیرے ذکر کی تیرے شکر کی تیری طرف توجہ کی

وَالْاِنَابَةَ وَالتَّوْفِيْقَ لِمَا وَفَّقْتَ لَهٗ

اور تیرے حضور توبہ کروں اور مجھے توفیق دے اس عمل کی جس کی توفیق دی

مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمُ السَّلَامُ.

تو نے محمدؐ اور آل محمدؑ کو سلام ہو آنحضرتؐ پر اور اُن کی آل پر

تیئیسویں شب کی دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ كُنْ لِوَلِيِّكَ الْحُجَّةِ بْنِ الْحَسَنِ

اے معبود محافظ بن جا اپنے دوست حجۃ القائم ع بن حسن ع کا

صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰبَآئِهٖ

تیری رحمت نازل ہو ان پر اور ان کے باپ داداؤں پر

فِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ وَفِيْ كُلِّ سَاعَةٍ

اس لمحہ میں اور ہر آنے والے لمحہ میں بن جا

وَّلِيًّا وَّحَافِظًا وَّقَآئِدًا وَّنَاصِرًا وَّدَلِيْلاً وَّعَيْنًا

اس کا مددگار نگہبان پیشوا حامی رہنما اور نگہدار

حَتّٰی تُسْكِنَهٗ اَرْضَكَ طَوْعًا

یہاں تک کہ تو لوگوں کی چاہت سے انہیں زمین کی حکومت دے

وَّتُمَتِّعَهٗ فِيْهَا طَوِيْلاً .

اور مدتوں اس پر برقرار رکھ

پھر یہ کہے:

يَا مُدَبِّرَ الْاُمُوْرِ، يَا بَاعِثَ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ،

اے کاموں کو منظم کرنے والے اے قبروں سے اٹھا کھڑا کرنے والے

يَا مُجْرِيَ الْبُحُوْرِ يَا مُلَيِّنَ الْحَدِيْدِ لِدَاوُدَ

اے دریاؤں کو رواں کرنے والے اے داؤد کے لیے لوہے کو موم بنانے والے

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّافْعَلْ بِيْ كَذَا وَكَذَا . اَللَّيْلَةَ اللَّيْلَةَ،

رحمت نازل فرما سرکار محمدؐ و آل محمدؐ پر اور کر دے میرے لیے ______ حاجات ______ اسی رات اسی رات

(کذا و کذا کی بجائے اپنی حاجت طلب کرے)

اس دعا کو (یَا مُدَبِّرَ الْاُمُوْرِ سے اللَّيْلَةَ) پڑھتے وقت اپنے ہاتھوں کو بلند کرے

اس دعا کو حالت رکوع سجدہ قیام اور قعود میں بار بار پڑھے۔ علاوہ ازیں اس دعا کو ماہ رمضان کی آخری رات میں پڑھے۔

چوبیسویں شب کی دعا:

يَا فَالِقَ الْاِصْبَاحِ وَجَاعِلَ اللَّيْلِ سَكَنًا

اے صبح کی سفیدی کو ظاہر کرنے والے اے رات کے وقت کو آرام بنانے والے

وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا،

اور سورج اور چاند کو رواں کرنے والے

يَاعَزِيزُ يَاعَلِيمُ يَاذَا الْمَنِّ وَالطَّوْلِ

اے زبردست اے دانا اے احسان و نعمت والے

وَالْقُوَّةِ وَالْحَوْلِ وَالْفَضْلِ وَالْاِنْعَامِ

اے قوت و حرکت کے مالک اے مہربانی و عطا کرنے والے

وَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ، يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ

اے جلالت اور بزرگی والے اے اللہ اے رحمان

يَا اَللّٰهُ يَا فَرْدُ يَا وِتْرُ يَا اَللّٰهُ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ، يَا حَيُّ

اے اللہ اے تنہا اے یکتا اے اللہ اے ظاہر اے باطن اے زندہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ لَكَ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى،

کہ نہیں کوئی معبود مگر تو ہے تیرے لیے اچھے

وَالْاَمْثَالُ الْعُلْيَا، وَالْكِبْرِيَآءُ وَالْاٰلَآءُ،

بلند ترین نمونے اور تیرے ہی لیے ہیں بڑائیاں اور مہربانیاں

اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ رحمت نازل فرما سرکار محمدؐ اور آل محمدؐ پر

وَّاَنْ تَجْعَلَ اسْمِيْ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ فِي السُّعَدَآءِ،

اور یہ کہ آج کی رات میں میرا نام نیکوکاروں میں شمار کر

وَرُوْحِيْ مَعَ الشُّهَدَآءِ، وَاِحْسَانِيْ فِيْ عِلِّيِّيْنَ،

میری روح کو شہیدوں کے ساتھ قرار دے میری اطاعت کو مقام علیین میں پہنچا

وَاِسَائَتِيْ مَغْفُوْرَةً،

اور میری برائی کو معاف شدہ قرار دے

وَّاَنْ تَهَبَ لِيْ يَقِيْنًا تُبَاشِرُ بِهٖ قَلْبِيْ،

اور یہ کہ مجھے وہ یقین عطا کر جو میرے دل میں بسا رہے

وَاِيْمَانًا يُّذْهِبُ بِالشَّكِّ عَنِّيْ،

اور وہ ایمان دے کہ جو شک کو مجھ سے دور کر دے

وَ رِضًیٰ بِمَا قَسَمْتَ لِیْ،

اور مجھے راضی بنا اس پر جو حصہ تونے مجھے دیا ہے

وَ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً، وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً،

اور ہمیں دنیا میں بہترین زندگی دے اور آخرت میں خوش ترین اجر عطا کر

وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ الْحَرِیْقِ،

اور ہمیں جلانے والی آگ کی سختی سے بچا

وَ ارْزُقْنِیْ فِیْهَا ذِكْرَكَ وَ شُكْرَكَ وَ الرَّغْبَةَ اِلَیْكَ،

اور اس مہینے میں توفیق دے کہ تیرے ذکر کی تیرے شکر کی تیری طرف توجہ رکھوں

وَ الْاِنَابَةَ وَ التَّوْفِیْقَ لِمَا وَفَّقْتَ لَهٗ

اور تیرے حضور توبہ کروں اور مجھے توفیق دے اس عمل کی جس کی توفیق دی

مُحَمَّدًا وَّ اٰلَ مُحَمَّدٍ صَلَوَاتُكَ عَلَیْهِ وَعَلَیْهِمْ

تونے محمدؐ اور آل محمدؐ کو تیری رحمت ہو آنحضرت پر اور ان کی ساری آل پر

پچیسویں شب کی دعا :

یَا جَاعِلَ اللَّیْلِ لِبَاسًا، وَّ النَّهَارِ مَعَاشًا،

اے بنانے والے رات کو پردہ دن کو وقت کاروبار

وَّ الْاَرْضِ مِهَادًا، وَّ الْجِبَالِ اَوْتَادًا،

زمین کو جائے آرام اور پہاڑوں کو میخیں بنانے والے

